لسان القرآن

الجزء الثاني

المؤلفون

أساتذة مدرسة عائشة الصديقة رضي الله عنها

جلستان جوهر كراتشى باكستان

مكتبة البشرى

كراتشي - باكستان

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝

لِسَانُ القُرآن

الجزء الثاني

المؤلفون

أساتذة مدرسة عائشة الصديقة رضي الله عنها

جلستان جوهر كراتشي باكستان

مكتبة البشرى
للطباعة والنشر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اسم الكتاب : لسان القرآن (الجزء الثانی)	المؤلفون
الطبعة الأولى : ١٤٢٧هـ/ ٢٠٠٦ء	أساتذة مدرسة عائشة الصديقة ﵂
الطبعة الجديدة : ١٤٣٢هـ/ ٢٠١١ء	جلستان جوهر، كراتشي- باكستان
عدد الصفحات : ٣٦٠	السعر: =/260روبية

مكتبة البشرى

للطباعة والنشر والتوزيع

AL-BUSHRA PUBLISHERS

Choudhri Mohammad Ali Charitable Trust (Regd.)

Z-3, Overseas Bungalows Gulistan-e-Jouhar, Karachi- Pakistan

الهاتف: +92-21-34541739, +92-21-37740738

الفاكس: +92-21-34023113

الموقع على الإنترنت: www.maktaba-tul-bushra.com.pk

www.ibnabbasaisha.edu.pk

البريد الإلكتروني: al-bushra@cyber.net.pk

يطلب من

مكتبة البشرىٰ، كراتشي. باكستان +92-321-2196170

مكتبة الحرمين، اردو بازار، لاهور. +92-321-4399313

المصباح، ١٦- اردو بازار، لاهور. +92-42-7124656,7223210

بك لينڈ، سٹي پلازہ كالج روڈ، راولپنڈی. +92-51-5773341, 5557926

دار الإخلاص، نزد قصه خوانی بازار، پشاور. +92-91-2567539

مكتبة رشيدية، سركي روڈ، كوئٹه. +92-333-7825484

وأيضًا يوجد عند جميع المكتبات المشهورة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فهرس الموضوعات

الموضوع	الصفحة
الدرس الأول: أَبْوَابُ الثُّلاثِي المُجَرَّد	٥
الدرس الثاني: فِعْلُ الأمْر	٢٩
الدرس الثالث: تَعْرِيْفَات أَوَّلِيَّة	٣٦
الدرس الرابع: المَهْمُوز	٣٨
الدرس الخامس: المُضَعَّف	٤٩
الدرس السادس: المِثَال	٦٣
الدرس السابع: الأجْوَف	٧٦
الدرس الثامن: النَّاقِص	٩١
الدرس التاسع: اللَّفِيْف	١٠٩
الدرس العاشر: إعْرَابُ الفِعْلِ المُضَارِع	١١٧
الدرس الحادي عشر: الأدوات التي تجزم فعْلَين	١٣٤
الدرس الثاني عشر: المُضَارِعُ المَنْصوبُ	١٤٥
الدرس الثالث عشر: الفِعْلُ المَبْنِيُّ لِلْمَجْهُولِ	١٥٧
أبواب الفعل المزيد	
المزيد بحَرْفٍ وَاحِدٍ	
الدرس الرابع عشر: (١) بابُ الإفْعَالِ	١٦٦
الدرس الخامس عشر: (٢) بابُ التَّفْعِيْل	١٨٢

الموضوع	الصفحة
الدرس السادس عشر: (٣) بابُ المُفَاعَلَة	١٩٥
المَزِيْدُ بِحَرْفَيْنِ	
الدرس السابع عشر: (١) بَابُ التَّفَعُّل	٢٠٨
الدرس الثامن عشر: (٢) بابُ الافْتِعَال	٢٢٠
الدرس التاسع عشر: (٣) بابُ الانْفِعَال	٢٣٣
الدرس العشرون: (٤) باب التَّفَاعُل	٢٤٠
الدرس الحادي والعشرون:(٥) بابُ الافْعِلال	٢٥٢
المزيد بثلاثَةِ أَحْرُفٍ	
الدرس الثاني والعشرون: بابُ الاسْتِفْعَال	٢٥٥
الدرس الثالث والعشرون: الرُّبَاعِي المُجَرَّد	٢٦٨
الدرس الرابع والعشرون: المَصْدَر	٢٧٤
الدرس الخامس والعشرون: اسْمُ الفَاعِل	٢٨٠
الدرس السادس والعشرون: اسْمُ المَفْعُول	٢٩٨
الدرس السابع والعشرون: الحَال	٣١٣
الدرس الثامن والعشرون: المَفْعُولُ المُطْلَق	٣٢٧
الدرس التاسع والعشرون: المفعول لأجْلِه	٣٣٤
الدرس الثلاثون: التَّمْيِيز	٣٤٠

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الأول

أبواب الثلاثي المُجَرَّد[1]

الأمثلة:

الماضي	المضارع	حركة العين
		الماضي ، المضارع
١۔نَصَرَ	يَنْصُرُ	(ـَـ) ، (ـُـ)
٢۔فَتَحَ	يَفْتَحُ	(ـَـ) ، (ـَـ)
٣۔ضَرَبَ	يَضْرِبُ	(ـَـ) ، (ـِـ)
٤۔فَرِحَ	يَفْرَحُ	(ـِـ) ، (ـَـ)
٥۔حَسِبَ	يَحْسِبُ	(ـِـ) ، (ـِـ)
٦۔كَرُمَ	يَكْرُمُ	(ـُـ) ، (ـُـ)

شرح وتفصیل:

"الجزء الأول" میں یہ بات گزر چکی ہے کہ فعل ماضی کا حرف فاء اور حرف لام دونوں مفتوح ہوتے ہیں جبکہ حرف عین کی حرکت سماع پر موقوف ہوتی ہے۔اس پر (ـُـ) بھی آسکتا ہے، (ـَـ) بھی اور (ـِـ) بھی۔

كيفية صوغ المضارع من الماضي:

۱۔فعل ماضی سے فعل مضارع بنانا ہوتو سب سے پہلے حرف فاء سے پہلے "ا، ت، ي، ن" میں سے کوئی حرف لگا کر حرف فاء کو ساکن کردیا جاتا ہے[2]۔ یہ چاروں حروف "حروف المضارعة" کہلاتے ہیں۔ان کا تعلق صیغوں سے ہے۔غائب کے صیغوں کے شروع میں یاء آتی ہے، مفرد مؤنث غائب اور تثنی مؤنث غائب کے شروع میں تاء آتی ہے۔مخاطب کے تمام صیغے

(۱) ثلاثی مجرد وہ افعال ہیں جن میں حروف اصلیہ تین ہوتے ہیں۔ (۲) ان حروف کو سہولت کے لئے حروف "أتَيْن" بھی کہا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تاء سے شروع ہوتے ہیں، مفرد متکلم کا صیغہ ہمزہ اور جمع متکلم کا صیغہ نون سے شروع ہوتا ہے۔ فعل ثلاثی کے حروف المضارعة پر ہمیشہ فتحہ آتا ہے[1]۔

۲۔ ماضی کی طرح مضارع میں بھی حرف عین کی حرکت سماع پر موقوف ہے، یہ حرکت (ـُ)، (ـَ)، (ـِ) میں سے کچھ بھی ہوسکتی ہے۔

۳۔ مضارع کے حرف لام پر جو ضمہ نظر آرہا ہے وہ اعرابی ہے، کیونکہ فعل مضارع مُعرَب ہوتا ہے[2]۔ یہ ضمہ بعض حالات میں فتحہ میں اور بعض حالات میں سکون میں بدل جاتا ہے۔

فعل مضارع: حال اور مستقبل دونوں پر دلالت کرتا ہے، پس "أَذْهَبُ إِلَى الْمَكْتَبَةِ" کے معنی ''میں کتب خانہ جارہا ہوں'' بھی لئے جاسکتے ہیں اور ''میں کتب خانہ جاؤں گا'' بھی۔

كيفية تعيين أبواب الثلاثي المجرد:

کسی ثلاثی مجرد فعل کا باب متعین کرنے کیلئے ماضی اور مضارع دونوں میں حرف عین کی حرکت کو دیکھا جاتا ہے۔

۱۔ وہ تمام افعال جنکے ماضی کے حرف عین پر فتحہ اور مضارع کے حرف عین پر ضمہ ہو ایک باب کے تحت آئیں گے۔ اس باب کی شناخت کے لئے مثال کے طور پر نَصَرَ کو پیش کیا جاتا ہے اگر یہ کہا جائے کہ کوئی فعل باب نَصَرَ سے ہے تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ نَصَرَ کی طرح اس فعل کا بھی حرف عین ماضی میں مفتوح اور مضارع میں مضموم ہوتا ہے:

كَتَبَ، يَكْتُبُ عَبَدَ، يَعْبُدُ شَكَرَ، يَشْكُرُ دَرَسَ، يَدْرُسُ

۲۔ اسی طرح وہ تمام افعال جنکے ماضی اور مضارع دونوں میں حرف عین مفتوح ہو باب فَتَحَ کے تحت آئیں گے:

ذَهَبَ، يَذْهَبُ نَجَحَ، يَنْجَحُ رَكَعَ، يَرْكَعُ قَرَأَ، يَقْرَأُ

۳۔ وہ تمام افعال جنکے ماضی میں حرف عین مفتوح اور مضارع میں مکسور ہو باب ضَرَبَ کے تحت آئیں گے:

غَسَلَ، يَغْسِلُ عَرَفَ، يَعْرِفُ رَجَعَ، يَرْجِعُ جَلَسَ، يَجْلِسُ

۴۔ وہ افعال جنکے ماضی میں حرف عین مکسور اور مضارع میں مفتوح ہو باب فَرِحَ کے تحت آئیں گے:

سَمِعَ، يَسْمَعُ ضَحِكَ، يَضْحَكُ كَرِهَ، يَكْرَهُ فَهِمَ، يَفْهَمُ

(۱) مندرجہ بالا نقشہ میں تمام صیغے مفرد مذکر غائب کے ہیں۔ (۲) اسماء کی طرح افعال کے بھی اعراب ہوتے ہیں افعال میں فعل ماضی اور فعل امر دونوں مبنی ہوتے ہیں جبکہ فعل مضارع معرب ہوتا ہے۔ اس کے اعراب کی تین صورتیں ہیں: مرفوع، منصوب اور مجزوم، تفصیل انشاء اللہ آگے آئے گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۵۔ وہ افعال جنکے ماضی اور مضارع دونوں میں حرف عین مکسور ہو، باب حَسِبَ کے تحت آتے ہیں:

نَعِمَ يَنْعِمُ

۶۔ وہ افعال جنکے ماضی اور مضارع دونوں میں حرف عین مضموم ہو باب کَرُمَ سے تعلق رکھتے ہیں:

بَعُدَ، يَبْعُدُ قَرُبَ، يَقْرُبُ جَمُلَ، يَجْمُلُ حَسُنَ، يَحْسُنُ

عربی زبان کے بیشتر ثلاثی افعال پہلے چار ابواب سے تعلق رکھتے ہیں کَرُمَ کے تحت کم اور حَسِبَ کے تحت بہت ہی کم افعال آتے ہیں۔

التمرين ـ ١

باب دیکھ کر مندرجہ ذیل افعال ماضیہ کے مضارع بتایئے:

باب نَصَرَ

خَرَجَ، حَكَمَ، قَتَلَ، حَصَلَ، كَتَبَ، دَرَسَ، خَلَقَ، نَظَرَ، ذَكَرَ، سَجَدَ، بَلَغَ، قَعَدَ، طَلَبَ، سَقَطَ، تَرَكَ، حَرَثَ، هَرَبَ، سَكَتَ، مَكَثَ، رَقَدَ.

باب ضَرَبَ

غَلَبَ، كَسَرَ، غَفَرَ، رَجَعَ، صَبَرَ، عَقَلَ، ظَلَمَ، هَزَمَ، جَلَسَ، كَذَبَ، عَرَفَ، سَرَقَ، هَلَكَ، عَدَلَ، نَزَلَ، غَسَلَ، حَمَلَ، كَشَفَ، كَسَبَ، قَصَدَ.

باب فَرِحَ

رَحِمَ، شَرِبَ، سَخِرَ، لَبِثَ، حَمِدَ، شَهِدَ، لَبِسَ، حَفِظَ، ضَحِكَ، سَمِعَ، فَهِمَ، عَلِمَ، كَرِهَ، شَبِعَ، فَزِعَ، جَزِعَ، قَدِمَ، بَخِلَ، تَبِعَ، لَعِبَ.

باب فَتَحَ

ذَهَبَ، مَدَحَ، بَحَثَ، رَكَعَ، خَدَعَ، جَحَدَ، رَفَعَ، قَطَعَ، مَنَعَ، جَعَلَ، قَرَأَ، قَرَعَ، دَفَعَ، زَرَعَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

باب كَرُمَ

قَرُبَ، بَعُدَ، كَثُرَ، سَهُلَ، صَعُبَ، كَبُرَ، صَغُرَ، شَرُفَ، عَظُمَ، بَصُرَ، حَلُمَ، جَبُنَ، عَذُبَ، حَسُنَ، قَبُحَ، حَرُمَ، طَهُرَ، شَعُرَ، ضَعُفَ، جَمُلَ.

صيغ المفرد

الأمثلة:

المذكر الغائب	زيدٌ يَذْهَبُ	يَذْهَبُ: فعل مضارع+ ضمير مستتر (هو) فاعل[1]
	يَذْهَبُ زيدٌ	يَذْهَبُ: فعل مضارع+ زيدٌ: فاعل مرفوع بالضمة
المؤنث الغائب	عائشةُ تَذْهَبُ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ ضمير مستتر (هي): فاعل
	تَذْهَبُ عائشةُ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ عائشة: فاعل مرفوع بالضمة
المذكر المخاطب	أنتَ تَذْهَبُ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ ضمير مستتر (أنتَ): فاعل
المؤنث المخاطب	أنتِ تَذهَبِينَ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ ياء المخاطبة: فاعل+ نون الرفع
المذكر والمؤنث المتكلم	أنا أذهَبُ	أذهَبُ: فعل مضارع+ ضمير مستتر (أنا): فاعل

شرح وتفصیل:

مفرد مذکر غائب کا صیغہ: فعل ماضی سے پہلے یائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے:

ذَهَبَ سے يَذْهَبُ　　خَرَجَ سے يَخْرُجُ

مفرد مؤنث غائب کا صیغہ: فعل ماضی سے پہلے تائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے:

ذَهَبَ سے تَذْهَبُ　　خَرَجَ سے تَخْرُجُ

مفرد مذکر مخاطب کا صیغہ: فعل ماضی سے پہلے تائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے:

ذَهَبَ سے تَذْهَبُ　　خَرَجَ سے تَخْرُجُ

(١) زيد يَذْهَبُ: زَيْدٌ: مبتدأ مَرْفُوْعٌ بِالضَّمَّةِ، يَذْهَبُ: جُمْلَةٌ فِعْلِيَّةٌ خَبَرٌ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مفرد مؤنث مخاطب کا صیغہ: فعل ماضی سے پہلے تائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے اور اسکے حرف لام کے بعد ایک یاء لگادی جاتی ہے (یاء المخاطبة) جو مفرد مؤنث مخاطب کی ضمیر ہے۔ حرف لام کو یاء کی مناسبت سے کسرہ دے دیا جاتا ہے۔ یاء کے بعد ایک نون مفتوحہ کا اضافہ کردیا جاتا ہے جو کہ اعرابی ہے (رفع کی حالت میں برقرار رہتا ہے، نصب اور جزم کی حالت میں حذف کردیا جاتا ہے):

ذَهَبَ سے تَذْهَبِين خَرَجَ سے تَخْرُجِين

مفرد متکلم (مذکر و مؤنث) کا صیغہ: فعل ماضی سے پہلے ہمزہ مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے:

ذَهَبَ سے اَذْهَبُ خَرَجَ سے اَخْرُجُ

	الماضي	المضارع
المفرد الغائب	ذَهَبَ	يَذْهَبُ
	ذَهَبَتْ	تَذْهَبُ
المفرد المخاطب	ذَهَبْتَ	تَذْهَبُ
	ذَهَبْتِ	تَذْهَبِينَ
المفرد المتكلم	ذَهَبْتُ	أَذْهَبُ

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں میں "خالد" کے بجائے پہلے فاطمة پھر أنتَ، أنتِ اور أنَا لگا کر فعل کا صیغہ بدلئے:

نموذج: ١ ـ خَالِدٌ يَكْتُبُ الدَّرْسَ.

فَاطِمَةُ تَكْتُبُ الدَّرْسَ. أنتَ تَكْتُبُ الدَّرْسَ.

أنتِ تَكْتُبِيْنَ الدَّرْسَ. أنَا أَكْتُبُ الدَّرْسَ.

٢ ـ خَالِدٌ يَنْدَمُ عَلَى فِعْلَتِهِ. ٣ ـ خَالِدٌ يَشْعُرُ بِمَغْصٍ شَدِيْدٍ فِي بَطْنِهِ.

٤ ـ خَالِدٌ يَكْرَهُ الْمُتَمَلِّقِيْنَ. ٥ ـ خَالِدٌ يَبْعَثُ بِهَدَايَا إِلَى أَبْنَائِهِ الصِّغَارِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٦۔ خَالِدٌ يَصْبِرُ عَلَى الشَّدَائِدِ.
٧۔ خَالِدٌ يَسْمَحُ لِابْنَتِهِ بِزِيَارَةِ الصَّدِيْقَاتِ.
٨۔ خَالِدٌ يَطْبُخُ الأُرُزَّ وَالسَّمَكَ.
٩۔ خَالِدٌ يَنْصَحُ أَخَاهُ بِالجِدِّ فِي الدِّرَاسَةِ.
١٠۔ خَالِدٌ يَلْبَسُ ثِيَابَهُ الْجَدِيْدَةَ.
١١۔ خَالِدٌ يَفْتَحُ الشَّبَابِيْكَ وَيَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ.
١٢۔ خَالِدٌ يَقْرَعُ الْبَابَ وَيَدْخُلُ.
١٣۔ خَالِدٌ يَعْلَمُ جَيِّدًا أَنَّ هٰذِهِ الْكُتُبَ نَافِعَةٌ.
١٤۔ خَالِدٌ يَحْفَظُ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ.
١٥۔ خَالِدٌ يَأْخُذُ الْمِمْسَحَةَ وَ يَمْسَحُ السَّبُّوْرَةَ.
١٦۔ خَالِدٌ يَأْذَنُ لِخَادِمِهِ بِالدُّخُوْلِ.
١٧۔ خَالِدٌ يَغْضَبُ عَلَى أَخِيْهِ الصَّغِيْرِ وَيَضْرِبُهُ.
١٨۔ خَالِدٌ يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ لِلّٰهِ تَعَالَى.
١٩۔ خَالِدٌ يَمْكُثُ عِنْدَ خَالِهِ فِي إِجَازَةِ الصَّيْفِ.
٢٠۔ خَالِدٌ يَخْرُجُ لِلنُّزْهَةِ كُلَّ مَسَاءٍ.
٢١۔ خَالِدٌ يَدْخُلُ فِي حُجْرَةِ الدَّرْسِ وَيَقْعُدُ فِي مَكَانِهِ.
٢٢۔ خَالِدٌ يَغْسِلُ يَدَيْهِ وَيَأْكُلُ الْفُطُوْرَ.
٢٣۔ خَالِدٌ يَرْكَبُ فِي الْحَافِلَةِ وَيَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ.
٢٤۔ خَالِدٌ يَقْصُدُ الطَّبِيْبَ لِأَنَّهُ مَرِيْضٌ.
٢٥۔ خَالِدٌ يَسْقُطُ مِنَ الشَّجَرَةِ وَيَصْرُخُ بِأَعْلَى صَوْتِهِ.
٢٦۔ خَالِدٌ يَشْكُرُ اللّٰهَ تَعَالَى وَلَا يَكْفُرُهُ.
٢٧۔ خَالِدٌ يَرْحَلُ فِي الشَّهْرِ الْقَادِمِ إِلَى جَامِعَةِ الْأَزْهَرِ.
٢٨۔ خَالِدٌ يَلْعَبُ كُرَةَ الْقَدَمِ مَعَ زُمَلَائِهِ.
٢٩۔ خَالِدٌ يَقْرَأُ الصُّحُفَ كُلَّ صَبَاحٍ قَبْلَ الْخُرُوْجِ مِنَ الْبَيْتِ.
٣٠۔ خَالِدٌ يَشْرَبُ الْقَهْوَةَ بِدُوْنِ السُّكَّرِ.
٣١۔ خَالِدٌ يَحْسَبُ أَنَّ الاقْتِصَادَ الْعَالَمِيَّ عَلَى وَشْكِ الْإِنْهِيَارِ.
٣٢۔ خَالِدٌ يَنْزَعُ حِذَائَهُ وَيَرْقُدُ عَلَى سَرِيْرِهِ.
٣٣۔ خَالِدٌ يَفْهَمُ مُحَاضَرَةَ الْأُسْتَاذِ وَيَكْتُبُ الْكَلِمَاتِ الصَّعْبَةَ فِي كُرَّاسَتِهِ.
٣٤۔ خَالِدٌ يَمْنَعُ أَبْنَائَهُ عَنْ صُحْبَةِ الأَشْرَارِ.
٣٥۔ خَالِدٌ يَحْزَنُ عَلَى الَّذِيْنَ هُمْ غَافِلُوْنَ عَنِ الْآخِرَةِ فَيَنْصَحُهُمْ.

التمرين ۔ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں افعال ماضیہ کو افعال مضارعہ میں تبدیل کیجئے:

نموذج:١۔ مَا فَهِمَتْ خَدِيْجَةُ الْمَسْأَلَةَ فَسَأَلَتِ الْأُسْتَاذَ.

لَا تَفْهَمُ خَدِيْجَةُ الْمَسْأَلَةَ فَتَسْأَلُ الْأُسْتَاذَ.

٢۔ فَهِمَ خَلِيْلٌ الدَّرْسَ.
٣۔ سَمِعَ الطَّالِبُ نُصْحَ أُسْتَاذِهِ وَعَمِلَ بِهَا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ـ سَكَنَ الْبَدْوُ الفَلَاةَ.

٥ـ طَلَبْتُ العَفْوَ وَالْمَغْفِرَةَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى.

٦ـ أَعَبَسْتَ فِي وَجْهِ الْفَقِيْرِ؟

٧ـ جَعَلَ الإِسْلَامُ الإِنْسَانَ فِي رِعَايَةِ رَبِّهِ.

٨ـ ظَهَرَ الحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ.

٩ـ جَمَعَ زَيْدٌ الرِّمَاحَ وَقَذَفَ وَاحِدًا مِنْهَا.

١٠ـ مَا رَفَضَ زَيْدٌ رَأْيَ صَدِيْقِهِ.

١١ـ دَفَنَ الرَّجُلُ مَالَهُ تَحْتَ شَجَرَةٍ عَظِيْمَةٍ.

١٢ـ أَ نَقَضْتَ الْعَهْدَ بَعْدَ مِيْثَاقِهِ؟

١٣ـ شَرَحْتُ لَكَ الدَّرْسَ لٰكِنَّكَ مَا فَهِمْتَ.

١٤ـ عَطَفَ الْقَاضِي عَلَى الْجَانِي.

١٥ـ رَفَعَ الإِسْلَامُ العَزَائِمَ إِلٰى بِنَاءِ عَظَمَةٍ خَالِدَةٍ.

١٦ـ هَزَمَ الْمُسْلِمُوْنَ جُنُوْدَ الكُفَّارِ.

١٧ـ غَرَسَ الْبُسْتَانِيُّ أَشْجَارَ البُرْتُقَالِ فِي حَدِيْقَتِنَا.

١٨ـ مِمَّنْ أَخَذْتَ الْعِلْمَ يَا أَحْمَدُ؟

١٩ـ لِمَاذَا تَرَكْتَ الأَدْوِيَةَ فِي مُتَنَاوَلِ الأَطْفَالِ؟

٢٠ـ طَلَبَ الْمُدِيْرُ حَامِدًا وَصَدِيْقَهُ.

٢١ـ لِمَنْ تَرَكْتَ هٰذِهِ الْكُتُبَ، أَ مَا عَرَفْتَ أَنَّهَا لَكَ؟

٢٢ـ مَا كَذَبْتُ وَمَا خَدَعْتُ أَحَدًا.

٢٣ـ ضَبَطَ الإِسْلَامُ حَيَاةَ الْمُسْلِمِ مِنْ مِيْلَادِهِ إِلَى مَمَاتِهِ.

٢٤ـ رَكِبَ خِضْرُ السَّفِيْنَةَ وَخَرَقَهَا.

٢٥ـ كَمْ حَفِظْتِ مِنْ أَبْيَاتِ هٰذِهِ الْقَصِيْدَةِ يَا خَدِيْجَةُ؟

٢٦ـ ضَرَبَ الْجُنْدِيُّ السَّارِقَ بِالعَصَا.

٢٧ـ قَلِقْتُ جِدًّا عَلَى أَخِي الَّذِي هُوَ مَفْقُوْدٌ مُنْذُ يَوْمَيْنِ.

٢٨ـ حَطَمَ الإِسْلَامُ قِلَاعَ الْجَاهِلِيَّةِ.

٢٩ـ هٰذَا هُوَ الْأُسْتَاذُ الَّذِي دَرَسْتُ عَلَيْهِ "الفِقْهَ الإِسْلَامِيَّ".

٣٠ـ أَ عَلِمْتَ بِنَجَاحِي فِي الِامْتِحَانِ؟

٣١ـ فَوْرَ دُخُوْلِي فِي الْبَيْتِ أَمَرْتُ الْخَادِمَةَ بِإِعْدَادِ الطَّعَامِ.

٣٢ـ قَرَأَ الطَّالِبُ الدَّرْسَ بِصَوْتٍ عَالٍ.

٣٣ـ خَطَبَ الإِمَامُ الْحَاضِرِيْنَ وَنَصَحَهُمْ بِامْتِثَالِ أَوَامِرِ اللّٰهِ.

٣٤ـ أَ شَرِبْتَ القَهْوَةَ العَرَبِيَّةَ فِي الصَّبَاحِ؟

٣٥ـ نَصَرَ اللّٰهُ الْمُسْلِمِيْنَ مَعَ قِلَّتِهِمْ فِي الْحَرْبِ مَعَ الكُفَّارِ.

٣٦ـ سَمِعْتُ صَوْتَ صَدِيْقَتِي عَلَى الْبَابِ وَأَذِنْتُ لَهَا بِالدُّخُوْلِ.

٣٧ـ أَخَذَتِ الطِّفْلَةُ الصَّغِيْرَةُ قَارُوْرَةَ الأَقْرَاصِ وَأَكَلَتْ مِنْهَا قُرْصَيْنِ.

٣٨ـ كَنَسَتْ خَدِيْجَةُ أَرْضَ الْبَيْتِ وَطَرَحَتِ الْمِكْنَسَةَ فِي زَاوِيَةِ الْغُرْفَةِ.

٣٩ـ غَضِبَ الأُسْتَاذُ عَلَى الطَّالِبِ الْكَسْلَانِ وَأَمَرَهُ بِالخُرُوْجِ مِنَ الفَصْلِ.

٤٠ـ بَعَثَتْ عَائِشَةُ بِهَدِيَّةٍ رَائِعَةٍ إِلٰى أُخْتِهَا بِمُنَاسَبَةِ نَجَاحِهَا فِي الِامْتِحَانِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ۔ ۳

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ کیا آپ کل بازار جائیں گی؟

۲۔ کیا آپ اولاد کی دینی تربیت کی خواہاں ہیں؟

۳۔ آپ مصر میں کتنے دن رہیں گی؟

۴۔ میں شام کی پرواز پر دو سیٹیں بک کرا رہا ہوں۔

۵۔ استاذ طلباء کی سستی پر پریشان ہے۔

۶۔ کیا آپ جانتے نہیں کہ امتحان اگلے مہینے ہے؟

۷۔ آپ فقراء کی مدد کے خواہشمند ہیں؟

۸۔ کیا آپ اپنے بچوں کو نکلنے کی اجازت دیتی ہیں؟

۹۔ عائشہ سورۂ یاسین حفظ کر رہی ہے۔

۱۰۔ زید دائیں بائیں دیکھتا ہے پھر سڑک پار کرتا ہے۔

۱۱۔ کیا آپ مصائب پر صبر کریں گے؟

۱۲۔ میں اپنے دوست کی استاذ سے سفارش کروں گا۔

۱۳۔ فاطمہ اس شہر میں کسی کو نہیں جانتی۔

۱۴۔ سڑکیں سنسان ہیں، کیونکہ کل سے بارش برس رہی ہے۔

۱۵۔ آپ میرا عذر کیوں نہیں قبول کر رہے؟

۱۶۔ زید اپنی کتابیں ڈھونڈ رہا ہے جو کل سے کھوئی ہوئی ہیں۔

۱۷۔ آپ حج کیلئے مکہ کب سفر کر رہے ہیں؟

۱۸۔ آپ پڑھائی میں اپنے آپ پر کیوں نہیں اعتماد کرتے؟

۱۹۔ حامد اپنے والدین کی خدمت کرتا ہے۔

۲۰۔ عائشہ اس باغ سے ایک لال گلاب کا پھول توڑے گی۔

۲۱۔ زید اس بھاری بوجھ کو نہیں اٹھا سکتا۔

۲۲۔ سلیم نیک آدمی ہے وہ کسی کے کردار پر نکتہ چینی نہیں کرتا۔

۲۳۔ میں فقیر کو کپڑوں کا ایک نیا جوڑا دوں گا۔

۲۴۔ خالد ایک کریم النفس آدمی ہے وہ کسی کا مذاق نہیں اڑاتا۔

۲۵۔ کیا آپ دنیائے فانی کی لالچ رکھتے ہیں؟

۲۶۔ میں کام کے بعد تھک جاتا ہوں اور بستر پر لیٹ جاتا ہوں۔

۲۷۔ آپ مدرسہ مقررہ وقت پر کیوں نہیں پہنچتیں؟

۲۸۔ میں آج مدرسہ نہیں جاؤں گا، کیونکہ میرے والد بیمار ہیں۔

۲۹۔ مریض گولیاں دودھ کے ساتھ نگل لیتا ہے۔

۳۰۔ استاد سبق کی شرح کرتا ہے اور مشکل الفاظ تختہ سیاہ پر لکھتا ہے۔

۳۱۔ کیا آپ ضعفاء اور مساکین پر رحم کھاتی ہیں؟

۳۲۔ میں کھانے سے فارغ ہونے کے بعد اپنی انگلیاں چاٹتا ہوں۔

۳۳۔ خالد بچوں کا کھیل دیکھ رہا ہے اور ہنس رہا ہے۔

۳۴۔ جب وقفہ شروع ہوتا ہے تو طالب علم درسگاہوں سے نکلتے ہیں۔

۳۵۔ کیا آپ امتحان کے نتیجہ پر خوش ہو رہے ہیں؟

۳۶۔ سلیم گھڑی کی طرف دیکھتا ہے اور چلاّتا ہے ''سفر کا وقت آ گیا!''۔

۳۷۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کی مدد کرتے ہیں جو اس کے بندوں کی مدد کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۸۔ میں نے دونوں لڑکیوں سے پوچھا: ''کیا آپ کا بھائی آپ کی مدد کرے گا؟''

۳۹۔ میں روزانہ سیر کے لئے اس باغ میں جاتا ہوں جو آپ کے گھر کے سامنے ہے۔

۴۰۔ آپ کیوں پریشان ہیں، کیا آپ کو پتہ نہیں کہ ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہوتی ہے؟

صيغ المثنى

الأمثلة:

المذكر الغائب	يَذْهَبُ الطَّالِبَانِ	يَذْهَبُ: فعل مضارع+ الطَّالِبَانِ: فاعل مرفوع بالألف
	الطَّالِبَانِ يَذْهَبَانِ	يَذْهَبُ: فعل مضارع+ ألف الاثنين: فاعل+ نون الرفع
المؤنث الغائب	تَذْهَبُ الطَّالِبَتَانِ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ الطالبتان: فاعل مرفوع بالألف
	الطَّالِبَتَانِ تَذْهَبَانِ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ ألف الاثنين: فاعل+ نون الرفع
المذكر و المؤنث المخاطب	أَنْتُمَا تَذْهَبَانِ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ ألف ا لاثنين: فاعل+ نون الرفع
المذكر والمؤنث المتكلم	نَحْنُ نَذْهَبُ	نَذْهَبُ: فعل مضارع+ ضمير مستتر (نحن): فاعل

شرح وتفصيل:

تثنی مذکر غائب کا صیغہ:

۱۔ فعل ماضی سے پہلے یائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔

۲۔ حرف لام کے بعد ایک الف (ألف الاثنين جو تثنی کی ضمیر ہے) لگا دیا جاتا ہے۔

۳۔ حرف لام کو الف کی مناسبت سے فتحہ دے دیا جاتا ہے۔

۴۔ اس کے بعد ایک نون اعرابی (نون الرفع) کا اضافہ کر دیا جاتا ہے:

سَمِعَ سے يَسْمَعَانِ خَرَجَ سے يَخْرُجَانِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تثنیہ مؤنث غائب کا صیغہ:

۱۔فعل ماضی سے پہلے تائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔

۲۔حرف لام کے بعد ایک الف (ألف الاثنين جو تثنیہ کی ضمیر ہے) لگا دیا جاتا ہے۔

۳۔حرف لام کو الف کی مناسبت سے فتحہ دے دیا جاتا ہے۔

۴۔اس کے بعد ایک نون اعرابی (نون الرفع) کا اضافہ کر دیا جاتا ہے:

سَمِعَ سے تَسْمَعَانِ خَرَجَ سے تَخْرُجَانِ

تثنیہ مخاطب (مذکر ومؤنث) کا صیغہ:

۱۔ فعل ماضی سے پہلے تائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔

۲۔ حرف لام کے بعد ألف الاثنين لگا دیا جاتا ہے۔

۳۔ حرف لام کو الف کی مناسبت سے فتحہ دے دیا جاتا ہے۔

۴۔ اور اسکے بعد نون الرفع کا اضافہ کر دیا جاتا ہے:

سَمِعَ سے تَسْمَعَانِ خَرَجَ سے تَخْرُجَانِ

تثنیہ متکلم (مذکر ومؤنث) کا صیغہ: فعل ماضی سے پہلے نون مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے:

سَمِعَ سے نَسْمَعُ خَرَجَ سے نَخْرُجُ

	الماضي	المضارع
المثنى الغائب	ذَهَبَا	يَذْهَبَانِ
	ذَهَبَتَا	تَذْهَبَانِ
المثنى المخاطب	ذَهَبْتُمَا	تَذْهَبَانِ
	ذَهَبْتُمَا	تَذْهَبَانِ
المثنى المتكلم	ذَهَبْنَا	نَذْهَبُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں میں فعل مضارع کے مفرد صیغوں کو تثنی صیغوں میں بدلئے اور اس سے جو دیگر تبدیلیاں لازم آتی ہیں وہ بھی کیجئے:

نموذج: ١ـ أَنْتَ تَحْفَظُ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ. أَنْتُمَا تَحْفَظَانِ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ.

٢ـ هُوَ يَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ. هُمَا يَذْهَبَانِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ.

٣ـ أَنَا أَدْرُسُ الْعَرَبِيَّةَ. نَحْنُ نَدْرُسُ الْعَرَبِيَّةَ.

٤ـ أَتَخْلَعُ نَعْلَيْكَ؟

٥ـ مَتٰى سَتَرْحَلُ إِلٰى مَكَّةَ لِأَدَاءِ الْحَجِّ؟(١)

٦ـ هِيَ تَغْسِلُ الْمَلَابِسَ.

٧ـ أَنَا أَنْزِعُ حِذَائِي وَأَضَعُهُ تَحْتَ سَرِيْرِي.

٨ـ أَبْلَعُ الْقُرْصَ بِلَبَنٍ بَارِدٍ.

٩ـ أَدْرُسُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ عَلٰى أُسْتَاذٍ سَعُوْدِيٍّ.

١٠ـ أَتَخَافِيْنَ مِنَ الظَّلَامِ؟

١١ـ أَلَا يَقْدِرُ أَخُوْكَ عَلٰى مُسَاعَدَتِكَ يَا زَيْدُ؟

١٢ـ تَجْمَعُ الْمَالَ وَتُعَدِّدُهُ.

١٣ـ لَا أَجِدُ أَيَّ صُعُوْبَةٍ فِي تَعَلُّمِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.

١٤ـ أَتَلْبَسُ قَلَنْسُوَةً جَدِيْدَةً؟

١٥ـ خَالِدٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ سَيَنْجَحُ بِدُوْنِ الْاِجْتِهَادِ.

١٦ـ لِمَاذَا تَخْدَعُ عِبَادَ اللّٰهِ؟

١٧ـ أَتَصِلِيْنَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ؟

١٨ـ أَتَقْرَأُ الْجَرِيْدَةَ كُلَّ يَوْمٍ؟

١٩ـ تَغْسِلِيْنَ الْأَوَانِيَ وَتَضَعِيْنَهَا عَلٰى رُفُوْفِ الْمَطْبَخِ.

٢٠ـ أَمْنَعُكَ مِنْ صُحْبَةِ الْأَشْرَارِ.

٢١ـ أَتَمْكُثِيْنَ عِنْدَ عَمَّتِكِ فِي إِجَازَةِ الصَّيْفِ الْقَادِمَةِ؟

٢٢ـ أَتَسْخَرُ بِالْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ؟

٢٣ـ يَغْرِسُ الْبُسْتَانِيُّ شُجَيْرَاتٍ كَثِيْرَةً فِي هٰذِهِ الْحَدِيْقَةِ.

٢٤ـ أَقْصُدُ الْمَسْجِدَ لِصَلَاةِ الْعِشَاءِ.

٢٥ـ هُوَ يُقَشِّرُ الْمَوْزَ ثُمَّ يَطْرَحُ الْقِشْرَةَ فِي سَلَّةِ الْمُهْمَلَاتِ.

٢٦ـ أَسْمَعُ نَصِيْحَةَ أُسْتَاذِي وَأَحْفَظُهَا.

٢٧ـ أَطْلُبُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى الْقُدْرَةَ عَلٰى فَهْمِ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ.

٢٨ـ كَمْ شِعْرًا تَحْفَظُ مِنْ هٰذِهِ الْقَصِيْدَةِ؟

٢٩ـ يُجَاهِدُ الْجُنْدِيُّ الْمُسْلِمُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيُصَابِرُ وَيُرَابِطُ.

٣٠ـ يَا جَاحِدُ! أَلَا تَعْرِفُ أَنَّ الَّذِي خَلَقَكَ مِنَ الْعَدَمِ قَادِرٌ عَلٰى بَعْثِكَ بَعْدَ الْمَوْتِ؟

---

(١) مضارع سے پہلے "سَ" مستقبل قریب کے معنی دیتا ہے اور "سَوْفَ" مستقبل بعید کے معنی دیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل جملوں میں ماضی افعال کو مضارع میں تبدیل کیجئے:

نموذج: ١ـ تَرَكَتِ الْبِنْتَانِ كُتُبَهُمَا عَلَى الرَّفِّ وَخَرَجَتَا مِنَ الْفَصْلِ.

تَتْرُكُ الْبِنْتَانِ كُتُبَهُمَا عَلَى الرَّفِّ وَتَخْرُجَانِ مِنَ الْفَصْلِ.

٢ـ أَعَمِلْتُمَا بِمَا عَلِمْتُمَا؟

٣ـ قَفَلْنَا الْبَابَ قَبْلَ الْخُرُوْجِ مِنَ الْبَيْتِ.

٤ـ حَصَدتُّمَا مَا زَرَعْتُمَا.

٥ـ الْمُسَافِرَانِ تَعِبَا وَرَقَدَا فِي ظِلِّ شَجَرَةٍ.

٦ـ مَا طَعَنْتُ فِي سِيْرَةِ أَحَدٍ.

٧ـ غَضِبَ اللّٰهُ عَلَى اللَّذَيْنِ ظَلَمَا جَارَهُمَا.

٨ـ مَتٰى رَسَمْتُمَا هٰذِهِ الْخَرِيْطَةَ؟

٩ـ وَالِدَايَ مَنَعَانِي مِنَ الْخُرُوْجِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ.

١٠ـ أَعَرَفْتُمَا فَضْلَ هٰذَا الْعَالِمِ؟

١١ـ هَلْ دَفَعْتُمَا الثَّمَنَ إِلٰى صَاحِبِ الدُّكَّانِ؟

١٢ـ أَمَا كَتَمْتُمَا سِرَّ صَاحِبِكُمَا؟

١٣ـ الْمُسْلِمَانِ دَخَلَا الْمَسْجِدَ وَسَجَدَا لِرَبِّهِمَا.

١٤ـ أَمَا كَرِهْتُمَا السُّوءَ وَالْفَحْشَاءَ؟

١٥ـ مَا سَمَحْنَا لِلطُّلَّابِ بِالذَّهَابِ إِلَى الْمُتَنَزَّهِ.

١٦ـ وَيْلَكُمَا أَ جَحَدتُّمَا بِآيَاتِ اللّٰهِ؟

١٧ـ هٰذَانِ الشُّرْطِيَّانِ عَجَزَا عَنِ الْقَبْضِ عَلَى اللِّصِّ.

١٨ـ لِمَاذَا غَفَلْتُمَا عَنِ الْحَيَاةِ الآخِرَةِ؟

١٩ـ يَا زَيْدُ وَسَلِيْمُ! أَقَبِلْتُمَا هٰذَا الْحَلَّ لِمُشْكِلَتِكُمَا؟

٢٠ـ أَطَلَبْتُمَا الْمُسَاعَدَةَ مِنْ عَائِشَةَ؟

٢١ـ هٰذَانِ الْحَمَّالَانِ حَمَلَا حَقَائِبِي مِنَ الْقِطَارِ إِلَى السَّيَّارَةِ.

٢٢ـ قَدْ سَمِعْنَا وَصِيَّةَ أَبِيْنَا وَحَفِظْنَاهَا.

٢٣ـ هَاتَانِ الطَّالِبَتَانِ الْمُهْمِلَتَانِ عَرَفَتَا سُوْءَ عَاقِبَةِ الإِهْمَالِ.

٢٤ـ الطِّفْلَانِ الصَّغِيْرَانِ خَرَجَا إِلَى الْحُقُوْلِ الْخَضْرَاءِ وَلَعِبَا هُنَاكَ.

٢٥ـ الطَّالِبَانِ الْمِصْرِيَّانِ مَكَثَا فِي بَاكِسْتَانَ خَمْسَ سَنَوَاتٍ ثُمَّ رَجَعَا إِلَى بَلَدِهِمَا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

صيغ الجمع

الأمثلة:

المذكر الغائب	يَذْهَبُ الطُّلَّابُ	يَذْهَبُ: فعل مضارع+ الطُّلَّابُ: فاعل مرفوع بالضمة
	الطُّلَّابُ يَذْهَبُوْنَ	يَذْهَبُ: فعل مضارع+ واو الجماعة: فاعل+ نون الرفع
المؤنث الغائب	تَذْهَبُ الطَّالِبَاتُ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ الطَّالِبَاتُ: فاعل مرفوع بالضمة
	الطَّالِبَاتُ يَذْهَبْنَ	يَذْهَبُ: فعل مضارع+ نون النسوة: فاعل
المذكر المخاطب	أنتُمْ تَذْهَبُوْنَ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ واو الجماعة: فاعل+ نون الرفع
المؤنث المخاطب	أنْتُنَّ تَذْهَبْنَ	تَذْهَبُ: فعل مضارع+ نون النسوة: فاعل
المتكلم	نَحْنُ نَذْهَبُ	نَذْهَبُ: فعل مضارع+ ضمير مستتر (نحن): فاعل

شرح وتفصیل:

جمع مذکر غائب کا صیغہ:

۱۔فعل ماضی سے پہلے یائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کردیا جاتا ہے۔

۲۔حرف لام کے بعد ایک واو (واو الجماعة) جو جمع مذکر کی ضمیر ہے لگا دیا جاتا ہے۔

۳۔حرف لام کو واو کی مناسبت سے ضمہ دے دیا جاتا ہے۔

۴۔اسکے بعد نون الرفع کا اضافہ کردیا جاتا ہے:

سَمِعَ سے يَسْمَعُوْنَ خَرَجَ سے يَخْرُجُوْنَ

جمع مؤنث غائب کا صیغہ:

۱۔فعل ماضی سے پہلے یائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کردیا جاتا ہے۔

۲۔پھر حرف لام کو ساکن کرکے آخر میں نون النسوۃ کا اضافہ کردیا جاتا ہے جو جمع مؤنث کی ضمیر ہے:

سَمِعَ سے يَسْمَعْنَ خَرَجَ سے يَخْرُجْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جمع مذکر مخاطب کا صیغہ:

۱۔فعل ماضی سے پہلے تائے مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کردیا جاتا ہے۔

۲۔حرف لام کے بعد واو الجماعة کا اضافہ کردیا جاتا ہے۔

۳۔حرف لام کو واو کی مناسبت سے ضمہ دے دیا جاتا ہے۔

۴۔آخر میں نون الرفع کا اضافہ کردیا جاتا ہے:

سمع سے تَسْمَعُوْنَ خرج سے تَخرُجونَ

جمع مؤنث مخاطب کا صیغہ:

۱۔فعل ماضی سے پہلے تاء مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کردیا جاتا ہے۔

۲۔پھر لام کو ساکن کرکے آخر میں نون النسوة کا اضافہ کردیا جاتا ہے:

سمِع سے تَسْمَعْنَ خرج سے تَخْرُجْنَ

جمع متکلم (مذکر ومؤنث) کا صیغہ:

فعل ماضی سے پہلے نون مفتوحہ لگا کر اسکے حرف فاء کو ساکن کردیا جاتا ہے:

سَمِعَ سے نَسْمَع خرج سے نَخْرُجُ

	الماضي	المضارع
الجمع الغائب	ذَهَبُوْا	يَذْهَبُوْنَ
	ذَهَبْنَ	يَذْهَبْنَ
الجمع المخاطب	ذَهَبْتُمْ	تَذْهَبُوْنَ
	ذَهَبْتُنَّ	تَذْهَبْنَ
الجمع المتكلم	ذَهَبْنَا	نَذْهَبُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قاعدہ نمبر ۲۷:

۱۔ثلاثی مجرد اس فعل کو کہتے ہیں جو تین حروف اصلیہ پر مشتمل ہو۔ یہ فعل چھ ابواب کے تحت آتا ہے، جن کا دارومدار ماضی اور مضارع کے حرف عین کی بدلتی ہوئی حرکت پر ہے۔ ان ابواب کی شناخت کے لئے مندرجہ ذیل افعال کو پیش کیا جاتا ہے:

نَصَرَ يَنْصُرُ، فَتَحَ يَفْتَحُ، ضَرَبَ يَضْرِبُ، فَرِحَ يَفْرَحُ، حَسِبَ يَحْسِبُ، كَرُمَ يَكْرُمُ

۲۔فعل مضارع حال اور مستقبل پر دلالت کرتا ہے، مضارع بنانے کے لئے ماضی کے حرف فاء سے پہلے ا، ت، ي، ن میں سے کوئی حرف لگا کر حرف فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔ مضارع کے بعض صیغوں کے ساتھ ضمائر ملحق ہوتے ہیں جو بطور فاعل کے ہوتے ہیں۔

۳۔ یہ ضمائر ألف الاثنين، واو الجماعة، ياء المخاطبة اور نون النسوة ہوتے ہیں۔

۴۔فعل مضارع کے تمام صیغے معرب ہوتے ہیں، نون النسوة کے دو صیغوں کے علاوہ جو ہر حال میں سکون پر مبنی ہوتے ہیں۔

۵۔فعل مضارع تین اعرابی حالتوں (رفع، نصب یا جزم) میں سے کسی ایک حالت میں واقع ہوتا ہے۔ مضارع کے جن صیغوں کے آخر میں نون نہیں آتا ان میں اعراب کی نشاندہی حرکات کے ذریعہ ہوتی ہے، حالت رفع کے لئے ضمہ، حالت نصب کے لئے فتحہ اور حالت جزم کے لئے سکون استعمال ہوتا ہے۔

۶۔فعل مضارع کے جن صیغوں کے آخر میں نون آتا ہے ان میں اعراب کی نشاندہی نون کے برقرار رکھنے یا حذف کرنے کے ذریعہ ہوتی ہے۔

جدول الفعل المضارع

المذكر الغائب	المفرد	يَذْهَبُ	وہ ایک مرد جاتا ہے/ جائیگا۔
	المثنى	يَذْهَبَانِ	وہ دو مرد جاتے ہیں/ جائیں گے۔
	الجمع	يَذْهَبُوْنَ	وہ سب مرد جاتے ہیں/ جائیں گے۔
المؤنث الغائب	المفرد	تَذْهَبُ	وہ ایک عورت جاتی ہے/ جائے گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

	المثنى	تَذْهَبَانِ	وہ دوعورتیں جاتی ہیں/ جائیں گی۔
	الجمع	يَذْهَبْنَ	وہ سب عورتیں جاتی ہیں/ جائیں گی۔
المذكر المخاطب	المفرد	تَذْهَبُ	آپ جاتے ہیں/ جائیں گے۔
	المثنى	تَذْهَبَانِ	آپ دو جاتے ہیں/ جائیں گے۔
	الجمع	تَذْهَبُوْنَ	آپ سب جاتے ہیں/ جائیں گے۔
المؤنث المخاطب	المفرد	تَذْهَبِيْنَ	آپ جاتی ہیں/ جائیں گی۔
	المثنى	تَذْهَبَانِ	آپ دو جاتی ہیں/ جائیں گی۔
	الجمع	تَذْهَبْنَ	آپ سب جاتی ہیں/جائیں گی۔
المتكلم	المفرد	أَذْهَبُ	میں جاتا ہوں/جاتی ہوں یا جاؤں گا/ جاؤں گی۔
	المثنى/الجمع	نَذْهَبُ	ہم سب جاتے ہیں/جائیں گے۔

التمرين ـ ٦

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ اسماء سب فاعل ہیں، فاعل کو پہلے تثنی اور پھر جمع (مذکر یا مؤنث) بنا کر جملوں میں لازمی تبدیلیاں کیجئے:

نموذج: ١ ـ تَكْتُبُ عَائِشَةُ الدَّرْسَ وَتَحْفَظُهُ. تَكْتُبُ الْبِنْتَانِ الدَّرْسَ وَتَحْفَظَانِهِ.
تَكْتُبُ الْبَنَاتُ الدَّرْسَ وَيَحْفَظْنَهُ.

٢ ـ تُعِدُّ عَائِشَةُ الشَّايَ وَتُقَدِّمُهُ لِلضُّيُوْفِ.

٣ ـ يَدْخُلُ زَيْدٌ الصَّفَّ وَيَجْلِسُ فِي مَكَانِهِ بِأَدَبٍ جَمٍّ.

٤ ـ يَثِبُ قَاطِعُ الطَّرِيْقِ عَلَى الْمُسَافِرِ وَيَقْتُلُهُ.

٥ ـ يَرْحَلُ خَالِدٌ إِلَى الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ لِمُتَابَعَةِ الدِّرَاسَةِ.

٦ ـ يَأْكُلُ زَيْدٌ الْحَلَوِيَاتِ وَيَشْرَبُ الْقَهْوَةَ.

٧ ـ تَهْرُبُ الطِّفْلَةُ الصَّغِيْرَةُ مِنَ الْكَلْبِ وَتَلْتَصِقُ بِأُمِّهَا.

٨ ـ تَلْبَسُ عَائِشَةُ بُرْقَعَهَا وَتَخْرُجُ مِنَ الْبَيْتِ.

٩ ـ تَدَّخِرُ الْعَجُوْزُ مَبْلَغًا مِنَ الْمَالِ وَتَدْفِنُهُ فِي فِنَاءِ بَيْتِهَا.

١٠ ـ يَحْفَظُ زَيْدٌ سُوْرَةَ يٰس وَيُسْمِعُهَا الْأُسْتَاذَ.

١١ ـ تَنْزِلُ الطَّالِبَةُ مِنَ الْحَافِلَةِ وَتَتَّجِهُ إِلَى الصَّفِّ مُبَاشَرَةً.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٢ ـ يُكْمِلُ الْعَامِلُ عَمَلَهُ وَيَضَعُ عُدَدَهُ فِي حَقِيْبَتِهِ. ١٣ ـ يَطْلُبُ مِنِّي صَدِيْقِي الْمُسَاعَدَةَ وَيَغْضَبُ إِذَا أَرْفُضُ.

١٤ ـ تَفْتَحُ فَاطِمَةُ شُبَّاكَ الْغُرْفَةِ وَتَنْظُرُ إِلَى الْحَدِيْقَةِ. ١٥ ـ تَغْسِلُ الْخَادِمَةُ الْمَنَادِيْلَ وَتُعَلِّقُهَا عَلَى حَبْلِ الْغَسِيْلِ.

١٦ ـ يَسْتَلِمُ الْمُسَافِرُ حَقِيْبَتَهُ وَيَخْرُجُ مِنْ صَالُوْنِ الْمَطَارِ.

١٧ ـ يَعْمَلُ الْعَالِمُ عَلَى إِقَامَةِ شَعَائِرِ الدِّيْنِ وَيَصْبِرُ عَلَى الشَّدَائِدِ.

١٨ ـ سَيَنْظُرُ الْوَزِيْرُ فِي هٰذِهِ الْمَسَائِلِ وَيَقْتَرِحُ حُلُوْلًا مُنَاسِبَةً لَهَا.

١٩ ـ يَذْهَبُ خَالِدٌ إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ وَيَبْعَثُ إِلَى صَدِيْقِهِ رِسَالَةً.

٢٠ ـ يَسْمَحُ لِي أَبِي بِزِيَارَةِ الْأَقَارِبِ وَيَمْنَعُنِي مِنْ زِيَارَةِ الْأَصْدِقَاءِ.

٢١ ـ يَلْعَبُ ابْنِي كُرَةَ الْقَدَمِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَيَرْجِعُ إِلَى الْبَيْتِ قُبَيْلَ الْمَغْرِبِ.

٢٢ ـ يُسَافِرُ أَخِي إِلَى لَاهُوْرَ كُلَّ عَامٍ فِي إِجَازَةِ الصَّيْفِ وَيَمْكُثُ عِنْدَ خَالِي.

٢٣ ـ يَتَكَلَّمُ حَامِدٌ مَعَ صَدِيْقِهِ هَاتِفِيًّا وَيُخْبِرُهُ بِنَجَاحِهِ الْبَاهِرِ فِي الْإِمْتِحَانِ.

٢٤ ـ تَذْهَبُ بِي أُخْتِي إِلَى الْمَكْتَبَةِ فِي عُطْلَةِ آخِرِ الْأُسْبُوْعِ وَتَأْخُذُ لِي كُتُبًا لِلْمُطَالَعَةِ.

٢٥ ـ يُصَنِّفُ هٰذَا الْكَاتِبُ كِتَابًا مُفِيْدًا فِي الْفِقْهِ الْمُقَارَنِ وَبَعْدَ طِبَاعَتِهِ سَيُوَزِّعُهُ مَجَّاناً عَلَى طَلَبَةِ الْمَدَارِسِ.

التمرين ـ ٧

مندرجہ ذیل عبارت میں "أحمد" کے بجائے پہلے عائشہ پھر أنتَ، أنتِ، أنتما، أنتم، أنتنّ، أنا اور نحن لگا کر عبارت کو بار بار لکھئے اور جو فعل کے صیغوں اور ضمائر میں تبدیلیاں لازم آتی ہیں وہ کرتے چلے جائیں:

يَخْرُجُ أَحْمَدُ مِنَ الْبَيْتِ وَيَرْكَبُ الْحَافِلَةَ. يَنْزِلُ أَحْمَدُ فِي مَوْقِفِ السَّيَّارَاتِ الَّذِي هُوَ عَلَى مَقْرُبَةٍ مِنَ الْمَدْرَسَةِ وَيَصِلُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ قَبْلَ بَدْءِ الدِّرَاسَةِ بِنِصْفِ سَاعَةٍ. يَذْهَبُ أَحْمَدُ مُبَاشَرَةً إِلَى الْمَكْتَبَةِ وَيَتَنَاوَلُ كِتَابَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَيَقْرَأُ فِيْهِ قَلِيْلًا حَتّٰى إِذَا دُقَّ الْجَرَسُ يَحْمِلُ حَقِيْبَتَهُ وَيَذْهَبُ إِلَى الصَّفِّ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ۔ ۸

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ وہ کچھ بھی نہیں سمجھتے۔

۲۔ آپ استاد کی نصیحت پر کیوں نہیں عمل کرتے؟

۳۔ وہ کچھ بھی نہیں سمجھ رہے۔

۴۔ اللہ تعالیٰ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔

۵۔ آپ سب کہاں رہتے ہیں؟

۶۔ اے زید! کیا آپ قرآن شریف حفظ کر رہے ہیں؟

۷۔ کیا آپ سب کچھ سمجھ رہے ہیں؟

۸۔ اللہ تعالیٰ جانتے ہیں جو کچھ آپ کے دلوں میں ہے۔

۹۔ آپ فرج میں کیا رکھ رہی ہیں؟

۱۰۔ وہ بہت نرم دل ہے ہمیشہ ہر حاجتمند پر ترس کھاتی ہے۔

۱۱۔ میں روزانہ دو کتابیں پڑھتا ہوں۔

۱۲۔ وہ سب صبح اپنے کام کو جاتے ہیں اور شام کو لوٹتے ہیں۔

۱۳۔ آج وہ نئے کپڑے پہن رہے ہیں۔

۱۴۔ لاپرواہ طالبعلم عنقریب لاپرواہی کا انجام جان لیں گے۔

۱۵۔ وہ سب آج واپس لوٹ رہے ہیں۔

۱۶۔ کیا آپ سب برائی اور بے حیائی سے نفرت نہیں کرتے؟

۱۷۔ اے عائشہ! کیا آپ مکتبہ جا رہی ہیں؟

۱۸۔ ہاں میں ابھی جا رہی ہوں اور دو گھنٹوں کے بعد لوٹوں گی۔

۱۹۔ کیا آپ کو سردی محسوس ہو رہی ہے؟

۲۰۔ زید اپنی بیٹیوں سے نرمی برتتا ہے اور بیٹوں پر سختی کرتا ہے۔

۲۱۔ آپ کے ساتھ ہسپتال کون جائے گا؟

۲۲۔ وہ چھوٹے بچے کہاں ہیں جو روزانہ اس باغ میں کھیلتے ہیں؟

۲۳۔ ہم آپ کو محنت کی نصیحت کرتے ہیں۔

۲۴۔ بوڑھے نے کہا: ''مجھے پٹھوں میں شدید درد محسوس ہوتا ہے''۔

۲۵۔ اسکی بہن سرکاری اسکول میں پڑھتی ہے۔

۲۶۔ اللہ تعالیٰ انبیاء کرام کو انسانوں کی ہدایت کے لئے بھیجتے ہیں۔

۲۷۔ زید اپنے بھائی کو دو لمبے خط لکھ رہا ہے۔

۲۸۔ اہل کتاب کے مشرک اللہ تعالیٰ کے خلاف جھوٹ بولتے ہیں۔

۲۹۔ ہم سب آپ کے ساتھ نہیں جائیں گے۔

۳۰۔ آپ بغیر میری اجازت کے میرے قلم سے کیوں لکھ رہے ہیں؟

۳۱۔ ہم انھیں بہت قیمتی ہدیے بھیج رہے ہیں۔

۳۲۔ آپ لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور خود اس پر عمل نہیں کرتے۔

۳۳۔ میں عنقریب ان فقراء کی مدد کروں گا۔

۳۴۔ طالبات برقعے اتارتی ہیں اور کلاس میں اپنی جگہوں پر بیٹھتی ہیں۔

۳۵۔ وہ دونوں بہت سی زبانیں سیکھ رہی ہیں۔

۳۶۔ میں ہر روز صبح دودھ کا ایک گلاس پیتا ہوں اور دس بادام کھاتا ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۷۔ وہ بچوں کے شور سے پریشان ہوتی ہے۔ ۳۸۔ زید اپنے استادوں کی عزت کرتا ہے اور انکی خدمت بھی کرتا ہے۔

۳۹۔ وہ دونوں ایک ہفتہ سے مدرسہ نہیں آرہے۔ ۴۰۔ میں نے بچوں سے پوچھا: ''تم کس چیز کے بارے میں باتیں کررہے ہو؟''

۴۱۔ میں صرف جمعہ کی صبح کو اخبار پڑھتی ہوں۔ ۴۲۔ ہم جانتے ہیں کہ روس کی مسلمان قوم مضبوطی سے دین کو تھامے ہوئے ہے۔

۴۳۔ مجرم مارے شرم کے سر جھکائے ہوئے ہیں۔ ۴۴۔ مجاہد موت کی اسطرح تمنا کرتا ہے جس طرح آپ زندگی کی تمنا کرتے ہیں۔

۴۵۔ عائشہ اور اسکی بہن کل حج سے لوٹ رہی ہیں۔ ۴۶۔ اے عائشہ! کیا آپ کو تعجب ہوتا ہے ان لوگوں پر جو دین سے بے نیاز ہیں؟

۴۷۔ وہ دوپہر کو سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھتی ہے۔ ۴۸۔ محنتی طالبعلم امتحان میں کامیاب ہوتے ہیں اور سست طالبعلم ناکام ہوتے ہیں۔

۴۹۔ میں نے زینب سے کہا: ''کیا آپ نہیں جانتیں کہ اللہ تعالی سے کوئی چیز آسمان وزمین میں پوشیدہ نہیں؟''

۵۰۔ بارشوں کے موسم میں کراچی کے راستوں میں پانی جمع ہوجاتا ہے کیونکہ نکاسیٔ آب کا نظام حد سے زیادہ خراب ہے۔

التمرين ـ ٩

مندرجہ ذیل عبارتوں پر مکمل اشکال لگا کر انہیں بآواز بلند پڑھئے:

ا۔ يقصد المسلمون بيت الله الحرام بمكة من كل أنحاء العالم لأداء فريضة الحج، يطلبون الثواب من البارئ عزَّ وجلَّ، يسألون مغفرته ورضوانه ويتحمَّلون المشاق ويركبون الصعاب ويقطعون المسافات البعيدة بمختلف وسائل النقل. وحين يجتمعون في بيت اللّٰه الحرام ترتفع أصواتهم بالتكبير والتهليل "لبَّيك اللّٰهمَّ لبَّيك لا شريك لكَ لبَّيك ....!"

ب۔ المعلم الصالح يشفق على تلاميذه أسوةً بالنبي ﷺ، فقد قال ﷺ: "إنّما أنا لكم مثلُ الوالد لولده". فيرفق بهم ولا يعنفهم بحيث يحزن قلوبهم ويولِّد العناد في نفوسهم. يكون قدوة حسنة لهم بسلوكه الكريم ويبصرهم بمكارم الأخلاق وبالصفات التي تكفل لهم النجاح في دراستهم وتضمن لهم السعادة في دنياهم وأخراهم، يخاطبهم على قدر عقولهم ولا يبخل على طلبته بما ينفعهم منه. وإلا تعرّض لما أنذر به الرسول ﷺ "من كتم علماً نافعاً جاء يومَ القيامة مُلْجَماً بلجامٍ من نار". ويعمل بعلمه وإلا غضب عليه الربّ تعالى، وزهِد الناس في علمه الذي لا نفع فيه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ١٠

مندرجہ ذیل افعال کو قوسین میں دیے ہوئے صیغوں میں لاکر جملوں میں استعمال کیجئے:

١ـ يَحْمِلُ	(جمع مذكر مخاطب)	٢ـ يَسْتَلِمُ	(مثنى مؤنث مخاطب)
٣ـ يَحْفَظُ	(مثنى متكلم)	٤ـ يَهْجُمُ	(مفرد مذكر مخاطب)
٥ـ يَطْلُبُ	(مفرد مؤنث غائب)	٦ـ يَهْرُبُ	(مفرد مؤنث مخاطب)
٧ـ يَرْسُمُ	(جمع مذكر مخاطب)	٨ـ يُقْبِلُ عَلى	(جمع مؤنث مخاطب)
٩ـ يَسْمَعُ	(جمع متكلم)	١٠ـ يَخْدَعُ	(مفرد متكلم)
١١ـ يَزْعُمُ	(مفرد مؤنث مخاطب)	١٢ـ يَقْطَعُ	(مثنى مذكر غائب)
١٣ـ يَرْغَبُ فِي	(جمع مؤنث مخاطب)	١٤ـ يَرْكَبُ	(جمع متكلم)
١٥ـ يَرْغَبُ عَنْ	(جمع مؤنث غائب)	١٦ـ يَطْرُقُ	(مفرد مؤنث غائب)
١٧ـ يَشْرَبُ	(مفرد مؤنث غائب)	١٨ـ يَصْعَدُ	(جمع مذكر غائب)
١٩ـ يَتَحَمَّلُ	(جمع مذكر مخاطب)	٢٠ـ يُقَاتِلُ	(جمع مذكر مخاطب)

التمرين ـ ١١

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سرخ افعال کے ابواب متعین کیجئے اور صیغے بتائیے:

١ـ أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ.
٢ـ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلى ظُهُوْرِهِمْ.
٣ـ أَتَعْجَبِيْنَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ.
٤ـ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ.
٥ـ لٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ.
٦ـ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ.
٧ـ يَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ.
٨ـ اللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيَقْدِرُ.
٩ـ يَحْسَبُ أَنَّ مَالَه أَخْلَدَهُ.
١٠ـ أَفَلَا يَنْظُرُوْنَ إِلَى الإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ.
١١ـ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَاءُ.
١٢ـ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلى قُلُوْبِ الْكَافِرِيْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٣ ـ نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُم. ١٤ ـ وَمَا يَخْدَعُوْنَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ.

١٥ ـ عَسٰى رَبُّكُمْ أَنْ يَّرْحَمَكُمْ. ١٦ ـ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَا أَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا.

١٧ ـ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ. ١٨ ـ وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ.

١٩ ـ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ. ٢٠ ـ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَونُ وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشونَ.

٢١ ـ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ. ٢٢ ـ يَجْعَلُوْنَ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ.

٢٣ ـ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ. ٢٤ ـ إِنِّي أَخْلُقُ لَكُمْ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْراً بِإِذْنِ اللّٰهِ.

٢٥ ـ اَلَّذِيْنَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهِ وَيَقْطَعُوْنَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ أَنْ يُوْصَلَ.

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	اردو	عربي
رَقَدَ ـُ	وہ لیٹا	اس نے خواہش کی	رَغِبَ ـَ في
قَرَعَ ـَ	اس نے کھٹکھٹایا	اس نے تلاش کیا	بَحَثَ ـَ عن
قَشَّرَ ، يُقَشِّرُ	اس نے چھیلا	اس نے سفر کیا	رَحَلَ ـَ
زَهَقَ ـَ	وہ نیست و نابود ہوا	اس نے کھویا	ضَاعَ ، يَضِيعُ
عَبَسَ ـِ	اس نے منہ بسورا	اس نے اٹھایا	حَمَلَ ـِ
رَفَضَ ـُ	اس نے انکار کیا	اس نے مذاق اڑایا	سَخِرَ ـَ من
بَسَطَ ـُ	اس نے بچھایا یا پھیلایا	وہ ہنسا	ضَحِكَ ـَ
طَرَقَ ـُ	اس نے کھٹکھٹایا	اس نے پار کیا	عَبَرَ ـُ
حَطَمَ ـِ	اس نے توڑا	اس نے رحم کیا	رَحِمَ ـَ
صَابَرَ ، يُصَابِرُ	اس نے خوب صبر کیا	اس نے سفارش کی	شَفَعَ ـَ
رَابَطَ ، يُرَابِطُ	وہ ثابت قدم رہا	اس نے چاٹا	لَعِقَ ـَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عربي	اردو	اردو	عربي
طَعَنَ ـَ	اس نے نکتہ چینی کی	وہ چلایا	صَرَخَ ـُ
رَسَمَ ـُ	اس نے تصویر بنائی	اس نے شرح کی	شَرَحَ ـَ
اتَّجَهَ ، يَتَّجِهُ	اس نے رخ کیا	اس نے اعتماد کیا	وَثِقَ، يَثِقُ
اِلْتَصَقَ ، يلْتَصِقُ	وہ چپک گیا	اس نے نکتہ چینی کی	طعَنَ ـَ في
وَزَّعَ، يُوَزِّعُ	اس نے تقسیم کیا	اس نے نگلا	بلَعَ ـَ
اِقْتَرَحَ، يَقْتَرِحُ	اس نے تجویز کیا	اس نے تمنا کی ،فکر کی	حَرَصَ ـِ على
اِدَّخَرَ، يَدَّخِرُ	اس نے ذخیرہ کیا	اس نے مہر لگائی	خَتَمَ ـِ على
اِسْتَلَمَ، يَسْتَلِمُ	اس نے وصول کیا	اس نے بات چیت کی	تحَدَّثَ، يتَحَدَّثُ عن
دُقَّ الجَرَسُ	گھنٹی بجی	اس نے مضبوطی سے تھاما	تمَسَّكَ، يتَمَسَّكُ بِـ
تَحَمَّلَ، يتَحَمَّلُ	اس نے برداشت کیا	وہ پوشیدہ ہوا	عَزَبَ ـُ عن(شخصٍ، شيْءٍ)
رَكِبَ ـَ الصِّعَابَ	اس نے مشکلات جھیلیں	اس نے ترس کھایا	عطَفَ ـِ على
قَطَعَ ـَ المُسَافَاتِ	اس نے مسافتیں طے کیں	اس نے تعجب کیا	عجِبَ ـَ من
عَنَّفَ، يُعَنِّفُ	اس نے سختی کی	اس نے نرمی برتی	رفَقَ ـُ بِـ
وَلَّدَ، يُوَلِّدُ	اس نے پیدا کیا	وہ پریشان ہوا	قَلِقَ ـَ على
كَفَلَ ـُ	وہ ضامن ہوا	اس نے سر جھکایا	نكَسَ ـُ رأسَهُ
تَعَرَّضَ، يَتَعَرَّضُ لِـ	وہ نشانہ بنا	جمع ہوا	تَجَمَّعَ، يَتَجَمَّعُ
كَتَمَ ـُ	اس نے چھپایا	اس نے کسی کے خلاف جھوٹ بولا	كَذَبَ ـِ على

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الأسماء

عربي	اردو	عربي	اردو
مِمسَحَة ج مَماسِحُ	جھاڑن، ڈسٹر	صَالُوْنُ الْمَطَار	لاؤنج
مُتَمَلِّق ج س	چاپلوسی کرنے والا	هَاتِفِيًّا	ٹیلیفون کے ذریعے
اِنْجِلْتَرَا	انگلستان	بَاهِر	حیرت انگیز
حَنِيْن	شوق	أَنْحَاء	گوشے
انْهِيَار	گرنا	مُخْتَلِفُ وَسَائِلِ النَّقْلِ	مختلف سواریاں
رُمْحٌ ج رِماحٌ	نیزہ	أُسْوَةً بِـ	اقتداء کرتے ہوئے
فَلَاة ج فَلَواتٌ	وسیع بیابان	عِنَاد	سرکشی
جَاحِد ج س	انکار کرنے والا	قُدْوَةٌ	نمونہ
خَرِيْطَة ج خَرَائِطُ	نقشہ	مَكَارِمُ الأَخْلَاقِ	اعلیٰ اخلاق
مَجَّاناً	مفت	عَلَى قَدرِ الْعُقُوْلِ	عقل کے مطابق
عُدَّة ج عُدَدٌ	اوزار	مُلْجَماً بِلِجَامٍ	لگام پہنایا ہوا

اردو	عربي	اردو	عربي
بوجھ	ثِقْلٌ ج أَثْقَال	درد	أَلَم ج آلام
انگلی	إصبَع ج أصابع	نرم دل	رقيقُ القلبِ
کپڑوں کا جوڑا	حُلَّة ج حُلَل	حاجت مند	ذو حاجةٍ
وقفہ	فُسْحَة	وہ بے نیاز ہے	هو في غِنًى عن شيءٍ
کردار	سِيْرَة ج سِيَرٌ	وہ سختی کرتا ہے	هو شَدِيْدٌ على فلانٍ
سنسان	مُوحِش	برائی	مُنكَرٌ ج مُنْكَرَات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اردو	عربي	اردو	عربي
مشکل	عُسْر	بے حیائی	الفَحْشَاءُ
آسانی	يُسْر	شور	ضَجِيْجٌ
گورنمنٹ اسکول	مَدْرَسَةٌ حُكُوْمِيَّة	بارش کا موسم	موسِمُ الأمطارِ
بادام	لَوْزٌ	نکاسی آب کا نظام	نِظَام المَصَارِفِ والمَجَارِي
پٹھے	عَضَلاتٌ	حد سے زیادہ خراب	سيِّءٌ لِلغايةِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثاني

فعل الأمر من الثلاثي المجرَّد

الأمثلة:

الماضي	المضارع	الأمر
نَصَرَ	يَنْصُرُ	اُنْصُرْ
فَتَحَ	يَفْتَحُ	اِفْتَحْ
ضَرَبَ	يَضْرِبُ	اِضْرِبْ
فَرِحَ	يَفْرَحُ	اِفْرَحْ
حَسِبَ	يَحْسِبُ	اِحْسِبْ
كَرُمَ	يَكْرُمُ	اُكْرُمْ

شرح وتفصیل:

طريقة صوغ الأمر:

۱۔فعل امر فعل مضارع سے بنتا ہے۔

۲۔فعل ثلاثی صحیح کا امر بنانے کے لئے حرف مضارعة کو حذف کر کے ابتدا میں همزة الوصل[1] بڑھادیا جاتا ہے۔

۳۔اگر فعل باب نَصَرَ اور كَرُمَ سے ہوتو یہ ہمزہ مضموم ہوگا اور باقی تمام ابواب میں مکسور ہوگا۔

۴۔حرف عین پر مضارع کے عین کی حرکت ہوگی۔

۵۔فعل امر کا مفرد مذکر مخاطب کا صیغہ سکون پر مبنی ہوگا جیسا کہ مندرجہ بالا نقشہ سے واضح ہے۔حکم چونکہ صرف مخاطب کو دیا

---

(۱) همزة الوصل ابتدائے کلمہ میں واقع ہونے والا وہ الف ہے جو دورانِ کلام ساقط ہو جاتا ہے یعنی اس کا تلفظ نہیں کیا جاتا۔اس کے برخلاف همزة القطع وہ الف ہے جس کا ہر حال میں تلفظ ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جاتا ہے، لہذا فعل امر کے چھ صیغے ہوتے ہیں۔

صيغ الأمر

الأمثلة:

المفرد المذكّر	اِفْعَلْ	اِفْعَلْ: فعل الأمر، ضمير مستتر أنت = فاعل
المثنى المذكّر والمؤنث	اِفْعَلَا	اِفْعَلْ: فعل الأمر، ألف الاثنين= فاعل
الجمع المذكّر	اِفْعَلُوْا	اِفْعَلْ: فعل الأمر، واو الجماعة= فاعل
المفرد المؤنث	اِفْعَلِي	اِفْعَلْ: فعل الأمر، ياء المخاطبة= فاعل
الجمع المؤنث	اِفْعَلْنَ	اِفْعَلْ: فعل الأمر، نون النسوة (ن) = فاعل

شرح وتفصیل:

تثنی کا صیغہ: فعل مضارع کے تثنی مخاطب کے صیغے کا حرف المضارعة حذف کر کے شروع میں ہمزہ بڑھا دیا جاتا ہے، نون اعرابی بھی حذف کر دیا جاتا ہے اور حرف لام کو الف کی مناسبت سے مفتوح کر دیا جاتا ہے۔

جمع مذکر کا صیغہ: فعل مضارع کے جمع مذکر کے صیغے "تفعلون" کا حرف المضارعة اور نون الرفع حذف کر دیا جاتا ہے اور شروع میں ہمزہ بڑھا دیا جاتا ہے، حرف لام کو واو کی مناسبت سے مضموم کر دیتے ہیں۔

مفرد مؤنث کا صیغہ: فعل مضارع کے مفرد مؤنث کے صیغے "تفعلين" کا حرف المضارعة اور نون الرفع حذف کر کے شروع میں ہمزہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور حرف لام کو یاء کی مناسبت سے مکسور کر دیا جاتا ہے۔

جمع مؤنث کا صیغہ: فعل مضارع کے جمع مؤنث کے صیغے "تفعلن" کا حرف المضارعة حذف کر کے شروع میں ہمزہ بڑھا دیا جاتا ہے، حرف لام کو ساکن کر دیا جاتا ہے جبکہ نون برقرار رہتا ہے، کیونکہ یہ نون اعرابی نہیں، بلکہ فعل کا فاعل ہے (ضمائر الرفع البارزة میں سے ہے) اسلئے اسکا حذف کرنا کسی حال میں جائز نہیں۔

قاعدہ نمبر ۲۸:

۱۔ فعل امر فعل مضارع سے بنتا ہے، اس کے چھ صیغے ہیں، فعل ثلاثی کے امر کے شروع میں همـــزة الوصل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

آتا ہے، باب نَصَرَ اور کَرُم میں اس ہمزہ پر ضمہ آتا ہے جبکہ باقی تمام ابواب میں کسرہ آتا ہے، ثلاثی کے امر کے حرف عین پر مضارع کے حرف عین کی حرکت آتی ہے۔ مفرد مذکر مخاطب کے صیغے کے علاوہ باقی صیغوں کے ساتھ یاء المخاطبة، ألف الاثنين، واو الجماعة اور نون النسوة میں سے کوئی ضمیر ملحق ہوتی ہے۔

۲۔ فعل امر ماضی کی طرح مبنی ہوتا ہے۔ مفرد مذکر مخاطب اور جمع مؤنث مخاطب کے صیغے سکون پر مبنی ہوتے ہیں، جبکہ باقی صیغے حذف نون پر مبنی ہوتے ہیں۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل افعال ثلاثیہ گذشتہ سبق میں گذر چکے ہیں ہر فعل کا باب دیکھ کر فعل امر نکالیں:

باب نَصَرَ

يَكْتُبُ، يَقْتُلُ، يَحْصُلُ، يَدْرُسُ، يَنْظُرُ، يَذْكُرُ، يَتْرُكُ، يَسْقُطُ، يَقْعُدُ، يَطْلُبُ.

باب ضَرَبَ

يَصْبِرُ، يَعْدِلُ، يَنْزِلُ، يَغْلِبُ، يَكْسِبُ، يَقْصِدُ، يَرْجِعُ، يَجْلِسُ، يَكْسِرُ، يَغْفِرُ.

باب سَمِعَ

يَرْحَمُ، يَشْهَدُ، يَلْبَسُ، يَحْفَظُ، يَعْلَمُ، يَحْمَدُ، يَفْهَمُ، يَشْرَبُ، يَسْمَعُ، يَلْبَثُ.

باب فَتَحَ

يَذْهَبُ، يَقْطَعُ، يَنْصَحُ، يَشْرَعُ، يَمْنَعُ، يَبْحَثُ، يَقْرَأُ، يَرْكَعُ، يَبْدَأُ، يَرْفَعُ.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ اے جھوٹے! سچ بولو۔

۲۔ ڈاکٹر نے مریض سے کہا: اس پلنگ پر معائنہ کے لئے لیٹو۔

۳۔ اپنے بھائی کی مدد کرو۔

۴۔ اے فاطمہ! اپنے دونوں ہاتھ پانی اور صابن سے دھوؤ۔

۵۔ یہ حقیر ہدیہ قبول کیجئے۔

۶۔ میں نے زید سے کہا: جب استاد بولے تو تم چپ ہو جاؤ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۷۔ اپنی دائیں کروٹ پر لیٹو۔

۸۔ میں نے خادمہ سے کہا: کھانا پکاؤ پھر فرش پر جھاڑو لگاؤ۔

۹۔ اے اللہ! مجھے علم نافع عطا کر۔

۱۰۔ اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو اور اسے صبح و شام یاد کرو۔

۱۱۔ برائے مہربانی یہ گٹھا اٹھایئے۔

۱۲۔ استانی نے طالبات سے کہا: یہ مسائل یاد کرلو، کیونکہ یہ اہم ہیں۔

۱۳۔ اے عائشہ! مصیبتوں پر صبر کرو۔

۱۴۔ ڈاکٹر نے نرس سے کہا: اس مریض کے زخم کی جلد از جلد پٹی کرو۔

۱۵۔ ہماری بادشاہ سے سفارش کرو۔ (جمع مذکر)

۱۶۔ اللہ تعالی نے موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: اپنی لاٹھی سے پتھر کو مارو۔

۱۷۔ میری نصیحت پر عمل کرو۔ (جمع مذکر)

۱۸۔ عائشہ نے اپنی چھوٹی بہنوں سے کہا: اپنی استانی کی نصیحت پر عمل کرو۔

۱۹۔ یہ قیمتی نصیحتیں یاد کرلو۔ (مفرد مؤنث)

۲۰۔ آقا نے اپنے دو خادموں سے کہا: مہمانوں کے لئے دسترخوان بچھاؤ۔

۲۱۔ روزانہ شام کو خبریں سنو۔ (جمع مذکر)

۲۲۔ واعظ نے اپنے سامعین سے کہا: اگر ممکن ہو تو اپنے آپ سے موت کو ہٹاؤ!

۲۳۔ دائیں بائیں دیکھو پھر سڑک پار کرو۔

۲۴۔ باپ نے اپنے بیٹے سے کہا: شہر کی طرف جاؤ اور کام تلاش کرو۔

۲۵۔ جتنی جلدی ممکن ہو یہ قمیص دھولو۔

۲۶۔ نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے سے کہا: ہمارے ساتھ سوار ہو جاؤ۔

۲۷۔ اپنے چچا کے بیٹوں سے مدد طلب کرو۔

۲۸۔ اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو معاف فرما اور ہم پر رحم کر۔

۲۹۔ مجھ سے اگر تم چاہو ہزار دفعہ پوچھ لو۔

۳۰۔ باپ نے اپنے بیٹوں سے کہا: لہو ولعب کو چھوڑ دو اور قیل وقال سے بچو۔

۳۱۔ یہ کرسی ساتھ والے کمرے میں منتقل کردو۔

۳۲۔ داعی نے لوگوں سے کہا: اللہ کے کلمہ کو بلند کرنے کے لئے سب کچھ لٹا دو۔

۳۳۔ جو کچھ تم کہہ رہے ہو اس پر اللہ کی قسم کھاؤ۔

۳۴۔ اے زید اور سلیم! جو کچھ اللہ نے تمہیں عطا کیا ہے اس پر قناعت کرو۔

۳۵۔ واعظ نے کہا: اے لوگو! اپنے دشمن سے ڈرو۔

۳۶۔ ماں نے اپنی اولاد سے کہا: ہر کام اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ شروع کرو۔

۳۷۔ اے مومن عورتو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اللہ تعالی کی عبادت کرو۔

۳۸۔ اے فاطمہ! یہ مسائل اچھی طرح سمجھو، کیونکہ یہ بہت زیادہ اہم ہیں۔

۳۹۔ آقا نے اپنے خادموں سے کہا: عید الاضحیٰ کے لئے تین بکریاں ذبح کرو۔

۴۰۔ ماں نے اپنے بیٹوں سے کہا: فوراً نکل جاؤ اور مغرب کی نماز کے بعد لوٹو۔

۴۱۔ میں نے غنی آدمی سے کہا: ضعفاء پر ترس کھاؤ اور فقراء کے ساتھ نرمی برتو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۴۲۔ میں نے زینب سے کہا: اپنے بیٹے کو مارو اسے تمیز سکھانے کی ضرورت ہے۔

۴۳۔ عادل بادشاہ نے اپنے گورنر سے کہا: لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔

۴۴۔ عائشہ نے اپنی ماں سے کہا: مجھے اپنی سہیلی کی رخصتی کی تقریب پر جانے کی اجازت دیجئے۔

۴۵۔ ماں نے اپنی بیٹیوں سے کہا: یہ تجویز اپنے والد کے سامنے پیش کرو شاید وہ موافقت کریں۔

۴۶۔ شہزادی نے اپنی خادمہ سے کہا: میرے لئے محل کے باغ سے ایک لال گلاب کا پھول توڑو۔

۴۷۔ باپ نے اپنے بیٹوں سے کہا: میرے لئے میری اس زمین کو کاشت کرو، کیونکہ میں بوڑھا ہو چکا ہوں۔

۴۸۔ خالد نے اپنے دونوں چھوٹے بھائیوں سے کہا: کھڑکیاں کھولو اور سڑک کی طرف دیکھو کیا اس میں پانی جمع ہے؟

۴۹۔ بادشاہ نے پولیس کے آدمیوں سے کہا: میرے دشمنوں کو پکڑو اور ہر اس شخص کو قید کرو جو میرے حکم سے گریز کرے۔

۵۰۔ ہمیں اللہ تعالی نے وضو کی آیت میں حکم دیا ہے: اپنے چہروں اور ہاتھوں کو کہنیوں تک اور پیروں کو ٹخنوں تک دھوؤ اور اپنے سروں کا مسح کرو۔

التمرين ۔ ۳

مندرجہ ذیل افعال امر کو قوسین میں دیئے ہوئے صیغوں میں لا کر انھیں جملوں میں استعمال کیجیے:

۱۔ اِكْشِفْ	(جمع مؤنث)	۲۔ اُرْسُمْ	(مفرد مؤنث)
۳۔ اُقْتُلْ	(جمع مؤنث)	٤۔ اِلْحَقْ	(جمع مذکر)
٥۔ اِنْزِلْ	(مثنی مذکر)	٦۔ اِصْرِفْ	(مثنی)
۷۔ اُغْلُظْ	(جمع مؤنث)	۸۔ اِدْرَأْ	(جمع مؤنث)
۹۔ اُقْعُدْ	(جمع مذکر)	۱۰۔ اِبْدَأْ	(جمع مذکر)
۱۱۔ اِحْمِلْ	(مفرد مؤنث)	۱۲۔ اُكْنُسْ	(مفرد مؤنث)
۱۳۔ اِغْسِلْ	(جمع مؤنث)	١٤۔ اِحْفَظْ	(مثنی)
۱٥۔ اُنْقُلْ	(مثنی)	١٦۔ اِعْرِضْ	(جمع مذکر)
۱۷۔ اُبْذُلْ	(جمع مؤنث)	۱۸۔ اُرْفُقْ	(جمع مؤنث)
۱۹۔ اِفْتَحْ	(جمع مذکر)	۲۰۔ اِصْحَبْ	(مفرد مؤنث)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سے ثلاثی فعل امر تلاش کیجیے اور انکا باب اور صیغہ بتایئے:

١ ـ واذْكُرْ رَبَّكَ كَثِيْرًا.
٢ ـ قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُم.
٣ ـ اِدْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ.
٤ ـ وَاسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ.
٥ ـ إِنِّي أَنا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ.
٦ ـ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَ أَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ.
٧ ـ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي.
٨ ـ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّ شَرَابٌ.
٩ ـ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَ اعْمَلُوا صَالِحًا.
١٠ ـ قَالَ إِنِّي أُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوا أَنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ.
١١ ـ يٰأَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم.
١٢ ـ يا قَومِ ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللّٰهُ لَكُم.
١٣ ـ فَقُلْنَا يٰآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوجُكَ الجَنَّةَ.
١٤ ـ يا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِيْنَ.
١٥ ـ يا بُنَيَّ ارْكَبْ مَعَنَا وَلَا تَكُن مَّعَ الكَافِرِيْنَ.
١٦ ـ يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الكُفَّارَ وَالمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ.
١٧ ـ يٰأَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً.
١٨ ـ يَا دَاوُدُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيْفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ.
١٩ ـ وَأَوْحَيْنَا إِلٰى مُوسٰى إِذِ اسْتَسْقَاهُ قَومُهُ أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ الحَجَرَ.
٢٠ ـ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَن تَتَكَبَّرَ فِيها فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

معاني الكلمات

الأفعال

اردو	عربي
اس نے خرچ کیا	بَذَلَ ـُ
اس نے قید کیا	سَجَنَ ـُ
اس نے ہٹایا	دَرَأَ عن ـَ
اس نے کاشت کی	زَرَعَ ـَ
اس نے پیش کیا	عَرَضَ ـِ
وہ بچا	جَنَبَ ـُ
اس نے پکڑا	بَطَشَ ـُ وـِ
اس نے گریز کیا	عَدَلَ عَنْ ـِ
اس نے پٹی کی	ضَمَدَ ـِ
وہ بوڑھا ہوا	هَرِمَ ـَ
اس نے موافقت کی	وَافَقَ ، يُوَافِقُ
گٹھا	رِزْمَةٌ ج: رِزَمٌ
ممکن ہو	إِنْ أَمْكَنَ
جتنی جلدی ممکن ہو	بِأَسْرَعِ مَا يُمْكِنُ
اگر تم چاہو	إِنْ شِئْتُمْ

الأسماء

اردو	عربي
چیک اپ	فَحْصٌ
قیمتی چیز	غالٍ
کروٹ	شِقٌّ
گورنر	عامِلٌ ج س
لاٹھی	عَصًا
خبریں	نَشْرَةُ الأَنْبَاءِ
جلد از جلد	بِأَسْرَعِ مايُمْكِنُ
تجویز	اِقْتِراحٌ، فِكْرَةٌ
حقیر	مُتَواضِعٌ
اس نے قناعت کی	قَنَعَ ـَ (بِشَيءٍ)
انصاف کے ساتھ	بِالْقِسْطِ
تمیز سکھانا	تَأْدِيبٌ
سب کچھ	كُلَّ غَالٍ وَرَخِيصٍ
لٹانا (خرچ کرنا)	بَذَلَ، يَبْذُلُ
صبح شام	بُكْرَةً وَّأَصِيلًا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثالث

تقسيم الفعل إلى صحيح ومعتل

تعريفات أوّليّة

١۔ **الفعل الصحيح:** صرف کی اصطلاح میں اس فعل کو کہتے ہیں جس کے تینوں حروف اصلیہ صحیح ہوں یعنی فاء، عین، اور لام، تینوں میں سے کوئی حرف علت [1] نہ ہو۔ فعل صحیح تین قسم کا ہوتا ہے:

(ا) **السَّالِمُ:** وہ فعل ہے جو حروف علت سے خالی ہونے کے ساتھ ساتھ ہمزہ اور تضعیف سے بھی خالی ہو (حرف عین اور حرف لام کا ہم جنس ہونا تضعیف کہلاتا ہے) مثلاً:

نَصَرَ، فَرِحَ، حَضَرَ

(ب) **المَهْمُوْزُ:** وہ فعل ہے جسکے حروف اصلیہ میں سے کوئی ایک ہمزہ ہو:

ا۔ أَمَرَ: اسکا حرف فاء ہمزہ ہے، یہ مهموز الفاء کہلائے گا۔

٢۔ سَأَلَ: اسکا حرف عین ہمزہ ہے، یہ مهموز العین کہلائے گا۔

٣۔ قَرَأَ: اسکا حرف لام ہمزہ ہے، یہ مهموز اللام کہلائے گا۔

(ج) **المُضَعَّفُ:** وہ فعل صحیح ہے جسکا حرف عین اور حرف لام ہم جنس ہوں:

فَرَّ، مَرَّ، جَرَّ

٢۔ **الفعل المُعْتَلُّ:** وہ فعل ہے جسکے حروف اصلیہ میں سے ایک یا دو حرف، حروف علت میں سے ہوں یہ پانچ قسم کا ہوتا ہے:

(ا) **المِثَالُ:** جسکا حرف فاء حرف علت ہو:

وَجَدَ، يَسَرَ، يَقِظَ

(ب) **الأَجْوَفُ:** جسکا حرف عین حرف علت ہو:

قَالَ، سَارَ، نَالَ

(ج) **اَلنَّاقِصُ:** جسکا حرف لام حرف علت ہو:

---

(١) حروف العلة عربی زبان میں تین ہیں: ألف، واو، یاء۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

خَشِيَ، دعَا، سَرُوَ

(د) اللَّفِيْفُ الْمَقْرُوْنُ: جسکا حرف عین اورحرف لام حرف علت میں سے ہوں:

طَوَى، نَوَى

(ہ) اللَّفِيْفُ الْمَفْرُوْقُ: جسکا حرف فاء اورحرف لام حروف علت میں سے ہوں:

وَعَى، وقَى

قاعدہ نمبر۲۹:

ا۔علم صرف کی رو سے فعل کی دو قسمیں ہیں: (۱) صحیح (۲) معتل۔

صحیح اس فعل کو کہتے ہیں جس کے حروف اصلیہ میں سے کوئی حرف، حرف علت (الف، واو یا یاء) نہ ہو۔ جب فعل صحیح حروف علت سے خالی ہونے کے ساتھ ساتھ ہمزہ اور تشدید سے بھی خالی ہو تو یہ صحیح سالم کہلاتا ہے۔

معتل وہ فعل ہے جس کے حروف اصلیہ میں سے ایک یا دو حرف، حروف علت میں سے ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الرابع

المهموز

الأمثلة:

(ا)

مهموز الفاء

١ ـ **الماضي:** قَدْ أَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ.

٢ ـ **المضارع:** إِنَّ اللّٰهَ لَا يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ.

٣ ـ **الأمر:** قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: مُرُوْا أَوْلَادَكُمْ بِالصَّلَاةِ وَهُمْ أَبْنَاءُ سَبْعِ سِنِيْنَ.

(ب)

مهموز العين

٤ ـ **الماضي:** قَالَ تَعَالٰى: إِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّيْ قَرِيْبٌ.

٥ ـ **المضارع:** نَسْأَلُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا.

٦ ـ **الأمر:** إِسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ. سَلُوا الْأُسْتَاذَ إِذَا أُشْكِلَتْ عَلَيْكُمْ مَسْئَلَةٌ مَّا[1].

(ج)

مهموز اللام

٧ ـ **الماضي:** قَرَأَ الْقَارِئُ عَلَى الْمُسْتَمِعِيْنَ سُوْرَةَ الرَّحْمٰنِ.

٨ ـ **المضارع:** يَقْرَأُ سَلِيْمٌ الْكُتُبَ الْعَرَبِيَّةَ بِرَغْبَةٍ وَشَوْقٍ شَدِيْدَيْنِ.

٩ ـ **الأمر:** قَالَ تَعَالٰى فِي أَوَّلِ وَحْيٍ أَنْزَلَهُ عَلٰى نَبِيِّهِ الْكَرِيْمِ: اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ.

(ا) یہ نکرہ ہے، مَسْئَلَةٌ مَّا: کوئی مسئلہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

۱۔ مهموز الفاء، مهموز العین اور مهموز اللام تینوں کے ماضی، مضارع کے تمام صیغے صحیح سالم کی طرح ہوتے ہیں۔

۲۔ مهموز الفاء مختلف ابواب سے آتا ہے: أَمَرَ يَأْمُرُ، أَكَلَ يَأْكُلُ اور أَخَذَ يَأْخُذُ باب نَصَرَ سے ہیں۔ أَذِنَ يَأْذَنُ، أَسِفَ يَأْسَفُ، أَلِمَ يَأْلَمُ اور أَثِمَ يَأْثَمُ باب فَرِحَ سے ہیں۔ أَسَرَ، يَأْسِرُ اور أَبَقَ يَأْبِقُ، باب ضَرَبَ سے آتے ہیں اور أَدُبَ يَأْدُبُ اور أَصُلَ يَأْصُلُ باب كَرُمَ سے ہیں۔ اسی طرح مهموز العین اکثر باب فَتَحَ (سَأَلَ) سے آتا ہے، اسکے علاوہ باب كَرُمَ (بَؤُسَ) اور باب فَرِحَ (سَئِمَ) سے بھی آتا ہے۔ مهموز اللام کے بیشتر افعال باب فَتَحَ سے آتے ہیں: قَرَأَ، مَلَأَ، بَدَأَ، دَرَأَ، ذَرَأَ، طَرَأَ وغیرہ۔ باب كَرُمَ (جَرُؤَ) سے اور باب فَرِحَ (بَرِئَ) سے بھی آتے ہیں۔

۳۔ مهموز الفاء کے امر کا صیغہ اگر باب نَصَرَ سے ہو تو اسکا همزة الوصل حذف ہو جاتا ہے[1]۔ چنانچہ أَكَلَ يَأْكُلُ کا امر كُلْ، أَخَذَ يَأْخُذُ کا امر خُذْ اور أَمَرَ يَأْمُرُ کا مُرْ ہے۔ اگر مهموز الفاء باب فَرِحَ سے ہو تو امر کا همزہ باقی رہتا ہے، أَذِنَ يَأْذَنُ : اِئْذَنْ۔

۴۔ مهموز العین کا همزہ کا باقی رکھنا بھی جائز ہے: سَأَلَ يَسْأَلُ (باب فَتَحَ) سے اِسْأَلْ، سَئِمَ يَسْئَمُ (باب فَرِحَ) سے اِسْئَمْ اور لَؤُمَ يَلْؤُمُ (باب كَرُمَ) سے اُلْؤُمْ اور اس کا حذف کرنا بھی جائز ہے لہذا اِسْأَلْ کو سَلْ، اِسْأَمْ کو سَمْ اور اُلْؤُمْ کو لُمْ بھی کہہ سکتے ہیں۔

۵۔ مهموز اللام کے امر کے صیغے صحیح سالم کے امر کے صیغوں کی طرح ہوں گے۔

جداول

مهموز الفاء من باب نصر

المذكر الغائب			المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	أَمَرَ	يَأْمُرُ	أَمَرَتْ	تَأْمُرُ

(۱) حذف همزہ خلاف قیاس ہے، أَكَلَ يَأْكُلُ کا امر اُؤْكُلْ اور أَخَذَ يَأْخُذُ کا امر اُؤْخُذْ ہونا چاہئے تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المثنى	أَمَرَا	يَأْمُرَانِ	أَمَرَتَا	تَأْمُرَانِ
الجمع	أَمَرُوْا	يَأْمُرُوْنَ	أَمَرْنَ	يَأْمُرْنَ

المذكر المخاطب			المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	أَمَرْتَ	تَأْمُرُ	أَمَرْتِ	تَأْمُرِيْنَ
المثنى	أَمَرْتُمَا	تَأْمُرَانِ	أَمَرْتُمَا	تَأْمُرَانِ
الجمع	أَمَرْتُمْ	تَأْمُرُوْنَ	أَمَرْتُنَّ	تَأْمُرْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	أَمَرْتُ	آمُرُ
المثنى	أَمَرْنَا	نَأْمُرُ
الجمع	أَمَرْنَا	نَأْمُرُ

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	مُرْ	مُرِيْ
المثنى	مُرَا	مُرَا
الجمع	مُرُوْا	مُرْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مهموز العين من باب فتح

الصيغ	المذكر الغائب		المؤنث الغائب	
	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	سَأَلَ	يَسْأَلُ	سَأَلَتْ	تَسْأَلُ
المثنى	سَأَلَا	يَسْأَلَانِ	سَأَلَتَا	تَسْأَلَانِ
الجمع	سَأَلُوْا	يَسْأَلُوْنَ	سَأَلْنَ	يَسْأَلْنَ

الصيغ	المذكر المخاطب		المؤنث المخاطب	
	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	سَأَلْتَ	تَسْأَلُ	سَأَلْتِ	تَسْأَلِيْنَ
المثنى	سَأَلْتُمَا	تَسْأَلَانِ	سَأَلْتُمَا	تَسْأَلَانِ
الجمع	سَأَلْتُمْ	تَسْأَلُوْنَ	سَأَلْتُنَّ	تَسْأَلْنَ

الصيغ	المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم	
	الماضي	المضارع
المفرد	سَأَلْتُ	أَسْأَلُ
المثنى	سَأَلْنَا	نَسْأَلُ
الجمع	سَأَلْنَا	نَسْأَلُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	اِسْئَلْ، سَلْ	اِسْئَلِي، سَلِي
المثنى	اِسْئَلَا، سَلَا	اِسْئَلَا، سَلَا
الجمع	اِسْئَلُوْا، سَلُوْا	اِسْئَلْنَ، سَلْنَ

مهموز اللام من باب فتح

المذكر الغائب			المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	قَرَأَ	يَقْرَأُ	قَرَأَتْ	تَقْرَأُ
المثنى	قَرَآ	يَقْرَآنِ	قَرَأَتَا	تَقْرَآنِ
الجمع	قَرَأُوْا	يَقْرَؤُوْنَ	قَرَأْنَ	يَقْرَأْنَ

المذكر المخاطب			المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	قَرَأْتَ	تَقْرَأُ	قَرَأْتِ	تَقْرَئِيْنَ
المثنى	قَرَأْتُمَا	تَقْرَآنِ	قَرَأْتُمَا	تَقْرَآنِ
الجمع	قَرَأْتُمْ	تَقْرَؤُوْنَ	قَرَأْتُنَّ	تَقْرَأْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المفرد	قَرَأْتُ	أَقْرَأُ
المثنى	قَرَأْنَا	نَقْرَأُ
الجمع	قَرَأْنَا	نَقْرَأُ

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	اِقْرَأْ	اِقْرَئِي
المثنى	اِقْرَآ	اِقْرَآ
الجمع	اِقْرَؤُوْا	اِقْرَأْنَ

قاعدہ نمبر۳۰:

مہموز وہ فعل ہے جس کے حروف اصلیہ میں سے کوئی حرف ہمزہ ہو۔ جب حرف فاء ہمزہ ہوتو یہ مہموز الفاء کہلاتا ہے، جب حرف عین ہمزہ ہوتو مہموز العین اور جب حرف لام ہمزہ ہوتو مہموز اللام کہلاتا ہے۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ افعال ماضیہ کو مضارع میں تبدیل کریں:

١ ـ أَبَدَأْتُمْ كُلَّ عَمَلٍ بِاسْمِ اللّٰهِ؟

٢ ـ أَلَجَأْتُمْ إِلَى الْمَكْرِ وَالْخِدَاعِ لِنَيْلِ غَرَضِكُمْ ؟

٣ ـ أَمَا رَفَأْتُنَّ ثِيَابَكُنَّ الْمُمَزَّقَةَ ؟

٤ ـ أَأَخَذْتُمْ أَوْلَادَكُمْ مَعَكُمْ إِلَى شَاطِئِ الْبَحْرِ؟

٥ ـ أَسِنَ الْمَاءُ بَعْدَ طُوْلِ الْمُكْثِ.

٦ ـ لِمَ تَرَكْتُمُ الشَّبَابِيْكَ مَفْتُوْحَةً؟ أَأَمِنْتُمُ السَّرِقَةَ؟

٧ ـ أَقَرْأْتِ الصُّحُفَ الْمَسَائِيَّةَ يَا فَاطِمَةُ؟

٨ ـ إِنَّ هٰذَا الْفَقِيْرَ قَدْ رَبَأَ بِنَفْسِهِ عَنْ تَكَفُّفِ النَّاسِ.

٩ ـ بَرِئْتُ مِنْ مَرَضِيْ وَوَاصَلْتُ الْعَمَلَ .

١٠ ـ أَأَخَذْتُنَّ رَأْيَ أَبِيْكُنَّ فِي هٰذِهِ الْقَضِيَّةِ الْحَرِجَةِ .

١١ ـ مَنِ الَّذِي أَمَّ النَّاسَ فِي غِيَابِ الإِمَامِ ؟

١٢ ـ اَلَّذِيْنَ دَأَبُوا عَلَى الْعَمَلِ هُمُ الَّذِيْنَ ظَفِرُوْا بِالنَّجَاحِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٣ ـ مَا يَئِسَ الْمُؤْمِنُ قَطُّ[1] مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ .

١٤ ـ قَرَأْتُ عِدَّةَ صَفْحَاتٍ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ وَسَئِمْتُ.

١٥ ـ هَلَّا[2] سَأَلْتُمُوْنِي عَمَّا أُشْكِلَ عَلَيْكُمْ؟

١٦ ـ هٰؤُلَاءِ الشُّبَّانُ الَّذِيْنَ قَدْ نَشَأُوا فِي بُحْبُوحَةِ الْعَيْشِ .

١٧ ـ خَطِئَ مَنْ ظَنَّ أَنَّهُ فِي غِنًى عَنْ تَوْفِيْقِ اللّٰهِ .

١٨ ـ مَلَأَتِ النِّسَاءُ الْجِرَارَ وَانْطَلَقْنَ يَحْمِلْنَهَا عَلٰى رُؤُوْسِهِنَّ .

١٩ ـ مَنِ الَّذِي جَرُؤَ عَلٰى فَتْحِ خِزَانَتِي بِدُوْنِ إِذْنِي؟

٢٠ ـ أَمَا أَسِفْتِ يَا عَائِشَةُ! عَلٰى سُفُوْرِ نِسَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ وَتَبَرُّجِهِنَّ؟

٢١ ـ طَرَأَتْ عَلَيْنَا ظُرُوْفٌ أَلْجَأَتْنَا إِلٰى بَيْعِ أَرَاضِيْنَا .(أَلْجَأَ، يُلْجِئُ)

٢٢ ـ أُولٰئِكَ هُمُ الْعُلَمَاءُ الَّذِيْنَ أَخَذُوا عَلٰى عَوَاتِقِهِمْ إِصْلَاحَ الْمُجْتَمَعِ.

٢٣ ـ إِنَّ الْمُجَاهِدِيْنَ الْأَفْغَانَ أَسَرُوْا كُلَّ مَنْ وَقَعَ بِأَيْدِيْهِمْ مِنْ جُنُوْدِ رُوْسِيَا.

٢٤ ـ اِلْتَفَتَ الْمُفْتِي إِلٰى خَادِمِهِ قَائِلًا : أَيْنَ الْفِتْيَانُ الَّذِيْنَ سَأَلُوْنِي عَنْ إِرْثِ أَبِيْهِمْ؟

٢٥ ـ هَلَّا أَخَذْتُمْ رَأْيِي قَبْلَ الإِقْدَامِ عَلٰى هٰذَا الْمَشْرُوْعِ الْجَدِيْدِ الَّذِي لَا عَهْدَ لَكُمْ بِهِ؟

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم کرتے ہو؟

۲۔ معلّمہ نے طالبات سے کہا: شاید تم پڑھائی سے اکتا گئی ہو۔

۳۔ انسان بھلائی کی دعا سے نہیں اکتاتا۔

۴۔ میں نے زینب سے کہا: اپنے چھوٹے بچوں کو نماز کا حکم کرو۔

۵۔ مہدی موعود کے نکلنے کا وقت قریب آچکا ہے۔

۶۔ ہم ان سرحدوں سے دشمن کے حملہ سے بے خوف نہیں ہیں۔

۷۔ ڈاکٹر اس مریض کی شفا سے مایوس ہو چکے ہیں۔

۸۔ بے شک زید عنقریب اپنے باپ کے قاتل سے بدلہ لے گا۔

۹۔ اللہ تعالیٰ کو زمین و آسمان کی حفاظت نہیں تھکاتی۔

۱۰۔ انسان جب طبیعتاً گھٹیا ہوتا ہے تو وہ نیکی کا اعتراف نہیں کرتا۔

۱۱۔ بے شک یہ بدبخت کسی کے مشورہ کا اعتبار نہیں کرتے۔

۱۲۔ سپہ سالار نے اپنی فوج سے کہا: ہم دشمن کو اچانک پکڑ لیں گے۔

---

(۱) قَطُّ صرف ماضی کے ساتھ آتا ہے، مضارع کے ساتھ ابدًا آتا ہے۔

(۲) ''هَلَّا'' أدوات تحضیض میں شمار ہوتا ہے۔ مخاطب کو زوردار اسلوب میں کسی عمل پر ابھارنا ہو تو یہ ادوات استعمال ہوتے ہیں۔ اگر هَلَّا کے بعد ماضی کا صیغہ ہو تو اس سے کسی گذشتہ فعل پر شدید ندامت کا اظہار مقصود ہوتا ہے: "هَلَّا اجْتَهَدتُّ فِي الْإِمْتِحَانِ(لِمَنْ رَسِبَ)"(فیل ہونے والے طالب علم کو کہا جائے: تم محنت کرتے امتحان میں تو کیا ہی اچھا ہوتا) اور اگر مضارع کا صیغہ ہو تو عمل پر ابھارنا مقصود ہوتا ہے: "هَلَّا تَجْتَهِدُوْنَ لِلْإِمْتِحَانِ" (تم سب امتحان کے لئے محنت کیوں نہیں کرتے ہو!)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۱۳۔ میرے بھائی فقہ ایک بڑے مفتی سے سیکھ رہے ہیں۔

۱۴۔ وہ لوگ جو بینک میں اکاؤنٹ کھولتے ہیں وہ گناہ کماتے ہیں۔

۱۵۔ جو معاشرے کا حال ہوگیا ہے ہمیں اس پر افسوس ہے۔

۱۶۔ کیا تم ظالم بادشاہ کے سامنے علانیہ حق کہنے کی جرأت رکھتے ہو؟

۱۷۔ استاد نے طالبات سے کہا: یہ اسباق گھر میں پڑھو۔

۱۸۔ زینب نے عزت وشرافت والے گھرانے میں پرورش پائی ہے۔

۱۹۔ بے شک یہ انتہائی مشفق عورت ہر کسی پر مہربان ہے۔

۲۰۔ بے شک ان علماء نے معاشرہ کی اصلاح میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

۲۱۔ میرے بچے مدرسہ جانے میں بہت دیر لگاتے ہیں۔

۲۲۔ آقا نے اپنے شاگرد سے کہا: یہ پیسے لو اور پھل فروش کو دے دو۔

۲۳۔ بچہ باادب ہوگیا اور اس کے اخلاق اچھے ہوگئے۔

۲۴۔ شیر اپنے کچھار میں چنگھاڑتا ہے اور دلوں پر رعب طاری کرتا ہے۔

۲۵۔ باپ نے بیٹوں سے کہا: ان متقی اساتذہ سے اپنا دین سیکھو۔

۲۶۔ واعظ نے لوگوں سے کہا: اپنے آپ سے برائی اور بے حیائی کو ہٹاؤ۔

۲۷۔ بے شک اس کے غلام کچھ مہینوں بعد بھاگ جاتے ہیں۔

۲۸۔ بچے آدھا گھنٹہ ساحل سمندر پر کھیلے اور اپنی جیبیں سیپیوں سے بھر لیں۔

۲۹۔ بے شک اسلام مسلمان کو جھوٹی خوشامد اور چاپلوسی سے بالاتر کرتا ہے۔

۳۰۔ ہم جانتے ہیں کہ آپ کو دکھ ہوتا ہے جب آپ لوگوں کی باتیں سنتے ہیں۔

۳۱۔ کشمیر کے مجاہدین نے ہندوستان کی فوج کی بہت بڑی تعداد کو قید کر دیا۔

۳۲۔ میں نے لڑکیوں سے پوچھا: کیا تم ہر کام اللہ کے نام سے شروع نہیں کرتیں؟

۳۳۔ میں نے بچے سے کہا: اپنے سیدھے ہاتھ سے کھاؤ اور اللہ کے نام سے شروع کرو۔

۳۴۔ بے شک سلیم خوش اخلاق ہے، اس کے دوست اس کی باتوں سے انس رکھتے ہیں۔

۳۵۔ میں نے اپنے والدین سے پوچھا: کیا آپ اپنے بیٹے کی کامیابی کی امید رکھتے ہیں۔

۳۶۔ وزیر نے اپنے ایک خادم سے کہا: اس فقیر عورت کے ساتھ جاؤ اور اسکا گھر غلے سے بھر دو۔

۳۷۔ کیا تم جانتے نہیں کہ پاکستان کے وزیراعظم اسلامی وزراء خارجہ کی مؤتمر کی صدارت کریں گے؟

۳۸۔ کیا تم نے سنا ہے کہ چین کی بعض جگہوں میں کچھ لوگ اپنی بچیوں کو فقر کے ڈر سے زندہ درگور کرتے ہیں۔

۳۹۔ فقیر آدمی دروازہ پر کھڑا ہوا اور کمرے میں بیٹھے ہوئے حضرات سے کہا: مجھے داخل ہونے کی اجازت دیجئے۔

۴۰۔ ماں نے اپنے بیٹوں سے کہا: اللہ کے آگے گڑگڑاؤ شاید وہ اپنی رحمت سے ہمیں اس سے نکال لے جس میں ہم مبتلا ہیں[1]۔

---

(۱) مِمَّا نَحْنُ فِيهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ سے افعال امر بنایئے پھر ان افعال امر کو قوسین میں دیئے ہوئے صیغوں میں لا کر جملوں میں استعمال کیجئے:

١ـ يَأْكُلُ (جمع مذكر)
٢ـ يَأْخُذُ (مفرد مذكر)
٣ـ يَسْأَلُ (جمع مؤنث)
٤ـ يَبْدَأُ (مفرد مؤنث)
٥ـ يَدْرَأُ (جمع مذكر)
٦ـ يَقْرَأُ (جمع مذكر)
٧ـ يَأْمُرُ (مفرد مذكر)
٨ـ يَأْذَنُ (مثنى)
٩ـ يَأْمَنُ (مثنى)
١٠ـ يَمْلَأُ (جمع مذكر)

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں مہموز افعال میں مہموز الفاء، مہموز العین اور مہموز اللام کی تعیین کریں اور ان کے (ماضی رمضارع رامر کے) صیغے بتایئے:

١ـ يَدْرَؤُونَ بِالحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ.
٢ـ يُسَبِّحُوْنَ لَهُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْئَمُونَ.
٣ـ سَلْهُمْ أَيُّهُم بِذٰلِكَ زَعِيمٌ.
٤ـ إِنْ تَكُونُوا تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُم يَأْلَمُونَ كَما تَأْلَمُونَ.
٥ـ فَاقْرَأُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ القُرْآنِ.
٦ـ يَاأَيُّها الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّباتِ ما رَزَقناكُم.
٧ـ إذ أَبَقَ إِلَى الفُلكِ المَشْحُونِ.
٨ـ خُذِ العَفْوَ وَ أْمُرْ بِالعُرفِ وَ أَعْرِضْ عَنِ الجَاهِلِينَ.
٩ـ قَالَ اخْسَئُوا فِيها وَلا تُكَلِّمُونِ.
١٠ـ قُلْ فَادْرَؤُوا عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ.
١١ـ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَإِلَيهِ تَجْئَرُونَ.
١٢ـ كُنْتُم خَيرَ أُمَّةٍ أُخرِجَت لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالمَعرُوفِ.
١٣ـ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّي وَلا تَفتِنِّي.
١٤ـ ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرات فَاسلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلاً.
١٥ـ إِنَّه لا يَيئَسُ مِن رَوحِ اللّٰهِ إلا القَومُ الكافِرُونَ.
١٦ـ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعبَ فَرِيقاً تَقتُلونَ وَتَأسِرُونَ فَرِيقاً.
١٧ـ وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالإِنسِ.
١٨ـ الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَ بَدَأَ خَلْقَ الإِنْسَانِ مِنْ طِينٍ.
١٩ـ أَزِفَتِ الآزِفَةُ لَيسَ لَها مِن دُونِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ.
٢٠ـ أَ فَأَمِنُوا مَكْرَ اللّٰهِ، فَلَا يَأْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُونَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	عربي	اردو
أَسَرَ ـِ	اس نے قید کیا	رَفَأَ ـَ	کپڑے کی پھٹن کو سیا
رَبَأَ ـَ	وہ بچا	طَرَأَ ـَ	اچانک کوئی معاملہ پیش آ گیا
أَسَنَ ـَ و ـُ الماءُ	پانی متغیر ہو گیا	دَأَبَ ـَ	کوشش ومشقت سے کسی کام کو برابر کرتا رہا

اردو	عربي	اردو	عربي
اس نے دکھ محسوس کیا	أَلِمَ ـَ	اس نے انس حاصل کیا	أَنِسَ ـَ
اس نے تھکایا	آدَ ـُ	اس نے امید کی	أَمَلَ ـُ
وہ گڑگڑایا	جَأَرَ ـَ	غلام بھاگ گیا	أَبَقَ ـِ
اس نے بدلہ لیا	ثَأَرَ ـَ	بالاتر کیا	رَبَأَ ـَ
وہ چنگھاڑا	زَأَرَ ـَ و ـِ	وہ مہربان ہوا	رَأَفَ ـُ
اس نے صدارت کی	رَأَسَ ـَ	اس نے دیر لگائی	بَطُؤَ ـُ
اس نے زندہ درگور کیا	وَأَدَ ـِ	وہ باادب ہو گیا	أَدُبَ ـُ
وہ گھٹیا ہوا	لَؤُمَ ـُ	اس نے گناہ کیا	أَثِمَ ـَ
انھوں نے کوئی کسر نہ چھوڑی	لَمْ يَأْلُوا جُهْدًا	وہ بے خوف ہوا	أَمِنَ ـَ
اس نے نیکی کا اعتراف کیا	اعْتَرَفَ بِالْجَمِيْلِ	اس نے کسی کے مشورہ کا اعتبار نہیں کیا	لَمْ يَأْخُذْ مَشْوَرَةَ أَحَدٍ بِعَيْنِ الإِعْتِبَارِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الأسماء

عربي	اردو	عربي	اردو
تَبَرُّجٌ	بے پردگی	بُحْبُوْحَةُ الْعَيْشِ	زندگی کی فراخی یا عمدگی
عَاتِقٌ	کندھا	لَا عَهْدَ لَكُمْ	تم ناواقف ہو
حَرِجٌ	نازک		

اردو	عربي	اردو	عربي
غلہ	حَبَّةٌ ج حُبُوْبٌ	مشفق	حَنُوْنٌ
سیپیاں	قَوَاقِعُ	اچانک	عَلى حِيْنِ غَرَّةٍ
کچھار	عَرِيْنٌ	پھل فروش	فَاكِهَانِيٌّ
جھوٹی خوشامد	تَزَلُّفٌ	اکاؤنٹ	حِسَابٌ
چاپلوسی	تَمَلُّقٌ	بینک	بَنْكٌ ج بُنُوكٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الخامس

المُضَعَّف

الأمثلة:

(ا)

١ ـ **الماضي:** فَرَرْتُ مِنَ الْفِتْنَةِ إِلَى أَرْضِ سَلَامٍ.

٢ ـ **المضارع:** لَا يَفِرُّ الشُّجَاعُ مِنَ الْمَوْتِ.

٣ ـ **الأمر:** قال عليه الصلاة والسلام: فِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ فِرَارَكَ مِنَ الْأَسَدِ. (اِفْرِرْ، فِرَّا، فِرُّوا)

(ب)

٤ ـ **الماضي:** رَدَدْنَا الأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا.

٥ ـ **المضارع:** صَدِيْقِي مَن يَرُدُّ الشَرَّ عَنِّي.

٦ ـ **الأمر:** كَتَبَ زَيْدٌ إِلَى صَدِيْقِهِ أَنِ ارْدُدْ إِلَيَّ كُتُبِي بِأَقْرَبِ مَا يُمْكِنُ. (أُرْدُدْ، رُدَّا، رُدُّوا)

(ج)

٧ ـ **الماضي:** مَسِسْتُ جَنَاحَ الفِرَاشَةِ فَإِذَا[1] هِيَ أَلْيَنُ مِنَ الْحَرِيْرِ.

٨ ـ **المضارع:** لَا يَمَسُّ الْمُؤمِنَ سُوءٌ إِلَّا وَتَسْقُطُ بِهِ الذُّنُوبُ.

٩ ـ **الأمر:** قَالَ الْعِفْرِيْتُ لِمُرِيْدِهِ: اِمْسَسْ مَا تَشَاءُ بِهٰذِهِ الْعَصَا السِّحْرِيَّةِ يَنْقَلِبْ ذَهَبًا. (اِمْسَسْ، مَسَّا، مَسُّوا)

شرح وتفصیل:

۱۔ مضعف اگر لازم ہو تو اکثر باب ضَرَبَ سے آتا ہے: جَفَّ، تَمَّ، فَرَّ۔

۲۔ اگر متعدی ہو تو عموماً باب نَصَرَ سے آتا ہے: رَدَّ، مَدَّ، شَقَّ، ضَمَّ۔ کبھی کبھی باب سَمِعَ سے بھی آتا ہے: مَسَّ، وَدَّ، مَلَّ۔

---

(۱) إِذَا اَلْفُجَائِيَّةُ ہے، اسم پر داخل ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ مضعف ثلاثی کے ماضی کا اسناد[۱] جب ضمیر رفع متحرک[۲] کی طرف ہوتو اس کا ادغام[۳] ٹوٹ جاتا ہے (اسے فَكُّ الإدْغَام کہتے ہیں) مثالوں کو دیکھئے: رَدَدْنَا، فَرَرْتُ، مَسِسْتُ۔

۴۔ جب مضعف ثلاثی کے ماضی کا اسناد اسم ظاہر، ضمیر مستتر، الف یا واو[۴] کی طرف ہوتو ادغام برقرار رہتا ہے:

ماضی مضعف کا اسناد اسم ظاہر کی طرف: شَقَّ الوَلَدُ الثَّوْبَ.

ماضی مضعف کا اسناد ضمیر مستتر کی طرف: عائِشَةُ شَدَّتِ الْحَبْلَ.

ماضی مضعف کا اسناد ألف الاثنين کی طرف: الوَلَدَانِ مَلَّا الدِّرَاسَةَ.

ماضی مضعف کا اسناد واو الجماعة کی طرف: الخَدَمُ صَبُّوا الشَّايَ.

۵۔ مضعف ثلاثی کا اسناد جب نون النسوة کی طرف ہوتو ادغام ٹوٹ جاتا ہے: يَعْفِفْنَ، يَرْدُدْنَ، تَعْفِفْنَ، تَرْدُدْنَ۔

بقیہ صیغوں میں ادغام برقرار رہتا ہے: هُمَا يَعِفَّانِ، هُمْ يَعِفُّوْنَ، أنتِ تَعِفِّيْنَ، نَحْنُ نَعِفُّ وغیرہ، هُمَا يَرُدَّانِ، هُمْ يَرُدُّوْنَ، أنتِ تَرُدِّيْنَ، نَحْنُ نَرُدُّ وغیرہ۔

۶۔ مضعف ثلاثی کے امر کا اسناد جب نون النسوة کی طرف ہوتو فک ادغام واجب ہو جاتا ہے: اِعْفِفْنَ يَا نِسَاءُ، اُرْدُدْنَ الْكُتُبَ يَا بَنَاتُ۔

اگر ضمیر رفع ساکن کی طرف ہوتو ادغام واجب ہو جاتا ہے: رُدَّا، رُدُّوْا، رُدِّي[۵]۔

اور جب اس کا اسناد ضمیر مستتر کی طرف ہوتو ادغام اور فکّ ادغام دونوں جائز ہیں: رُدَّ اُرْدُدْ، فِرَّ اِفِرَّ۔

۷۔ مضعف اگر باب نَصَرَ سے ہوتو امر کے مفرد مذکر کے صیغے کی بحالت ادغام تین صورتیں بنیں گی: رُدُّ، رُدَّ، رُدِّ۔

پہلی صورت میں باب کی مناسبت کی وجہ سے دال مشدد کو ضمہ دیا گیا ہے۔ دوسری صورت میں فتحہ دیا گیا ہے، کیونکہ یہ أخفّ الحركات ہے۔ اور تیسری صورت میں کسرہ دیا گیا ہے کیونکہ قاعدہ کے مطابق جب ساکن کو متحرک

(۱) فعل کا اسناد ضمیر یا اسم ظاہر کی طرف ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ضمیر یا اسم ظاہر اس فعل کا فاعل بن کر آرہا ہے۔

(۲) تَ، تِ، تُ، نا، نون النسوة۔ (۳) جب دو حرف ہم جنس ایک کلمہ میں ساتھ ساتھ واقع ہوں (جیسے مضعف کا عین اور لام) تو پہلے کو دوسرے میں تشدید کے ذریعے داخل کر دیا جاتا ہے، اسے صرف کی اصطلاح میں ادغام کہتے ہیں۔ (۴) ألف الاثنين، واو الجماعة اور یاءالمخاطبة، ضمائر الرفع الساكنة کہلاتے ہیں۔ (۵) ادغام کی صورت میں ہمزۃ الوصل حذف ہو جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بناتے ہیں تو کسرہ کے ساتھ بناتے ہیں[1]۔ اگر امر باب سمع یا ضرب سے ہو تو بحالت ادغام حرف مشدد کو کسرہ یا فتحہ دیا جائے گا: فِرَّ، فِرَّ (باب ضرب)، مَسَّ، مَسَّ (باب سمع)۔

جداول

المضعف من باب نصر

الغائب المذكر			الغائب المؤنث	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	رَدَّ	يَرُدُّ	رَدَّتْ	تَرُدُّ
المثنى	رَدَّا	يَرُدَّانِ	رَدَّتَا	تَرُدَّانِ
الجمع	رَدُّوا	يَرُدُّوْنَ	رَدَدْنَ	يَرْدُدْنَ

المذكر المخاطب			المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	رَدَدْتَ	تَرُدُّ	رَدَدْتِ	تَرُدِّيْنَ
المثنى	رَدَدْتُمَا	تَرُدَّانِ	رَدَدْتُمَا	تَرُدَّانِ
الجمع	رَدَدْتُمْ	تَرُدُّوْنَ	رَدَدتُنَّ	تَرْدُدْنَ

(۱) صرف کا قاعدہ ہے کہ دو ساکن حرف ایک کلمہ میں جمع نہیں ہو سکتے، اجتماع ساکنین سے بچنے کے دو طریقے ہیں یا تو ان میں سے ایک کو حذف کر دیا جاتا ہے اگر یہ ممکن نہ ہو جیسے کہ اس صورت میں ہے کہ ساکنین میں سے ہر ایک حرف حروف اصلیہ میں سے ہے تو پھر ایک ساکن کو حرکت دے دی جاتی ہے، حرف عین تو قاعدے کی رو سے ساکن ہی رہے گا البتہ لام کو حرکت دی جا سکتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	رَدَدْتُ	أَرُدُّ
المثنى	رَدَدْنَا	نَرُدُّ
الجمع	رَدَدْنَا	نَرُدُّ

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	رُدَّ، ارْدُدْ	رُدِّي
المثنى	رُدَّا	رُدَّا
الجمع	رُدُّوا	ارْدُدْنَ

المضعَّف من باب ضَرَبَ

المذكر الغائب			المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	فَرَّ	يَفِرُّ	فَرَّتْ	تَفِرُّ
المثنى	فَرَّا	يَفِرَّانِ	فَرَّتَا	تَفِرَّانِ
الجمع	فَرُّوا	يَفِرُّونَ	فَرَرْنَ	يَفْرِرْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المذكر المخاطب			المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	فَرَرْتَ	تَفِرُّ	فَرَرْتِ	تَفِرِّيْنَ
المثنى	فَرَرْتُمَا	تَفِرَّانِ	فَرَرْتُمَا	تَفِرَّانِ
الجمع	فَرَرْتُمْ	تَفِرُّوْنَ	فَرَرْتُنَّ	تَفْرِرْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	فَرَرْتُ	أَفِرُّ
المثنى	فَرَرْنَا	نَفِرُّ
الجمع	فَرَرْنَا	نَفِرُّ

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	فِرَّ، افْرِرْ	فِرِّي
المثنى	فِرَّا	فِرَّا
الجمع	فِرُّوْا	افْرِرْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المضعف من باب سمع

المذكر الغائب			المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	مَسَّ	يَمَسُّ	مَسَّتْ	تَمَسُّ
المثنى	مَسَّا	يَمَسَّانِ	مَسَّتَا	تَمَسَّانِ
الجمع	مَسُّوْا	يَمَسُّوْنَ	مَسِسْنَ	يَمْسَسْنَ

المذكر المخاطب			المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	مَسِسْتَ	تَمَسُّ	مَسِسْتِ	تَمَسِّيْنَ
المثنى	مَسِسْتُمَا	تَمَسَّانِ	مَسِسْتُمَا	تَمَسَّانِ
الجمع	مَسِسْتُمْ	تَمَسُّوْنَ	مَسِسْتُنَّ	تَمْسَسْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	مَسِسْتُ	أَمَسُّ
المثنى	مَسِسْنَا	نَمَسُّ
الجمع	مَسِسْنَا	نَمَسُّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	مَسَّ، امْسَسْ	مَسِّي
المثنى	مَسَّا	مَسَّا
الجمع	مَسُّوْا	امْسَسْنَ

قاعدہ نمبر ۳۱:

۱۔ مضعف وہ فعل ہے جس کا حرف عین اور حرف لام ہم جنس ہوتے ہیں مثلا: مَرَّ، فَرَّ۔

۲۔ فعل ماضی مضعف کے مفرد مذکر غائب، مفرد مؤنث غائب، ألف الاثنين اور واو الجماعة کے صیغوں میں ادغام واقع ہوتا ہے یعنی حرف عین اور لام تشدید کے ذریعہ باہم مدغم واقع ہوتے ہیں، جبکہ ماضی مضعف کے وہ صیغے جن کے ساتھ ضمائر متحرکہ (تَ، تُ، تِ، نَا) ملحق ہوتے ہیں، ان میں فك ادغام واقع ہوتا ہے یعنی عین اور لام جدا جدا واقع ہوتے ہیں۔

۳۔ مضارع مضعف کے تمام صیغوں میں ادغام واقع ہوتا ہے، جمع مؤنث کے دو صیغوں کے علاوہ۔

۴۔ مضعف کے امر میں إدغام اور فك إدغام دونوں صورتیں جائز ہیں۔ فك إدغام کی صورت میں مضعف کا امر صحیح سالم افعال کے امر کی طرح افْعَلْ یا افْعُلْ کے وزن پر بنتا ہے۔ امر کے حرف عین پر حسب قاعدہ مضارع کے عین کی حرکت آتی ہے۔

۵۔ ادغام کی صورت میں همزة الوصل حذف ہو جاتا ہے۔ فعل اگر باب نصر سے ہو تو حرف فاء پر ضمہ اور مشدد حرف پر ضمہ، فتحہ اور کسرہ میں سے کوئی بھی حرکت آسکتی ہے اور اگر فعل باب ضَرَبَ سے ہو تو حرف فاء پر کسرہ اور اگر باب سَمِعَ سے ہو تو فاء پر فتحہ آتا ہے اور مشدد حرف کو فتحہ یا کسرہ دیا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ افعال ماضیہ کو مضارع میں تبدیل کرکے جملوں کو از سر نو لکھئے (مضعف افعال کے ابواب قوسین میں دیئے ہوئے ہیں):

١ـ أَ ظَنَنْتَنِي[1] كَاذِبًا.(نصر)

٢ـ كَرَّ الْجُنُوْدُ وَفَرُّوْا فِي مَيْدَانِ الْقِتَالِ.(نصر، ضرب)

٣ـ سَرَّنِي رُؤْيَتُكَ الْيَوْمَ.(نصر)

٤ـ إِذَا قَلَّ الْمَطَرُ فِي الصَّحْرَاءِ جَفَّ النَّبَاتُ. (ضرب)

٥ـ ضَلَلْنَا الطَّرِيْقَ فِي الْغَابَةِ.(ضرب)

٦ـ شَدَدْتُ الْبَعِيْرَ بِأَحَدِ أَعْمِدَةِ الْمَسْجِدِ.(نصر)

٧ـ هَشَّ الْفَرَسُ الذُّبَابَ بِذَنَبِهِ.(نصر)

٨ـ هَزَزْتُ إِلَيَّ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ فَسَقَطَ ثَمَرُهَا.(نصر)

٩ـ قَصَّ زَيْدٌ قِصَّتَهُ عَلَى خُلَّانِهِ.(نصر)

١٠ـ دُقَّ الْجَرَسُ فَأَسْرَعَ الطُّلَّابُ إِلَى فُصُولِهِمْ.(نصر)

١١ـ أَنَّ الْجَرِيْحُ مِنْ شِدَّةِ الْأَلَمِ.(ضرب)

١٢ـ يَا عَائِشَةُ! أَ صَبَبْتِ الشَّايَ فِي الْفَنَاجِيْنِ؟ (نصر)

١٣ـ كَيْفَ حَلَلْتُمْ مَشَاكِلَكُمْ؟(نصر)

١٤ـ هَلَّا مَدَدْتَ يَدَ الْمَعُوْنَةِ نَحْوَ الضُّعَفَاءِ! (نصر)

١٥ـ وَيْلَكَ أَ بَثَثْتَ سِرَّ الصَّدِيْقِ؟(نصر)

١٦ـ الَّذِي حَطَّ مِنْ شَأْنِ الإِسْلَامِ فَإِنَّهُ لَلَعِيْنٌ.(نصر)

١٧ـ إِنَّ الْبِلَادَ عَمَّتْهَا فَوْضَى تَامَّةٌ.(نصر)

١٨ـ أَ مَرَرْتَ بِآثَارِ الْأُمَمِ الْبَائِدَةِ فِي أَسْفَارِكَ؟(نصر)

١٩ـ ضَمَّتِ الْأُمُّ وَلَدَهَا إِلَى صَدْرِهَا.(نصر)

٢٠ـ مَسِسْتُ ثِيَابَ الطِّفْلِ فَوَجَدتُّهَا[2] مُبْتَلَّةً.(سمع)

٢١ـ رَقَّتِ الْقُلُوْبُ لِبُكَاءِ الثَّوَاكِلِ.(ضرب)

٢٢ـ تَمَّ بِنَاءُ الْمَسْجِدِ فِي ثَلَاثِ سَنَوَاتٍ.(ضرب)

٢٣ـ هَلَّا كَفَفْتُنَّ عَنْ إِيْذَاءِ الْآخَرِيْنَ.(نصر)

٢٤ـ أَ رَشَشْتِ التَّوَابِلَ عَلَى اللَّحْمِ الْمَشْوِيِّ؟(نصر)

٢٥ـ أَ شَمَمْتَ رَائِحَةَ هٰذِهِ الْوُرُوْدِ؟(نصر)

٢٦ـ دَلَّ الرَّسُولُ قَوْمَهُ عَلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ.(نصر)

٢٧ـ سَنَّ الْجَزَّارُ سِكِّينَهُ وَذَبَحَ الشَّاةَ.(نصر)

٢٨ـ اسْتَعَدَّ الْجُنُوْدُ لِلْقِتَالِ وَسَلُّوْا سُيُوفَهُمْ.(يَسْتَعِدُّ)(نصر)

٢٩ـ ظَلَلْتُ[3] نَائِمًا رَغْمَ ضَجِيْجِ الْأَطْفَالِ.(فتح)

٣٠ـ مَا حَلَّ لامْرِئٍ قَطُّ أَخْذُ مَالِ أَخِيْهِ دُوْنَ إِذْنِهِ.(ضرب)

٣١ـ هَزَمْنَا الْعَدُوَّ وَرَدَدْنَاهُ عَلَى عَقِبَيْهِ.(نصر)

٣٢ـ تَعِبَ الْمُسَافِرُوْنَ فَحَطُّوْا رِحَالَهُمْ فِي وَاحَةٍ.(نصر)

---

(١) یہ دو مفعول کو منصوب کرتا ہے۔ (٢) وجد، یجد دو مفعول کو منصوب کرتا ہے۔

(٣) یہ أخوات کان میں سے ہے، مبتدا کو مرفوع، خبر کو منصوب کرتا ہے، یہ استمرار (یعنی فعل کے جاری رہنے) کا فائدہ دیتا ہے: ظَلَّ زَيْدٌ قَائِمًا: زید کھڑا رہا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣٣ـ جَرَرْتَ عَلَى نَفْسِكَ الْمَتَاعِبَ بِعِنَادِكَ.(نصر) ٣٤ـ أَمَا حَشَتْ ابْنَكِ عَلَى الالْتِحَاقِ بِمَدْرَسَةٍ دِينِيَّةٍ؟(نصر)

٣٥ـ هَبَّتِ الْعَوَاصِفُ وَقَلَعَتِ الأَشْجَارَ.(نصر) ٣٦ـ ظَلَّ الضُّيُوْفُ جَالِسِيْنَ رَغْمَ غِيَابِ الْمُضِيْفِ.(فتح)

٣٧ـ خَصَّ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ مَنْ شَاءَ بِفَضْلِهِ.(نصر)

٣٨ـ قَرَّتْ عَيْنُ الأُمِّ عِنْدَ مَارَجَعَ إِلَيْهَا ابْنُهَا الْمَفْقُوْدُ.(ضرب)

٣٩ـ مَا صَحَّ اسْتِخْدَامُكَ هٰذِهِ الْكَلِمَةَ فِي هٰذَا الْمَوْضِعِ.(ضرب)

٤٠ـ مَاضَرَّكَ شَيْءٌ فِي الأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ.(نصر)

٤١ـ وَدِدْتُ لَوْ أَنَّ لِي مِلْيُوْنَ رُوْبِيَّةٍ فَأُنْفِقَهَا عَلَى فُقَرَاءِ الْبَلَدِ.(سمع)

٤٢ـ شَتَّ اللّٰهُ شَمْلَ الْكُفَّارِ وَدَمَّرَهُمْ عَن آخِرِهِمْ. (دَمَّرَ، يُدَمِّرُ)(ضرب)

٤٣ـ اَلطُّلَّابُ ظَلُّوْا عَاكِفِيْنَ عَلَى كُتُبِهِمْ حَتّٰى مُنْتَصَفِ اللَّيْلِ.(فتح)

٤٤ـ قَصَرْنَا شَعْرَنَا وَقَصَصْنَا أَظْفَارَنَا بَعْدَ الْخُرُوْجِ مِنَ الإِحْرَامِ.(نصر)

٤٥ـ أَخَذْتُ الْكُتُبَ مِنْ مَكْتَبَةِ الْجَامِعَةِ وَرَدَدْتُّهَا بَعْدَ أُسْبُوْعٍ.(نصر)

٤٦ـ عَزَّ عَلَى الشُّبَّانِ الْمُسْلِمِيْنَ فِي زَمَنِنَا الْتِزَامُ أَحْكَامِ الشَّرْعِ.(ضرب)

٤٧ـ عَذَّبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَنْ كَفَرَ بِآيَاتِهِ وَصَدَّ عَنْ سَبِيْلِهِ. (يُعَذِّبُ)(نصر)

٤٨ـ لِمَ خَرَجْتَ مِنْ حُجْرَةِ الدَّرْسِ؟ أَمَلِلْتَ مُحَاضَرَةَ الأُسْتَاذِ؟(سمع)

٤٩ـ لِمَ مَدَدتُّمْ أَبْصَارَكُمْ إِلَى مَا عِنْدَ النَّاسِ مِنْ زِيْنَةِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا؟(نصر)

٥٠ـ سَأَلَ الْبَخِيْلُ خَدَمَهُ: أَ عَدَدْتُّمُ النُّقُوْدَ وَرَدَدْتُّمُوهَا إِلَى الْخَزَانَةِ؟(نصر)

٥١ـ مَا هَمَّ الطَّالِبَ إِلَّا الْحُصُوْلُ عَلَى دَرَجَاتٍ عَالِيَةٍ فِي الإِمْتِحَانِ.(نصر)

٥٢ـ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهُ أَجْرُهَا وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.(نصر)

٥٣ـ هَلَّا غَضَضْتُمُ النَّظَرَ عَنْ عُيُوْبِ الآخَرِيْنَ وَنَظَرْتُمْ إِلَى عُيُوْبِ أَنْفُسِكُمْ! (نصر)

٥٤ـ عِنْدَمَا صَعِدَ الْخَطِيْبُ عَلَى الْمِنْبَرِ حَفَّتْ بِهِ الْعُيُوْنُ وَأَصْغَتْ [1] إِلَيْهِ الآذَانُ.(سمع، ضرب)

٥٥ـ أَفْرَطَتْ نِسَاءُ الْقَرْيَةِ فِي الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ فَشَقَقْنَ جُيُوبَهُنَّ ولَطَمْنَ خُدُوْدَهُنَّ.(أفرط، يُفْرِط)(نصر)

(١) أَصْغَى يُصْغِي.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١۔ میں حرام سے بچا۔

٢۔ جب تمھیں کوئی سلام کرے تو اس کا جواب دو۔

٣۔ ہمیں اس خبر میں شک ہے۔

٤۔ بچے برابر روتے رہے یہاں تک کہ انکی ماں لوٹ آئی۔

٥۔ گرانی کی مصیبت میں کمی ہوئی۔

٦۔ اس دردناک منظر سے کیا تمہارا دل نرم نہیں پڑا؟

٧۔ دوست کی غلطیوں کو نظر انداز کرو۔

٨۔ انکو مشترکہ مصلحتوں نے آپس میں جوڑا ہوا ہے۔

٩۔ اے زینب! تم نے اپنا سر کیوں ہلایا؟

١٠۔ کیا زندگی دوستوں کے بغیر لذت والی ہوسکتی ہے؟

١١۔ کیا کوئی ہے جو باپ کی جگہ لے لے؟

١٢۔ بے شک معزز شخص ایسے گھٹیا افعال سے بچتا ہے۔

١٣۔ وقت بہت تیزی سے گزر رہا ہے۔

١٤۔ بادشاہ نے اپنے خادموں سے کہا: قیدی کو رہا کردو۔

١٥۔ اپنا خواب اپنے بھائیوں پر بیان کرو۔

١٦۔ پردیسی کب سے اپنے وطن کے لئے ترس رہا ہے۔[1]

١٧۔ دوسروں کو تنگ کرنے سے رک جاؤ۔

١٨۔ اے زید! اس پردیسی کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ۔

١٩۔ اس کا پیر برف پر پھسلا پس وہ گر گیا۔

٢٠۔ اے عورتو! پاکدامن رہو اور بے پردگی سے رک جاؤ۔

٢١۔ کیا میں نے تمھیں کتابیں لوٹا دی ہیں؟

٢٢۔ میں نے عائشہ سے کہا: کیا تم مجھے بیوقوف سمجھ رہی ہو؟

٢٣۔ تم لوگوں کو مشقت میں کیوں ڈالتے ہو؟

٢٤۔ خادمہ نے گاجر کے حلوے پر بادام کی ہوائیاں چھڑکیں۔

٢٥۔ کون ہے جو اللہ کی باڑ کا دفاع کرے گا؟

٢٦۔ میں نے روٹی کو ایک کپڑے میں لپیٹا اور سائل کو دے دیا۔

٢٧۔ ہم ان لوگوں کو بُروں میں شمار کرتے ہیں۔

٢٨۔ تم نے اس غریب عورت کے سلام کا جواب کیوں نہیں دیا؟[2]۔

٢٩۔ دشمن نے مسلمانوں کے خلاف سازش کی۔

٣٠۔ بے شک اللہ تعالیٰ سرکشوں کو انکی گمراہی میں ڈھیل دیتے ہیں۔

٣١۔ ان علماء کی آراء بعض مسئلوں میں شاذ ہیں۔

٣٢۔ لڑکیوں کے لئے دینی مدرسے کھولنے کی سخت ضرورت ہے۔

٣٣۔ کیا تم نے اپنے صدقہ سے فقیر پر احسان کیا؟

٣٤۔ آجکل لوگوں کو صرف معیار زندگی بہتر بنانے کی فکر لاحق ہے۔

٣٥۔ آپ نے ہم پر احسان کیا اپنی توجہ دے کر۔

٣٦۔ ماؤں نے اپنے بیٹوں کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں نکلنے کی ترغیب دی۔

---

(١) کب سے: طَالَمَا۔ (٢) کیوں نہیں: هلاّ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۷۔تم فقراء پر اپنے مال میں کیوں بخل کرتے ہو؟ ۳۸۔اے بادشاہ! بے شک آپ کا فضل قریب اور دور کے لئے عام ہے۔

۳۹۔مجھ پر مدت کے بعد عیاں ہوا کہ میرا نوکر مجھ سے خیانت کرتا ہے۔

۴۰۔کیا تم جانتے نہیں کہ انسان کو خطرے اور ہلاکتیں گھیرے ہوئے ہیں؟

۴۱۔پاکستانی سپہ سالار نے ہندوستان کی مغربی سرحدوں پر کئی بار حملے کئے۔

۴۲۔بے شک ان دونوں جرابوں پر مسح صحیح نہیں، کیونکہ یہ دونوں شفاف ہیں۔(۱)

۴۳۔اس کا داہنا ہاتھ شل ہو گیا ایک مرض کی وجہ سے جو اسے بچپن میں ہوا تھا۔

۴۴۔میں نے اپنی بہن سے کہا: براہِ مہربانی میرے لئے وضو کا پانی انڈیلو۔

۴۵۔بے شک یہ مزدور اپنی روزی کمانے کے لئے دن رات محنت کرتے ہیں۔

۴۶۔میں نے زید سے کہا: مدرسے کے راستے میں میرے ہاں سے ہوتے جانا۔

۴۷۔میں نے زینب سے کہا: بچے کے کپڑے چھوؤ اور دیکھو کیا یہ گیلے ہیں یا خشک۔

۴۸۔میں نے اپنے بیٹوں سے کہا: اپنی نگاہیں نیچی کرلو اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرو۔

۴۹۔بے شک یہ میرے دل میں ایک مقام رکھتے ہیں، کیونکہ انہوں نے بارہا مجھ پر احسان کیا۔

۵۰۔میں زندگی کی مشقتوں سے اکتا گیا پس میں اپنے نفس کو سکون پہنچانے کے لئے دیہات منتقل ہو گیا۔

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل مضعف افعال مضارعہ سے افعال امر بنایئے پھر ان افعال امر کو قوسین میں دیئے ہوئے صیغوں میں لاکر جملوں میں استعمال کیجئے:

١ـ يَعُدُّ	(مفرد مذكر)	٢ـ يَكُدُّ	(جمع مذكر)
٣ـ يَفِرُّ	(مفرد مذكر)	٤ـ يَمَسُّ	(جمع مؤنث)
٥ـ يَحُتُّ	(مفرد مذكر)	٦ـ يَغُضُّ	(مفرد مذكر)
٧ـ يَقُصُّ	(مفرد مؤنث)	٨ـ يَرُدُّ	(جمع مذكر)

(۱) ان سے دکھائی دیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٩۔ يَمُنُّ	(مفرد مذكر)	١٠۔ يَضُمُّ	(مثنى)
١١۔ يَمُرُّ	(مفرد مذكر)	١٢۔ يَرُشُّ	(جمع مذكر)
١٣۔ يَمُدُّ	(مفرد مذكر)	١٤۔ يَحُلُّ	(مفرد مؤنث)
١٥۔ يَهُزُّ	(جمع مؤنث)		

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ سے مضعف افعال نکالئے اور انکا باب اور صیغہ بتایئے:

١۔ رُدُّوْهَا عَلَيَّ.

٢۔ إِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ وَبِاللَّيْلِ.

٣۔ وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا.

٤۔ قَالُوْا نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِيْنَ.

٥۔ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ.

٦۔ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِيْنَ.

٧۔ تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَّتَبَّ.

٨۔ فَرَدَدْنَاهُ إِلَى أُمِّهِ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ.

٩۔ وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ.

١٠۔ أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا، ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا.

١١۔ فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِيْنَ.

١٢۔ أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ إِذْ جَاءَكُمْ.

١٣۔ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ.

١٤۔ وَيَخِرُّوْنَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوعًا.

١٥۔ وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ.

١٦۔ وَدَّتْ طَّائِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يُضِلُّونَكُمْ.

١٧۔ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهَارُوْنَ.

١٨۔ وَهُزِّيْ إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا.

١٩۔ يَأَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ.

٢٠۔ قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِي.

٢١۔ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ.

٢٢۔ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهِ مِنْ كِتَابٍ وَّلَا تَخُطُّهُ بِيَمِيْنِكَ.

٢٣۔ تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ.

٢٤۔ أَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ.

٢٥۔ فَفِرُّوْا إِلَى اللّٰهِ إِنِّي لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	عربي	اردو
جَفَّ ـِ	خشک ہوگیا	كَفَّ ـُ	وہ کسی کام سے رکا
أفْرَطَ، يُفْرِطُ	اس نے افراط سے کام لیا	هَشَّ ـُ، ـِ	اس نے جھاڑا
شَقَّ ـُ	اس نے پھاڑا	حَطَّ رِحلَه ـُ	اس نے اقامت کی (پڑاؤ ڈالا)
لَطَمَ ـِ	اس نے تھپڑ مارا	حَفَّ ـِ، ـُ	اس نے گھیرا
سَنَّ ـُ	اس نے (چھری) کو تیز کیا	أصْغَى، يُصغِي	اس نے کان لگائے
سَلَّ ـُ	اس نے سونتا	دَمَّرَ، يُدَمِّرُ	اس نے ہلاک کیا
قَصَّ ـُ	اس نے کاٹا، بیان کیا	شَتَّ شملَه ـِ	اس نے انکا شیرازہ بکھیرا
عَزَّ ـِ	دشوار ہوا	غَضَّ ـُ	اس نے نگاہیں نیچی کیں
هَزَّ ـُ	اس نے حرکت دی	أَنَّ، يَئِنُّ	وہ درد ودکھ سے کراہا
بَثَّ ـُ	اس نے کھولا (راز)	رَشَّ ـُ	اس نے چھڑکا

اردو	عربي	اردو	عربي
شاذ ہوا	شَذَّ ـِ و ـُ	اس نے ڈھیل دی	مَدَّ ـُ
وہ شل ہوگیا	شَلَّ ـَ	شفاف ہوا	شَفَّ ـِ
اس نے بخل کیا	ضَنَّ ـِ	اس نے محنت کی	كَدَّ ـُ
اس نے سازش کی	دَسَّ ـُ	وہ عام ہوا	عَمَّ ـُ
وہ عیاں ہوا	عَنَّ ـُ وـِ لـ	اس نے خیانت کی	غَشَّ ـُ
اس نے نظر انداز کیا	غَضَّ (الْبَصَرَ عن) ـُ	اسے فکر لاحق ہوئی	هَمَّهُ شيءٌ ـُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اردو	عربي	اردو	عربي
وہ بچا	عَفَّ ـِ	لذت والا ہوا	لَذَّ ـَ
اس نے دفاع کیا	ذَبَّ ـُ	اس نے شمار کیا	عَدَّ ـُ
اس نے لپیٹا	لَفَّ ـُ	اس نے ترس کھایا	حَنَّ ـِ
اس نے رہا کیا	فَكَّ ـُ أَسْرَهُ		

الأسماء

عربي	اردو	عربي	اردو
بَائِدٌ ج س	ہلاک ہونے والا	عَقِبٌ ج أَعْقَابٌ	ایڑی
خُلَّان جمع خَلِيْل	ساتھی	جَرِيْحٌ ج جَرْحٰى	زخمی
ثُكْلٰى ج ثَوَاكِل	وہ ماں جس کا بچہ کھو جائے	وَاحَةٌ ج وَاحَاتٌ	نخلستان
دَنِيءٌ	گھٹیا		

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس السادس

المثال [1]

الأمثلة:

(ا)

١ الماضي: وَعَظَ الْوَاعِظُ مَوعِظَةً بَلِيغَةً وَجِلَتْ مِنْها الْقُلُوْبُ.

٢ـ المضارع: يَعِظُ الأَبُ أَبْنَاءَهُ بِتَقوَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

٣ـ الأمر: قَالَ التِّلْمِيْذُ لِأُسْتَاذِهِ: عِظْنِي بِمَا يَنْفَعُنِي فِي حَيَاتِي الْمُسْتَقْبِلَةِ.

(ب)

٤ـ الماضي: وَهَبَ اللّٰهُ تَعَالٰى سُلَيْمَانَ عليه السلام مُلْكًا عَظِيْمًا.

٥ـ المضارع: يَهَبُ اللّٰهُ تَعَالٰى لِمَنْ يَّشَاءُ ذُرِّيَّةً صَالِحَةً.

٦ـ الأمر: قَالَ تَعَالٰى عَلٰى لِسَانِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيْمَ عليه السلام: رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِيْنَ.

(ج)

٧ـ الماضي: وَجِلَتْ قُلُوْبُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ تَعَالٰى.

٨ـ المضارع: لا يَوْجَلُ الْمُؤْمِنُ مِنَ الْمَوْتِ.

٩ـ الأمر: خَطَبَنَا الْوَاعِظُ فَقَالَ: إِيْجَلُوا مِنْ عَذَابِ رَبِّكُمْ.

(د)

١٠ـ الماضي: يَقِظَ الْحَارِسُ عِنْدَمَا سَمِعَ خَشْخَشَةَ قَدَمِ السَّارِقِ.

١١ـ المضارع: تَيْقَظُ الطُّيُورُ عَلٰى حَمْدِ الرَّبِّ تَعَالٰى وَتَسْبِيْحِهِ.

١٢ـ الأمر: قَالَتِ الْأُمُّ لِوَلَدِهَا: إِيقَظْ وَاخْرُجْ لِلصَّلاةِ.

---

(١) مثال اس لئے کہلاتا ہے کہ اس کے اکثر صیغے فعل صحیح کے ہم مثل ہوتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

۱۔مثال واوی بھی ہوتا ہے: وَعَدَ ، وَهَبَ ، وَجِلَ ، وَزَنَ ، اور یائی بھی: یَقِظَ ، یَئِسَ ، یَنَعَ۔

۲۔مثال واوی کے بیشتر افعال ضرب سے تعلق رکھتے ہیں۔بعض افعال فتح سے آتے ہیں جیسے وَهَبَ یَهَبُ اور بعض باب فرح کے تحت بھی آتے ہیں جیسے وَجِلَ یَوْجَلُ۔

۳۔مثال واوی اگر باب ضرب یا باب فتح سے آئے تو مضارع میں اسکی فاء حذف ہوجاتی ہے: وَعَظَ یَعِظُ ، وَهَبَ یَهَبُ (یَعِظُ اصل میں یَوعِظ اور یَهَب یَوهَب تھا)۔اور اگر باب فرح سے آئے تو یہ واو برقرار رہتا ہے: وَجِلَ، یَوجَلُ وَسِخَ ،یَوسَخُ ، وَقِحَ ،یَوقَحُ۔

۴۔مثال کا فعل امر عِلْ کے وزن پر آتا ہے یعنی مضارع کی طرح حرف فاء حذف ہوجاتا ہے اور عین پر باب کی حرکت ہوتی ہے۔وَعَظَ یَعِظُ کا امر عِظْ (بکسر العین) بنے گا اور وَهَبَ یَهَبُ کا هَبْ بنے گا۔

۵۔اگر مثال واوی باب فرح سے ہوتو امر افعل ہی کے وزن پر ہوگا،لیکن اس کا واو یاء میں بدل جائے گا:وَجِلَ یَوْجَلُ کا فعل امر دراصل اِوْجَلْ تھا۔صرف(۱) کے ایک قاعدہ کے مطابق واو ساکنہ کسرہ کے بعد واقع ہونے کے سبب یاء میں تبدیل ہوگئی اور امر کا صیغہ اِیْجَلْ بن گیا۔

۶۔مثال یائی باب فرح سے بھی آتا ہے: یَقِظَ یَیْقَظُ ، یَئِسَ یَیْئَسُ ، یَقِنَ یَیْقَنُ اور باب فتح سے بھی: یَفَعَ یَیْفَعُ ، یَتَمَ یَیْتَمُ ، یَسَرَ یَیْسَرُ اور باب ضرب سے بھی: یَنَعَ یَیْنَعُ۔

اس کے مضارع اور امر کے صیغوں میں فاء برقرار رہتا ہے۔امر چونکہ مضارع سے بنتا ہے اسلئے اس فاء کا برقرار رکھنا یا حذف کرنا مضارع کے مطابق ہوگا۔

قاعدہ نمبر۳۲:

مثال وہ فعل ہے جس کا حرفِ فاء، واو یا یاء ہو،مثلا: وَهَبَ۔مثال کے صیغے بالکل فعل صحیح سالم کی طرح بنتے ہیں،فرق صرف اتنا ہے کہ مثال واوی کے مضارع اور امر میں حرف فاء حذف ہوجاتا ہے: یَهَبُ، هَبْ اور مثال یائی میں برقرار رہتا ہے: یَیْقَظُ ، اِیْقَظْ

(۱) التعریف بعلم الصرف: صرف وہ علم ہے جس میں کلمہ کے حروف میں ردو بدل کر کے اس سے مختلف صیغے بنانے کا طریقہ بیان کیا جاتا ہے، گویا کہ علم صرف کی بحث کلمہ سے ہے جبکہ نحو کی بحث کلام سے ہے۔علم نحو میں کلمہ سے صرف اس وقت بحث کی جاتی ہے جب وہ کلام کا جزء بن کر آئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جداول

المثال الواوي من باب ضرب

الصيغ	المذكر الغائب		المؤنث الغائب	
	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	وَعَظَ	يَعِظُ	وَعَظَتْ	تَعِظُ
المثنى	وَعَظَا	يَعِظَانِ	وَعَظَتَا	تَعِظَانِ
الجمع	وَعَظُوْا	يَعِظُوْنَ	وَعَظْنَ	يَعِظْنَ

الصيغ	المذكر المخاطب		المؤنث المخاطب	
	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	وَعَظْتَ	تَعِظُ	وَعَظْتِ	تَعِظِيْنَ
المثنى	وَعَظْتُمَا	تَعِظَانِ	وَعَظْتُمَا	تَعِظَانِ
الجمع	وَعَظْتُمْ	تَعِظُوْنَ	وَعَظْتُنَّ	تَعِظْنَ

الصيغ	المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم	
	الماضي	المضارع
المفرد	وَعَظْتُ	أَعِظُ
المثنى	وَعَظْنَا	نَعِظُ
الجمع	وَعَظْنَا	نَعِظُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	عِظْ	عِظِي
المثنى	عِظَا	عِظَا
الجمع	عِظُوْا	عِظْنَ

المثال الواوي من باب فتح

	المذكر الغائب		المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	وَهَبَ	يَهَبُ	وَهَبَتْ	تَهَبُ
المثنى	وَهَبَا	يَهَبَانِ	وَهَبَتَا	تَهَبَانِ
الجمع	وَهَبُوْا	يَهَبُوْنَ	وَهَبْنَ	يَهَبْنَ

	المذكر المخاطب		المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	وَهَبْتَ	تَهَبُ	وَهَبْتِ	تَهَبِيْنَ
المثنى	وَهَبْتُمَا	تَهَبَانِ	وَهَبْتُمَا	تَهَبَانِ
الجمع	وَهَبْتُمْ	تَهَبُوْنَ	وَهَبْتُنَّ	تَهَبْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	وَهَبْتُ	أَهَبُ
المثنى	وَهَبْنَا	نَهَبُ
الجمع	وَهَبْنَا	نَهَبُ

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	هَبْ	هَبِيْ
المثنى	هَبَا	هَبَا
الجمع	هَبُوْا	هَبْنَ

المثال الواوي من باب سمع

المذكر الغائب			المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	وَجِلَ	يَوْجَلُ	وَجِلَتْ	تَوْجَلُ
المثنى	وَجِلَا	يَوْجَلَانِ	وَجِلَتَا	تَوْجَلَانِ
الجمع	وَجِلُوْا	يَوْجَلُوْنَ	وَجِلْنَ	يَوْجَلْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المذكر المخاطب			المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	وَجِلْتَ	تَوْجَلُ	وَجِلْتِ	تَوْجَلِيْنَ
المثنى	وَجِلْتُمَا	تَوْجَلَانِ	وَجِلْتُمَا	تَوْجَلَانِ
الجمع	وَجِلْتُمْ	تَوْجَلُوْنَ	وَجِلْتُنَّ	تَوْجَلْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	وَجِلْتُ	أَوْجَلُ
المثنى	وَجِلْنَا	نَوْجَلُ
الجمع	وَجِلْنَا	نَوْجَلُ

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	اِيْجَلْ	اِيْجَلِيْ
المثنى	اِيْجَلَا	اِيْجَلَا
الجمع	اِيْجَلُوا	اِيْجَلْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المثال اليائي من باب سمع

المذكر الغائب			المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	يَقِظَ	يَيْقَظُ	يَقِظَتْ	تَيْقَظُ
المثنى	يَقِظَا	يَيْقَظَانِ	يَقِظَتَا	تَيْقَظَانِ
الجمع	يَقِظُوْا	يَيْقَظُوْنَ	يَقِظْنَ	يَيْقَظْنَ

المذكر المخاطب			المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	يَقِظْتَ	تَيْقَظُ	يَقِظْتِ	تَيْقَظِيْنَ
المثنى	يَقِظْتُمَا	تَيْقَظَانِ	يَقِظْتُمَا	تَيْقَظَانِ
الجمع	يَقِظْتُمْ	تَيْقَظُوْنَ	يَقِظْتُنَّ	تَيْقَظْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	يَقِظْتُ	أَيْقَظُ
المثنى	يَقِظْنَا	نَيْقَظُ
الجمع	يَقِظْنَا	نَيْقَظُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	اِيْقَظْ	اِيْقَظِي
المثنى	اِيْقَظَا	اِيْقَظَا
الجمع	اِيْقَظُوْا	اِيْقَظْنَ

التمرين ـ ١

فعل کا باب دیکھ کر مضارع متعین کیجئے:

ضَرَبَ : وفد، وهم، وهن، وكز، وثب، وجد، وصل، وقف، ورد، وزر، وخز، وشم، وتر.

فَرِحَ: وسع، ولع، وقح.

فَتَحَ :وقع، ودع، وضع، وذر.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ افعال ماضیہ کو افعال مضارعہ میں تبدیل کیجئے:

١ ـ أَمَا وَرِثْتُمْ مَالَ أَبِيْكُمْ؟

٢ ـ وُحِشَتِ الدُّوْرُ بَعْدَ ارْتِحَالِ سُكَّانِهَا عَنْهَا.

٣ ـ أَ يَئِسْتُمْ مِنْ رَحْمَةِ رَبِّكُمْ؟

٤ ـ إِنَّ شُبَّانَنَا الْيَوْمَ قَدْ وَلِعُوا بِالْحَضَارَةِ الْغَرْبِيَّةِ.

٥ ـ أَ يَقِظْتَ عِنْدَ أَذَانِ الْفَجْرِ؟

٦ ـ الآبَاءُ وَدَعُوا أَبْنَاءَهُمْ يَتَصَرَّفُوْنَ كَيْفَ يَشَاءُوْنَ.

٧ ـ مَا وَزَرَتْ نَفْسٌ وِزْرَ أُخْرٰى.

٨ ـ سَأَلَ زَيْدٌ أَبْنَاءَهُ الصِّغَارَ: أَيْنَ وَضَعْتُمْ أَقْلَامِي؟

٩ ـ وَجِعَهُ رَأْسُهُ فَأَخَذَ إِجَازَةَ يَوْمٍ.

١٠ ـ إِنَّ جَزَّارِي الْبَلَدِ وَزَنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ.

١١ ـ مَا وَجِلَ الْكَافِرُ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ.

١٢ ـ مَا جَبُنُوا وَمَا وَهَنُوا[1] وَلٰكِنْ ثَبَتُوا فِي وَجْهِ الْعَدُوِّ.

١٣ ـ أَ يَقِنْتَ بِأَقَاوِيلِ هٰؤُلَاءِ الْجُهَّالِ؟

١٤ ـ وَصَلْنَا فِي سَاعَةٍ مُتَأَخِّرَةٍ وَوَجَدْنَا الْخَدَمَ نَائِمِينَ.

(١) وهن باب ضرب سے ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٥ ـ يَقِظَتِ الْبَنَاتُ قُبَيْلَ أَذَانِ الْفَجْرِ.

١٦ ـ وَدَعْتُ كُتُبِي عَلَى الْمَكْتَبِ وَخَرَجْتُ مِنَ الْفَصْلِ.

١٧ ـ وَصَفَ الْجَدُّ لِأَحْفَادِهِ أَيَّامَ طُفُولَتِهِ.

١٨ ـ جَاءَ طَالِبًا الْفَصْلِ الْأَوَّلِ إِلَى الْمُدِيْرِ فَوَقَفَا بَيْنَ يَدَيْهِ.

١٩ ـ كَيْفَ وَجَدْتُنَّ تَقَالِيْدَ الْبَاكِسْتَانِيِّيْنَ؟

٢٠ ـ أَوَكَزْتَ أَخَاكَ الصَّغِيرَ عَلَى وَجْهِهِ، وَكَسَرْتَ سِنَّهُ؟

٢١ ـ هٰذِهِ الثِّمَارُ يَنْعَتْ فِي مُنْتَصَفِ الصَّيْفِ.

٢٢ ـ أَقْبَلَ[1] الْجُنُوْدُ فِي شُجَاعَةٍ وَ وَثَبُوا فِي صُفُوفِ الْأَعْدَاءِ.

٢٣ ـ إِنَّ سَلِيمًا وَخَزَهُ ضَمِيْرُهُ بِمَا فَعَلَ بِأَخِيْهِ.

٢٤ ـ إِنَّ هٰذِهِ الْمَرْأَةَ قَدْ وَهَبَتْ دَارًا لَهَا لِأَحَدِ أَقَارِبِهَا الْفُقَرَاءِ.

٢٥ ـ طَمْأَنَنِي[2] صَدِيْقَايَ وَوَعَدَانِي بِالْمُسَاعَدَةِ.

٢٦ ـ إِنَّ أَهْلَ الْقَرْيَةِ كُلَّهُمْ وَرَدُوا النَّهْرَ وَمَلَؤُوا الْجِرَارَ بِالْمَاءِ.

٢٧ ـ أَرَأَيْتَ النِّسَاءَ اللَّوَاتِي وَشَمْنَ وُجُوهَهُنَّ؟

٢٨ ـ سَأَلَتِ الْمُعَلِّمَةُ الطَّالِبَاتِ: أَوَصَلْتُنَّ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ؟

٢٩ ـ يَبِسَتِ الْأَرْضُ وَاصْفَرَّ[3] النَّبَاتُ لِقِلَّةِ الْمَطَرِ.

٣٠ ـ وَثِقْتُمْ بِي وَاعْتَمَدتُّمْ[4] عَلَيَّ فِي كُلِّ شَأْنٍ مِّنْ شُؤُوْنِكُمْ.

٣١ ـ إِنَّكِ وَقَفْتِ مَالَكِ وَنَفْسَكِ لِخِدْمَةِ الدِّيْنِ.

٣٢ ـ اَلْأُمَّهَاتُ وَعَظْنَ بَنَاتِهِنَّ بِالْتِزَامِ الصِّدْقِ فِي الْأَحْوَالِ كُلِّهَا.

٣٣ ـ أَتَسْتَعْبِدُونَ النَّاسَ وَقَدْ وَلَدَتْهُمْ أُمَّهَاتُهُمْ أَحْرَارًا؟

٣٤ ـ قَالَ الْأَبُ لِابْنَيْهِ: قَدْ وَجَبَتْ عَلَيْكُمَا الصَّلَاةُ لِأَنَّكُمَا بَلَغْتُمَا.

٣٥ ـ إِنَّ هٰؤُلَاءِ الرُّوَاةَ مُتَّهَمُوْنَ بِأَنَّهُمْ وَهَمُوا فِي كَثِيْرٍ مِّنَ الْأَحَادِيْثِ.

٣٦ ـ خَتَمَ اللّٰهُ تَعَالَى عَلَى قُلُوْبِ الْكُفَّارِ وَ وَذَرَهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ.

٣٧ ـ إِنَّ هٰؤُلَاءِ الْمُثَقَّفِيْنَ إِذَا سَأَلْتَهُمْ عَنْ فَرَائِضِ الْوُضُوءِ وَقَعُوا فِي حَيْرَةٍ.

٣٨ ـ رَجَعَ الْفَتَيَانِ مِنْ كَشْمِيرَ وَوَصَفَا لِزُمَلَائِهِمَا مَنَاظِرَهَا الطَّبِيعِيَّةَ الْخَلَّابَةَ.

٣٩ ـ اِحْتَاجَ[5] النَّاسُ إِلَى هٰذَا الْعَالِمِ الْكَبِيْرِ وَوَفَدُوا عَلَيْهِ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ وَصَوْبٍ.

٤٠ ـ عَارَضَ[6] الْحُكَّامُ الدَّعْوَةَ فِي كَثِيرٍ مِّنَ الْأَقْطَارِ الْإِسْلَامِيَّةِ وَوَقَفُوا دُوْنَ نَشْرِ تَعَالِيْمِ الْإِسْلَامِ.

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١ـ اگر لڑکا بدتمیز ہوجائے تو اسے مارو۔

٢ـ جب بچھو نے اسے ڈسا تو وہ درد کی شدت سے چلایا۔

(١) أَقْبَلَ يُقْبِلُ. (٢) طَمْأَنَ يُطَمْئِنُ. (٣) اصْفَرَّ يَصْفَرُّ (٤) اعْتَمَدَ يَعْتَمِدُ. (٥) احتَاجَ، يَحْتَاجُ. (٦) عَارَضَ يُعَارِضُ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ وہ رحمی رشتے جوڑتے ہیں[۱]۔

۴۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے جنت کا وعدہ کرتے ہیں۔

۵۔ خالد کو شعر وشاعری سے بے حد لگاؤ ہے۔

۶۔ ہم نے نئی نسل کی تربیت کو اپنا نصب العین بنایا ہے۔

۷۔ ہم ان جھوٹوں پر اعتماد نہیں کریں گے۔

۸۔ اللہ تعالیٰ جسے چاہتے ہیں علم وحکمت عطا فرماتے ہیں۔

۹۔ کیا آپ روزانہ اتنی دیر سے[۲] پہنچتے ہیں۔

۱۰۔ سلیم نے اپنے مدمقابل کو ایک گھونسا مار کر ہلاک کر دیا۔

۱۱۔ یہ کمرہ سو آدمیوں کے لئے کافی نہیں[۳]۔

۱۲۔ ڈاکو قافلے پر کودے اور مسافروں کا مال لوٹ کر لے گئے۔

۱۳۔ بچھو کے کاٹنے کے بعد اسکی ٹانگ سوج گئی۔

۱۴۔ ان درختوں پر بہار کے موسم کے شروع میں پتے آتے ہیں۔

۱۵۔ میری خادمائیں ہر چیز اپنی جگہ پر رکھتی ہیں۔

۱۶۔ میں نے پھل بیچنے والے سے کہا: مجھے تین کلو سیب تول دو۔

۱۷۔ کیا آپ نئے مدیر کو ڈھیلا ڈھالا پاتے ہیں۔

۱۸۔ کیا آپ اپنے دوست کو محنت اور جدوجہد کی نصیحت نہیں کرتے؟

۱۹۔ وہ نہ کمزور پڑتے ہیں اور نہ مایوس ہوتے ہیں۔

۲۰۔ زید نے جنگل میں راستہ کھو دیا اور ڈاکوؤں کے ہاتھوں پکڑا گیا۔

۲۱۔ اے ظالم! کیا تمھارا ضمیر تمہیں ملامت نہیں کرتا؟

۲۲۔ کیا جب تم عذاب کی آیتیں سنتے ہو تو تمہارے دل نہیں ڈرتے؟

۲۳۔ وہ کہتا ہے مجھے چھوڑ دیجئے میں جو چاہوں کروں۔

۲۴۔ بے شک یہ سب بھائی اپنے چچا کی املاک کے وارث بنیں گے۔

۲۵۔ انھیں دوسروں پر نکتہ چینی کرنے کا بہت شوق ہے۔

۲۶۔ استاد نے شاگرد سے کہا: طوفانی سمندر میں ایک کشتی کا نقشہ کھینچو۔

۲۷۔ وہ آج نہیں آئی، کیونکہ اس کی ٹانگ دکھ رہی ہے۔

۲۸۔ آپ نے پچھلے ہفتے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ آپ میری امداد کریں گے۔

۲۹۔ تم سب پر مصیبت زدوں کی فریاد رسی واجب ہے۔

۳۰۔ کیا آپ اپنے بیٹوں کو بروں کی صحبت سے بچنے کی نصیحت نہیں کرتے؟

۳۱۔ سیاح وقتاً فوقتاً ہمارے ملک آتے ہیں اسکے آثار قدیمہ دیکھنے کے لئے۔

۳۲۔ منافق کی نشانی یہ ہے کہ جب وعدہ کرتا ہے تو اسکی خلاف ورزی کرتا ہے۔

۳۳۔ میں نے عائشہ سے کہا: مجھ سے وعدہ کرو کہ تم مشکل وقت میں میرا ساتھ دوگی۔

۳۴۔ والد نے دونوں بیٹوں سے کہا: تم فوراً نکل جاؤ مغرب سے کچھ پہلے پہنچ جاؤ گے[۴]۔

۳۵۔ کیا تم ان کے ساتھ صلہ رحمی نہیں کرتے جنھوں نے تمھارے ساتھ قطع رحمی کی ہے۔

۳۶۔ اللہ تعالیٰ جسے چاہتے ہیں بیٹے عطا کرتے ہیں اور جسے چاہتے ہیں بیٹیاں دیتے ہیں۔

---

(۱) وَصَلَ الرَّحِمَ: رحمی رشتے جوڑنا۔ (۲) فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ الْمُتَأَخِّرَةِ. (۳) اتنا بڑا نہیں کہ اس میں سو آدمی سما جائیں۔ (۴) کچھ پہلے: قُبَيْلَ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۷۔ میں آپ کو یہ سب کتابیں ہبہ کر رہا ہوں شاید یہ طالبعلمی کے زمانہ میں آپکو نفع دیں۔

۳۸۔ ٹیکسی کے ڈرائیور نے مسافروں سے کہا: یہاں کھڑے ہو جاؤ اور مجھے گاڑی ٹھیک کرنے دو۔

۳۹۔ ہمارے اسلاف صالحین نے اپنے تہذیب وتمدن کی بنیادیں دین حنیف کے مضبوط ستونوں پر رکھیں۔

۴۰۔ خوشخبری ہے ان لوگوں کے لئے جنہوں نے اپنے مال اور اپنی جانیں اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے دے دیں۔

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ سے افعال امر بنایئے اور انھیں قوسین میں دیئے ہوئے صیغوں میں لاکر جملوں میں استعمال کیجئے: (ہر طالبعلم الگ جملے بنائے)

۱۔ يَزِنُ	(جمع مذكر)	۲۔ يَقِفُ	(مفرد مذكر)
۳۔ يَضَعُ	(مفرد مؤنث)	٤۔ يَهَبُ	(جمع مذكر)
٥۔ يَصِلُ	(مفرد مذكر)	٦۔ يَذَرُ	(مفرد مؤنث)
مثنى مذكر مخاطب	بَعْثَرْتُمَا	بُعْثِرْتُمَا	تُبَعْثِرَانِ	تُبَعْثَرَانِ
جمع مذكر مخاطب	بَعْثَرْتُمْ	بُعْثِرْتُمْ	تُبَعْثِرُوْنَ	تُبَعْثَرُوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	بَعْثَرْتِ	بُعْثِرْتِ	تُبَعْثِرِيْنَ	تُبَعْثَرِيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	بَعْثَرْتُمَا	بُعْثِرْتُمَا	تُبَعْثِرَانِ	تُبَعْثَرَانِ
جمع مؤنث مخاطب	بَعْثَرْتُنَّ	بُعْثِرْتُنَّ	تُبَعْثِرْنَ	تُبَعْثَرْنَ
مفرد متكلم	بَعْثَرْتُ	بُعْثِرْتُ	أُبَعْثِرُ	أُبَعْثَرُ
جمع متكلم	بَعْثَرْنَا	بُعْثِرْنَا	نُبَعْثِرُ	نُبَعْثَرُ

الرباعي المزيد بحرفين

صيغ الأفعال	الماضي	المضارع
مفرد مذكر غائب	اطْمَأَنَّ	يَطْمَئِنُّ
مثنى مذكر غائب	اطْمَأَنَّا	يَطْمَئِنَّانِ
جمع مذكر غائب	اطْمَأَنُّوْا	يَطْمَئِنُّوْنَ
مفرد مؤنث غائب	اطْمَأَنَّتْ	تَطْمَئِنُّ
مثنى مؤنث غائب	اطْمَأَنَّتَا	تَطْمَئِنَّانِ
جمع مؤنث غائب	اطْمَأْنَنَّ	يَطْمَأْنِنَّ
مفرد مذكر مخاطب	اطْمَأْنَنْتَ	تَطْمَئِنُّ
مثنى مذكر مخاطب	اطْمَأْنَنْتُمَا	تَطْمَئِنَّانِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جمع مذكر مخاطب	اطْمَأْنَنْتُمْ	تَطْمَئِنُّوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	اطْمَأْنَنْتِ	تَطْمَئِنِّيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	اطْمَأْنَنْتُمَا	تَطْمَئِنَّانِ
جمع مؤنث مخاطب	اطْمَأْنَنْتُنَّ	تَطْمَئْنِنَّ
مفرد متكلم	اطْمَأْنَنْتُ	أَطْمَئِنُّ
جمع متكلم	اطْمَأْنَنَّا	نَطْمَئِنُّ

فعل الأمر		
صيغ الأفعال	الرباعي المجرد	المزيد بحرفين
مفرد مذكر	بَعْثِرْ	اطْمَئِنَّ
مثنى مذكر	بَعْثِرَا	اطْمَئِنَّا
جمع مذكر	بَعْثِرُوا	اطْمَئِنُّوا
مفرد مؤنث	بَعْثِرِي	اطْمَئِنِّي
مثنى مؤنث	بَعْثِرَا	اطْمَئِنَّا
جمع مؤنث	بَعْثِرْنَ	اطْمَئْنِنَّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	عربي	اردو
دَحْرَجَ	اس نے لڑھکایا	بَعْثَرَ	اس نے پھیلایا
تَزَلْزَلَ	وہ متزلزل ہوا	دَمْدَمَ	اس نے الٹ مارا
عَسْعَسَ اللَّيلُ	رات پھیل گئی	وَسْوَسَ	اس نے وسوسہ اندازی کی
بَرْقَعَ	اس نے برقع پہنایا	حَمْدَلَ	اس نے الحمدللہ پڑھی
زَعْفَرَ	اس نے زعفران میں رنگا	زَحْزَحَ	اس نے دور کیا
تَمْتَمَ فِي الْكَلامِ	وہ جلدی جلدی بولا	افْرَنْقَعُوا	وہ منتشر ہوئے
اشْمَأَزَّ	وہ متنفر ہوئے	اشمَعَلَّ	متفرق ہوا، بکھرا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الرابع والعشرون

المصدر

مصدر وہ اسم ہے جو زمانے کا تعین کئے بغیر فعل کے معنی پر دلالت کرے اور اس میں فعل ہی کے حروف پائے جائیں: ذهب کا مصدر ذَهابٌ ہے جو ''جانا'' کے معنی دیتا ہے، دخل کا مصدر ''دُخُولٌ'' ہے جو ''داخل ہونا'' کے معنی دیتا ہے۔ مصدر جامد ہوتا ہے، یعنی کسی دوسرے کلمے سے نہیں بنتا، بلکہ اس سے دوسرے کلمات نکالے جاتے ہیں۔ یہ کلمات جو مصدر کے حروف میں ردّ وبدل کر کے مختلف معانی پر دلالت کرنے کی غرض سے بنائے جاتے ہیں ''مُشْتَقَّاتُ المصدر'' کہلاتے ہیں۔ ان میں فعل، اسم الفاعل، اسم المفعول، صيغة المبالغة، الصفة المشبَّهَة، أفعل التفضيل، اسم الزمان، اسم المكان اور اسم الآلة شامل ہیں۔

مصادر الأفعال الثلاثية

ثلاثی افعال کے مصادر متعدد اوزان پر آتے ہیں:

مصدر	وزن	مصدر	وزن
نَصْرٌ	فَعْلٌ	رَحْمَةٌ	فَعْلَةٌ
شُغْلٌ	فُعْلٌ	سَرِقَةٌ	فَعِلَةٌ
عِلْمٌ	فِعْلٌ	ذَهَابٌ	فَعَالٌ
طَلَبٌ	فَعَلٌ	دُخُوْلٌ	فُعُوْلٌ
قُدْرَةٌ	فُعْلَةٌ	صُعُوْبَةٌ	فُعُوْلَةٌ

افعال ثلاثیہ کے مصادر اکثر وبیشتر سماع پر موقوف ہوتے ہیں یعنی انکے بنانے کا کوئی مقرر قاعدہ نہیں ہے تاہم بعض اوزان میں کچھ قیاس بھی چلتا ہے، یہ اوزان مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ فِعَالَةٌ کے وزن پر ان افعال کے مصادر آتے ہیں جو کسی صنعت وحرفت پر دلالت کریں: صِبَاغَةٌ (رنگنا)، خِيَاطَةٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(سینا)، حِیاکَةٌ (بُنتا)، زِرَاعَةٌ (کھیتی باڑی)۔ فِعالة کا وزن بعض اوقات منصب پر بھی دلالت کرتا ہے: خِلَافَةٌ، إمامةٌ، وِزَارَةٌ۔

۲۔ فَعَلَان ان افعال کے لئے آتا ہے جو کسی ہیجانی کیفیت ،اضطراب یا حرکت پر دلالت کریں: خَفَقَان (دھڑکنا)، فَیَضَان (سیلاب)، غَلَیَان (ابلنا)، جَرَیَان (دوڑنا یا جاری ہونا)۔

۳۔ فُعْلَةٌ رنگت پر دلالت کرتا ہے: حُمْرَةٌ (سرخی)، زُرْقَةٌ (نیلاہٹ)، صُفْرَةٌ (زردی)۔

۴۔ فُعَالٌ بیماری کے لئے آتا ہے: سُعَالٌ (کھانسی)، صُداعٌ (سر کا درد)، دُوارٌ (چکر)۔

۵۔ فَعِیْلٌ، فُعَالٌ کے وزن آواز پر دلالت کرتے ہیں: نَعِیْبٌ (کائیں کائیں)، خُوَارٌ (گائے کی آواز)، بُکاءٌ (رونا)۔

۶۔ ان اوزان کے علاوہ جو افعال فَعُلَ کے وزن پر آتے ہیں انکے مصادر اکثر فُعُولَةٌ یا فَعَالَةٌ کے وزن پر ہوتے ہیں: سُهُوْلَةٌ، صُعُوْبَةٌ، فَصاحَةٌ، کَرامَةٌ۔

۷۔ لازم افعال کے مصادر غالبا فَعَالٌ کے وزن پر آتے ہیں: ذَهَابٌ۔

إعمال المصدر

الأمثلة:

۱۔ یَجِبُ مُرَاعَاةُ مَشَاعِرِ الآخرین.

۲۔ یَسُرُّنِي تَفَانِیکُم فِي تَعَلُّمِ الدِّینِ.

۳۔ یُرِیدُ الْکُفَّارُ إطْفاءَ نُورِ اللّٰهِ بِأَفْواهِهِمْ.

٤۔ لَا یَلِیقُ بِشَأْنِکُمُ التَّزَلُّفُ إلَی الْحُکَّامِ.

٥۔ أُعْجِبْتُ بِحُسْنِ تَدْبِیرِكَ الْأُمورَ.

شرح وتفصیل:

۱۔مصدر اپنے فعل کا کام کرتا ہے یعنی فاعل کو مرفوع اور متعدی ہونے کی حالت میں مفعول بہ کو منصوب کرتا ہے۔

۲۔مصدر کے اپنے اعراب جملے میں اسکے موقع محل کے مطابق متعین ہوتے ہیں۔ جو مصدر کلام میں فعل کا کام کرے اسکی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

پہچان یہ ہے کہ اسکے بجائے "مصدر مؤوّل" بھی لایا جاسکتا ہے، پہلے جملے میں "یجب مراعاة مشاعر الآخرین" کے بجائے "یَجِبُ أن تُرَاعِيَ مَشاعرَ الآخرین" بھی کہا جاسکتا ہے یا مجہول کے صیغے میں "یجب أن تُرَاعَى مشاعرُ الآخرین" بھی ہوسکتا ہے۔

۳۔ مصدر سے اگر ماضی کے معنی مراد لینے ہوں تو اسکے بجائے أن + ماضي لایا جائے گا:

سَرَّني أن تَفَانَيْتُمْ في تعلُّم الدِّينِ (مجھے بہت خوشی ہوئی (یہ دیکھ کر) کہ تم دین سیکھنے میں ہمہ تن مصروف ہوگئے)۔

۴۔ اگر مصدر سے حال کے معنی مراد لینے ہوں تو اسکے بجائے ما + مضارع لایا جائے گا:

لا يَلِيقُ بِشأنكم ما تَتَزَلَّفُوْن إلَى الْحُكَّامِ (تمہارے شایان شان نہیں کہ تم حکام کی خوشامد کررہے ہو)۔

۵۔ اگر مصدر سے مستقبل کے معنی مراد ہوں تو اسکے بجائے أن + فعل مضارع لانا جائز ہوتا ہے چنانچہ "يُرِيدُ الكفَّارُ إطْفَاءَ نُورِ اللّٰهِ بأفْوَاهِهِمْ" کے بجائے "يُرِيدُ الكُفَّارُ أن يُطْفِئُوا نُورَ اللّٰهِ بأفواهِهم" کہا جاسکتا ہے۔

مصدر کو کبھی اسکے فاعل کی طرف مضاف کردیا جاتا ہے: "سرّني تَفَانِيْكُم فِي تَعَلُّمِ الدِّيْنِ" میں "كُمْ" فاعل کی ضمیر ہے۔ اور اگر مفعول بہ بھی ہو تو اسے مصدر اور اسکے مضاف الیہ کے بعد منصوب لایا جاتا ہے: "أُعْجِبْتُ بحُسنِ تدبيرِكَ الأُمُورَ" میں "الأمور" "تدبیر" کا مفعول بہ ہے۔ اور بعض اوقات مصدر کو مفعول بہ کی طرف مضاف کردیا جاتا ہے اور فاعل اضافت کی ترکیب کے بعد مرفوع واقع ہوتا ہے: يَسُوءُني إهمالُ الواجبِ أخُوكَ (مجھے برا معلوم ہوتا ہے تمہارے بھائی کا فرض سے غفلت برتنا)۔

آياتٌ قرآنيةٌ وَرَدَ فِيْهَا المَصْدرُ عاملاً:

۱۔ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّماءِ.

۲۔ لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسولِ بَيْنَكُم كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا.

۳۔ وَمَا أدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ فَكُّ رَقَبَةٍ أوْ إطْعامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ يَتيمًا ذا مَقْرَبَةٍ أو مِسكينًا ذا مَتْرَبَةٍ.

قاعدہ نمبر ۵۱:

مصدر وہ اسم ہے جو زمانہ کا تعین کئے بغیر فعل کے معنی پر دلالت کرے۔ مصدر جامد ہوتا ہے یہ کسی دوسرے کلمہ سے نہیں نکلتا، بلکہ باقی تمام کلمات اس سے نکلتے ہیں، ان میں فعل، اسم الفاعل، اسم المفعول،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الصفة المشبهه، صيغة المبالغة، أفعل التفضيل، اسم الزمان، اسم المكان اور اسم الآلة سب شامل ہیں۔

یہ مشتقات المصدر کہلاتے ہیں۔

ثلاثی افعال کے بعض مصادر قیاسی ہوتے ہیں، لیکن اکثر وبیشتر سماع پر موقوف ہوتے ہیں جبکہ مزید افعال کے مصادر قیاسی ہی ہوتے ہیں۔

مصدر بعض اوقات اپنے فعل کا کام کرتا ہے یعنی فاعل کو مرفوع اور مفعول بہ کو منصوب کرتا ہے، جبکہ مصدر کے اپنے اعراب جملہ میں اس کے موقع محل کے مطابق متعین ہوتے ہیں۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں میں اعراب کو ملحوظ رکھتے ہوئے مصادر مؤولہ کے بجائے مصادر صریحہ استعمال کیجئے:

١ـ أَحْتَرِمُكَ لِمَا تَقُولُ الْحَقَّ.

٢ـ سَرَّنِي أَنْ صَنَعْتَ الْمَعْرُوفَ مَعَ أَخِيكَ.

٣ـ يُعجِبُنِي أن تُوْفُوا بِالعُهُودِ.

٤ـ يَسُوءُنِي أَنْ تَعْتَدِيَ عَلَى حُقُوقِ الآخَرِينَ.

٥ـ يَجِبُ أَنْ تَتَيَقَّنُوا بِرَحمَةِ اللّٰهِ.

٦ـ يَنبَغِي أَنْ تُسْدِيَ الشُّكْرَ لِمَنْ أحسَنَ إِلَيكَ.

٧ـ يَجِبُ أَنْ تَتَخَلَّى عَنِ التَّدْخِينِ.

٨ـ يُرِيدُ الْخَطِيبُ أَنْ يَسْتَنْهِضَ هِمَمَ الْحَاضِرِينَ.

٩ـ وَصَلَ الضُّيُوفُ بَعْدَ أَنِ انْصَرَفْتُ.

١٠ـ أَكْمِلُوا وَاجِبَ الْمَنزِلِ قَبْلَ أَن تَنْقَضِيَ الْعُطْلَةُ.

١١ـ مِنَ الصَّعْبِ أَنْ نَتَوَقَّى هٰذَا الْخَطَرَ.

١٢ـ أن يُؤثِرَ الْمَرءُ أَخَاهُ عَلَى نَفسِهِ مِن أَكْرَمِ الْمَكَارِمِ.

١٣ـ لَا يَجُوزُ أن تَنْقَادُوا لِآرَاءِ الآخَرِينَ.

١٤ـ لَيْسَ مِنَ اللَّائِقِ أن تُعَاقِبُوا الأَطفَالَ لِأَسْبَابٍ تَافِهَةٍ.

١٥ـ يُحِبُّ اللّٰهُ تَعَالَى أَنْ تُوَاسُوا الْفُقَرَاءَ.

١٦ـ لَا تُقْبِلْ عَلَى هٰذَا الْمَشْرُوعِ دُونَ أن تَسْتَشِيرَ الْخُبَرَاءَ.

١٧ـ يَجِبُ أن تَتَنَاوَلِي الدَّوَاءَ عَلَى الرِيقِ.

١٨ـ كَيْفَ سَوَّلَتْ لَكَ نَفْسُكَ أن تُوقِعَ بَينَ أَخَوَينِ مُسْلِمَيْنِ.

١٩ـ يَجِبُ أن تَعْتَنُوا عَلَى نَظَافَةِ أَسْنَانِكُم.

٢٠ـ أن تَقِفُوا عَلَى أَقدَامِكُم خَيْرٌ لَّكُم مِن أَنْ تَعتَمِدُوا عَلَى الآخَرِينَ.

٢١ـ تَحَسَّنَ الْمَرِيضُ بَعْدَ أن شَرِبَ الدَّوَاءَ.

٢٢ـ مِنَ الأَفْضَلِ أَنْ نَّسْتَفتِيَ أَحَدَ كِبَارِ الْمُفْتِينَ فِي هٰذِهِ الْمَسْأَلَةِ.

٢٣ـ قَالَ الأَبُ لِأَبنَائِهِ: يَحزُنُنِي أن تَتَكَالَبُوا عَلَى مَتَاعِ الدُّنيا الزَّهِيدِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢٤ ـ سَيُحَبِّبُكَ إِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ أَن تُقَاسِيَ الشَّدَائِدَ بِصَبْرٍ وَرَبَاطَةِ جأْشٍ.

٢٥ ـ أَنْفِق مِمَّا رَزَقَكَ اللّٰهُ مِن قَبلِ أَنْ يَّأتِيَ يَومٌ لَا بَيْعٌ فِيه وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے: (سرخ کلمات کا ترجمہ مصادر سے کیا جائے گا):

۱۔ ان موزوں پر مسح جائز ہے۔

۲۔ آپ سب پر مصیبت زدگان کی مدد واجب ہے۔

۳۔ ہم چراغ گل کرنے کے بعد سو گئے۔

۴۔ آپکا مہمانوں کا خیر مقدم کرنا مجھے بہت بھاتا ہے۔

۵۔ آپکا دوست سے تعزیت کرنا اچھا ہے۔

۶۔ استاد کا طالبعلم کو ڈانٹنا اس کے لئے فائدہ مند ہے۔

۷۔ آپکا فقیر کو درہم دینا ثواب کا کام ہے۔

۸۔ آپکو چاہئے کہ نفس کو گھٹیا کاموں سے روکے رکھیں۔

۹۔ میں یہ بھاری بوجھ نہیں برداشت کرسکتا۔

۱۰۔ مجھے بہت برا لگتا ہے کہ آپ اپنی کتابیں کھو دیتے ہیں۔

۱۱۔ جو چیز چلی گئی رونا دھونا اسے لوٹا نہیں سکتا۔

۱۲۔ آپکے شایان شان نہیں کہ آپ لوگوں سے بھیک مانگیں۔

۱۳۔ آپکا دوسروں کو کمتر سمجھنا تکبر کی علامت ہے۔

۱۴۔ مجھے بہت خوشی ہوتی ہے کہ آپ بروں کی صحبت سے بچتے ہیں۔

۱۵۔ آپکا جاہلوں کی صحبت اختیار کرنا حماقت ہے۔

۱۶۔ دشمن پر فتح پانے کے بعد تم پر اللہ تعالی کا شکر ادا کرنا واجب ہے۔

۱۷۔ شریعت کو تھامے رکھنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔

۱۸۔ آپکے عربی سیکھنے کے بعد آپکے لئے قرآن سمجھنا آسان ہوجائے گا۔

۱۹۔ بیٹوں کا باپ کی نافرمانی کرنا بہت عام ہوگیا۔

۲۰۔ آپکا اپنے حق کو پورا وصول کرنا انصاف اور اس سے دستبردار ہونا احسان ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	عربي	اردو
تَكالبَ على	ٹوٹ پڑنا	استَنهَضَ الهِمَمَ	ہمتیں ابھارنا

الأسماء

اردو	عربي	اردو	عربي
کھودینا	الفَقْدُ	مصیبت زدگان کی مدد	إغاثَةُ الْمَلْهوفِينَ
روکے رکھنا	الإمْساكُ	دینا	إعْطاءٌ
گھٹیا کام	الدَّنايا	کوئی چارہ نہیں	لَا بُدَّ مِنْ
جو چیز چلی گئی	ما فاتَ	دستبردار ہونا	التَّنازُلُ عن
دوسروں کو کمتر سمجھنا	الاسْتِهانَةُ بِ	نافرمانی کرنا	الْعِصْيانُ
فتح مند ہونا	التَغَلُّبُ ، الانتِصَار	حماقت	السُّخْفُ
بھیک مانگنا	التَّكَفُّفُ	صحبت اختیار کرنا	المُصاحَبَةُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الخامس والعشرون

اسمُ الفاعل

١ ـ اسم الفاعل المصوغ من مصدر الفعل الثلاثي

نَوْعُ الفعل	اسم الفاعل	الوزن
الفعل الصحيح السالم (نصر)	نَاصِرٌ	فَاعِلٌ
مهموز الفاء (أمر)	آمِرٌ	فَاعِلٌ
مهموز العين (سأل)	سَائِلٌ	فَاعِلٌ
مهموز اللام (قرأ)	قَارِئٌ	فَاعِلٌ
المضعف (مَرَّ)	مَارٌّ	فَاعِلٌ
المثال الواوي (وَعَدَ)	وَاعِدٌ	فَاعِلٌ
المثال اليائي (ينع)	يَانِعٌ	فَاعِلٌ
الأجوف الواوي (قال)	قَائِلٌ	فَاعِلٌ
الأجوف اليائي (باع)	بَائِعٌ	فَاعِلٌ
الناقص الواوي (دعا)	دَاعٍ	فَاعِلٌ
الناقص اليائي (بنى)	بَانٍ	فَاعِلٌ[1]

شرح وتفصیل:

اسْمُ الفَاعِل ایک ایسا اسم ہے جو مصدر سے نکالا جاتا ہے اور فعل کے کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔ ''فعل

(۱) ان تمام صیغوں کو عام اسماء کی طرح تاء مدوّرۃ لگا کر مؤنث، "ان" لگا کر تثنی، "ون" لگا کر جمع مذکر سالم اور "ات" لگا کر جمع مؤنث سالم بنایا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کے کرنے والے''[1] سے مراد ایک ایسی ذات ہے جو عارضی طور پر فعل سے متصف ہوجائے، یا جس میں وقتی طور پر فعل کے معنی پائے جائیں[2]۔ مثلا "ذهاب" سے اسم الفاعل ذاهبٌ نکلتا ہے جسکے معنی ہیں: ایک ایسی ذات جس میں وقتی طور پر جانے کا وصف پایا جارہا ہے۔ اردو میں اسکا ترجمہ ''جانے والا'' سے کیا جائے گا۔

صَوغُ اسم الفاعل من مصدر الفعل الثلاثي:

۱۔ فعل ثلاثي کے مصدر سے اسم الفاعل فاعِلٌ کے وزن پر بنتا ہے۔

۲۔ اجوف ثلاثي کے مصدر سے اسم الفاعل فَاعِلٌ ہی کے وزن پر بنتا ہے، لیکن اسکا حرف عین (واو یا یاء) ہمزہ میں تبدیل ہوجاتا ہے، قَالَ کا اسم الفاعل قاوِلٌ تھا قائِلٌ بن گیا، اسی طرح بَاعَ کا اسم الفاعل بايِعٌ تھا بائعٌ بن گیا۔

۳۔ ناقص ثلاثي کے اسم الفاعل کا حرف لام (واو یا یاء) حذف ہوجاتا ہے: دَعَا سے اسم الفاعل فاعِلٌ کے وزن پر داعوٌ تھا۔ صرف کے قاعدہ کے تحت حرف واو کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہوا تو یاء میں تبدیل ہوگیا۔ پس یہ داعِي بن گیا۔ دَاعِـــيٌ کی یاء پر ضمہ ثقیل تھا پس اسے ساکن کردیا گیا جس کی وجہ سے کلمہ میں دو ساکن جمع ہوگئے، یاء ساکنہ اور نون ساکن یعنی نونِ تنوین۔ اجتماع ساکنین سے بچنے کے لئے یاء کو حذف کردیا گیا، داعٍ رہ گیا۔ اسے یوں سمجھئے کہ داعِيُنْ پہلے دَاعِيْنْ بنا پھر حذف یاء کے بعد دَاعِنْ رہ گیا جسے کسرہ کی تنوین کے ساتھ دَاعٍ لکھا جاتا ہے۔

دَاعٍ پر جب لام التعريف داخل ہوگا تو اسکی یاء لوٹ آئے گی، اسی طرح اضافت کی حالت میں بھی یہ یاء لوٹ آئے گی:

دَاعٍ	الدَّاعِي	دَاعِي اللّٰهِ
بَانٍ	البَانِي	بَانِي الْمَسْجِدِ
تَالٍ	التَّالِي	تَالِي الْقُرْآن

ایسے معتل الآخر اسماء جنکا لام بحالت تنوین حذف ہوجاتا ہے اور مضاف یا معرف باللام ہونے کی صورت

(۱) طالب علم کے ذہن میں اسم الفاعل اور فاعل الفعل کے درمیان کسی قسم کا اشکال پیدا نہ ہو: ذَهَبَ زَيْدٌ میں زید ذَهَبَ کا فاعل ضرور ہے، کیونکہ اس سے ذَهَابٌ کا فعل صادر ہوا، لیکن اسم الفاعل نہیں ہے، کیونکہ زید بذات خود اپنے حروف اور صیغے کے اعتبار سے "ذَاتٌ مُتَّصِفَةٌ بِالذَّهَابِ" پر دلالت نہیں کررہا۔ "ذَهَاب" پر دلالت کے لئے ضروری ہے کہ اسم "ذَهَاب" ہی سے مخصوص وزن پر مشتق ہو۔ (۲) گویا کہ اسم الفاعل ایک عارضی یا وقتی معنی پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

میں انکے آخر میں یاءٌ قبلها کسرةٌ آتی ہے،قواعد کی اصطلاح میں "مَنْقُوصٌ"کہلاتے ہیں۔

إعراب المنقوص في حالة التنوين

الأمثلة:

١ ـ جَاءَنَا دَاعٍ. داعٍ: فاعِل مرْفوعٌ، وَعَلَامَةُ رَفْعِهِ الضَّمَّةُ الْمُقدَّرةُ عَلَى الياءِ الْمَحْذُوْفَةِ.

٢ ـ اسْتَمَعْتُ إلى داعٍ. داعٍ: اِسْمٌ مَجْرُورٌ، وَعَلَامَةُ جَرِّهِ الكَسْرَةُ الْمُقَدّرَةُ عَلَى الياءِ الْمَحْذُوْفَةِ.

٣ ـ لَقِيتُ داعِيًا. داعياً: مفعولٌ به مَنْصُوبٌ، وَعَلَامَةُ نَصْبِهِ الفَتْحَةُ الظَّاهِرَةُ عَلى آخِرِهِ.

شرح وتفصیل:

حالتِ رفع وجر میں منقوص کی یاء محذوف رہتی ہے۔اعرابی علامت چونکہ کلمے کے آخری حرف پر ظاہر ہوتی ہے،لہذا حالت رفع وجر میں منقوص پر ضمہ اور کسرہ ظاہر نہیں ہوسکتا، بلکہ یاء محذوفہ پر انکا اندازہ ٹھہرالیا جاتا ہے۔اس قسم کے اعراب کونحو کی اصطلاح میں "الإعراب التقديري" کہتے ہیں [1]،البتہ نصب کی حالت میں منقوص کی یاءلوٹ آتی ہے اوراس پرنصب کی علامت یعنی فتحہ بھی ظاہر ہوجاتا ہے۔

إعراب المنقوص في حالة التعريف والإضافة

الأمثلة:

١ ـ جاء نا الدَّاعِي. الدَّاعي: فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ، وَعَلَامَةُ رَفْعِهِ الضَّمَّةُ الْمُقَدَّرَةُ عَلَى الياءِ ، مَنَعَ مِنْ ظُهُوْرِهَا الثِّقَلُ.

٢ ـ اسْتَمَعْت إلَى الدَّاعِي. الدَّاعِي: اِسْمٌ مَجْرُورٌ، وَعَلَامَةُ جَرِّهِ الكَسْرَةُ الْمُقَدّرَةُ عَلَى الياءِ، مَنَعَ مِنْ ظُهُوْرِهَا الثِّقَلُ.

٣ ـ أَجَبْتُ داعيَ اللّٰهِ. الداعي: مَفْعُولٌ به مَنْصُوبٌ، وَعَلَامَةُ نَصْبِهِ الفَتْحَةُ الظَّاهِرَةُ عَلَى الياءِ .

---

(۱) جب کلمے کے آخری حرف پر کسی وجہ سے اعرابی علامت (فتحة، ضمة، کسرة) ظاہر نہ ہو سکے تو اس کے اعراب تقدیری ہوتے ہیں،یعنی اعرابی علامت کا اندازہ ٹھہرالیا جاتا ہے۔تقدیری اعراب تین قسم کے اسماء کے ہوتے ہیں:۱۔المنقوص۲۔المقصور (تفصیل اگلی فصل میں آئے گی انشاءاللہ)،۳۔المضاف الی یاء المتکلم :(ا) هٰذَا كِتَابِيْ: كِتَاب = خَبَرٌ مَرْفُوعٌ وَعَلَامَةُ رَفْعِهِ الضَّمَّةُ الْمُقَدَّرَةُ عَلَى الياءِ مَنَعَ مِنْ ظُهُوْرِهَا الثِّقَلُ،(ب) بَحَثْتُ عَن كِتَابِيْ: كِتَاب = اسْمٌ مَجْرُوْرٌ بِحَرْفِ جَرٍّ وَعَلَامَةُ جَرِّهِ الكَسْرَةُ الْمُقَدَّرَةُ عَلَى الياءِ مَنَعَ مِنْ ظُهُوْرِهَا الثِّقَلُ، (ج) قَرَأْتُ كِتَابِيْ: كِتَاب = مَفْعُوْلٌ بِهِ مَنْصُوْبٌ وَعَلَامَةُ نَصْبِهِ الْفَتْحَةُ الْمُقَدَّرَةُ عَلَى الياءِ مَنَعَ مِنْ ظُهُوْرِهَا الثِّقَلُ ۔ یاء سے پہلے واقع ہونے والے حرف کو یاء کی مناسبت سے کسرہ دے دیا جاتا ہے،اس لئے اس پر اعرابی علامات کا ظہور ممکن نہیں ہوتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ ـ لَقِيْتُ الدَّاعِيَ الداعي: مَفْعُولٌ به مَنْصُوبٌ وَعَلَامَةُ نَصْبِهِ الفَتْحَةُ الظَّاهِرَةُ عَلَى اليَاءِ .

شرح وتفصیل:

معرف باللام یا مضاف ہونے کی حالت میں منقوص کی یاء لوٹ آتی ہے۔ اس صورت میں بھی حالت رفع وجر میں منقوص کے اعراب تقدیری ہوتے ہیں، کیونکہ یاء پر ضمہ وکسرہ کا ظہور (الـداعِـيُ، الـداعِـيِ) کلمے کے تلفظ کو ثقیل بناتا ہے۔ حالت نصب میں یاء پر فتحہ ظاہر ہوجاتا ہے۔

تأنيث المنقوص و تثنيته و جمعه جمع تصحيح

الأمثلة:

	المفرد	المثنى	الجمع السالم
المذكر المرفوع	دَاعٍ، الداعي	دَاعِيَانِ، الدَّاعِيَانِ	دَاعُوْنَ، الدَّاعُوْنَ
المجرور	دَاعٍ، الداعي	دَاعِيَيْنِ، الدَّاعِيَيْنِ	دَاعِيْنَ، الدَّاعِيْنَ
المنصوب	دَاعِيًا، الداعيَ	دَاعِيَيْنِ، الدَّاعِيَيْنِ	دَاعِيْنَ، الدَّاعِيْنَ
المؤنث	دَاعِيَةٌ	دَاعِيَتَانِ	دَاعِيَاتٌ

شرح وتفصیل:

۱۔ اسم الفاعل کو جب تثنی بنایا جاتا ہے تو یاء محذوفہ لوٹ آتی ہے۔

۲۔ جب جمع مذکر سالم بنایا جاتا ہے تو یاء حذف ہوجاتی ہے حالت رفع میں حرف عین کو واو کی مناسبت سے ضمہ دے دیا جاتا ہے اور حالت نصب وجر میں یاء کی مناسبت سے کسرہ دے دیا جاتا ہے۔

قاعدہ نمبر۵۲:

اسم الفاعل "ال" سے مقترن ہونے کی صورت میں فعل کا کام کرتا ہے۔ بالکل فعل کی طرح فاعل کو مرفوع اور متعدی ہونے کی صورت میں مفعول بہ کو منصوب کرتا ہے۔ اس حال میں اس کے بجائے اسم موصول اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فعل استعمال کرنا جائز ہوتا ہے۔

ال سے خالی ہونے کی صورت میں اسم الفاعل فعل کا کام دوشرطوں پر کرتا ہے:

(۱) یہ حال یا مستقبل پر دلالت کرے۔

(۲) مندرجہ ذیل چار تراکیب میں سے کسی ایک ترکیب میں واقع ہو:

(ا) نفی (ب) استفہام (ج) مبتدا کی خبر ہو (د) موصوف کی صفت ہو۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل ثلاثی افعال کے أسماء الفاعلين بنائیے:

سَلِمَ أمِنَ أبَقَ جَأَرَ جَرُؤَ طَرَأَ دَرَأَ بَرَأَ طارَ سَارَ

جارَ ضاعَ سما بَلِيَ جَرَى مَشَى غَزَا حَدَا رَقِيَ يَئِسَ

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل ناقص افعال سے اسم الفاعل بنائیے، پھر ہر اسم الفاعل کو تین جملوں میں استعمال کیجئے اس طور پر کہ پہلے جملے میں منون اور مرفوع ہو، دوسرے میں منون اور منصوب اور تیسرے میں معرف باللام اور منصوب واقع ہو:

قَضَى هَدَى رَعَى مَحَا جَنَى صَفَا تلا

إعمال اسم الفاعل المقترن باللام

الأمثلة:

١ ـ الضائعُ مالُه حَزِين[1].

٢ ـ أنْتَ الهَادِي عِبادَ اللّٰهِ إلَى الصِّراطِ المُسْتَقِيمِ.

٣ ـ القانِعُ بِمَا رَزَقَهُ اللّٰهُ مُرْتاحُ البَالِ.

(۱) اسم الفاعل کا فاعل اس کے بعد واقع ہوتا ہے، جس طرح فعل کا فاعل اس کے بعد واقع ہوتا ہے۔ فعل کی طرح اسم الفاعل تذکیر وتانیث میں اپنے فاعل کا تابع ہوتا ہے: الضَّائِعُ مَالُهُ حَزِيْنٌ اور الضَّائِعَةُ أمْتِعَتُهُ حَزِيْنٌ کہا جائے گا۔ اسم الفاعل کا فاعل اگر اسم ظاہر ہو تو اسم الفاعل مفرد کے صیغے میں ہی رہے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

اسم الفاعل اگر معرف باللام ہوتو بلا قیود وشروط فعل مبني للمعروف کا کام کرتا ہے، یعنی اگر فعل لازم ہوتو فاعل کو مرفوع کرتا ہے، جیسے جملہ ۱ میں اسم الفاعل: الضائع، فاعل: مالُهٗ کو مرفوع کررہا ہے اور اگر فعل متعدی ہوتو مفعول بہ کو منصوب کرتا ہے، جیسے جملہ ۲ میں اسم الفاعل: الهادي، مفعول به: عباد کو منصوب کررہا ہے نیز اسم الفاعل کے ساتھ جار مجرور بالکل اسی طرح متعلق ہوتے ہیں جس طرح فعل کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں، جیسے جملہ ۳ میں اسم الفاعل: القانع کے ساتھ جار ومجرور: بِما متعلق ہے جس طرح يقنع کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں۔

اسم الفاعل پر جو لام داخل ہوتا ہے وہ دراصل اسم موصول کے معنی دیتا ہے[1] گویا الهادي کے معنی ہوئے: الّذي يهدي، اسی طرح الضائع ماله: الذي ضاع مالُه اور القانع بما رزقه اللّٰه: الذي يَقْنَعْ بما رزقه اللّٰهُ، لہذا جہاں کہیں اسم الفاعل معرف باللام واقع ہو اس کے بجائے اسم الموصول + الفعل المبني للمعروف لایا جاسکتا ہے۔

مقترن باللام ہونے کو صورت میں اسم الفاعل ماضی، حال اور مستقبل کسی بھی زمانے پر دلالت کرسکتا ہے پس الضائع ماله کے بجائے الذي ضاع ماله بھی کہا جاسکتا ہے اور الذي يضيع ماله بھی۔

إعمال اسم الفاعل المجرَّد من اللام

الأمثلة:

١ ـ كُلُّ نَفْسٍ ذائقةٌ الْمَوْتَ.

٢ ـ أقادِمٌ صَدِيقُنا الآنَ؟

٣ ـ مَا شَاكِرٌ أنتَ نِعْمَةَ رَبِّكَ.

٤ ـ رأيتُ فلّاحًا حاصِدًا قَمْحًا.

---

(۱) اسم الفاعل، اسم المفعول اور الصفة المشبهة یعنی وہ تمام مشتقات مصدر جو فعل کا کام کرتے ہیں ان پر داخل ہونے والا لام اسم الموصول کا قائم مقام ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

اسم الفاعل اگر ال الموصولة سے خالی ہوتو دوشرطوں کے ساتھ فعل کا عمل کرتا ہے:

۱۔ پہلی شرط یہ ہے کہ یہ ماضی پر نہیں حال یا مستقبل پر دلالت کرتا ہو اور اسکے بجائے صرف مضارع استعمال کرنا جائز ہو: أ قادم صديقنا الآن کے بجائے ہم أ يَقْدَمُ صَديقُنا الآن کہہ سکتے ہیں، أ قَدِمَ صَدِيقُنا الآنَ نہیں کہہ سکتے۔

۲۔ دوسری شرط (قواعد کی اصطلاح میں شرط الاعتماد کہلاتی ہے) یہ ہے کہ اسم الفاعل المجرَّد من اللّام کیلئے مندرجہ ذیل چار چیزوں میں سے ایک کا سہارا لینا ضروری ہے:

(ا) المبتدأ: یعنی ال سے خالی ہونے کی صورت میں اسم الفاعل اگر مبتدا کی خبر ہوتو فعل کا کام کرسکتا ہے، جملہ ۱ میں اسم الفاعل : ذائقة، مفعول به: الموت کو منصوب کررہا ہے، کیونکہ یہ مبتدا (كُلُّ نَفْسٍ) کی خبر ہے۔

(ب) الاستفهام: یعنی اسم الفاعل استفهامية جملے میں وارد ہوتو بھی ال سے خالی ہونے کی صورت میں فعل کا کام کرتا ہے، جملہ ۲ میں اسم الفاعل: قادم ،فاعل: صديقنا کو مرفوع کررہا ہے۔

(ج) النفي: اسم الفاعل نفی کے سیاق میں وارد ہوتو بھی مجرد من اللام ہونے کی حالت میں فعل کا کام کرتا ہے، جملہ ۳ میں اسم الفاعل: شاكِرٌ نفی کے سیاق میں فاعل: أنت کو مرفوع اور مفعول به: نعمة کو منصوب کررہا ہے۔

(د) الموصوف: اسم الفاعل کسی موصوف کی صفت کے طور پر واقع ہوتو بھی فعل کا کام کرتا ہے، جملہ ۴ میں اسم الفاعل: حاصِدًا اپنے موصوف فَلَّاحًا پر اعتماد کرتے ہوئے مفعول به: قمحا کو منصوب کررہا ہے۔

اسم الفاعل کے مفعول بہ کو اسکی طرف مضاف کرنا بھی جائز ہے، جیسے: كل نفسٍ ذائقةُ الموت، أنت شاكرُ نعمةِ ربِّكَ.

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں میں افعال کے بجائے أسماء فاعلين استعمال کیجئے (قواعد کو ملحوظ رکھتے ہوئے):

نموذج: ١ـ أ تَسْعى وَراءَ مَتَاعِ الدُّنْيا؟ أساعٍ أنْتَ وَراءَ متاع الدنيا؟

٢ـ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ الَّذِي قَسَا قَلْبُهُ. لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ الْقَاسِيَ قَلْبُهُ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ـ لَيْتَكَ تَصْنَعُ الْخَيْرَ!
٤ـ الْكُفَّارُ يَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ.
٥ـ أَيَفِي أَخُوكَ بِوَعْدِهِ؟
٦ـ أَتَرُدُّ زَيْنَبُ الْكُتُبَ إِلَى الْمَكْتَبَةِ؟
٧ـ لَا تَنْسَ وَصِيَّةَ أَبِيكَ.
٨ـ وَيْحَكَ! أَتَطْعَنُ فِي سِيْرَةِ النَّاسِ؟
٩ـ مَنِ الَّذِي قَتَلَ أَخَا زَيْدٍ؟
١٠ـ هُمْ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ.
١١ـ أَتَغْفِرُ خَدِيجَةُ الإِساءَةَ؟
١٢ـ فَاطِمَةُ تَتْلُو الْقُرْآنَ الْكَرِيمَ كُلَّ صَبَاحٍ.
١٣ـ الْحَسَدُ نَارٌ تَقْتُلُ صَاحِبَهَا.
١٤ـ أَنْتُمْ تَأْخُذُونَ بِأَيْدِينَا فِي سَاعَةِ الضِّيقِ.
١٥ـ أَيَتْرُكُ زَيْدٌ صُحْبَةَ الأَشْرَارِ؟
١٦ـ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ يَجْمَعُ النَّاسَ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيهِ.
١٧ـ رَأَيْتُ الْمَطَرَ يَغْسِلُ الأَشْجَارَ.
١٨ـ اليَهودُ هُمُ الَّذِينَ جَحَدُوا بِآيَاتِ اللّٰهِ وَقَتَلُوا الأَنْبِيَاءَ.
١٩ـ لِلَّذِي يَكْفُلُ الْيَتِيمَ أَجْرٌ عَظِيمٌ.
٢٠ـ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يَكْظِمُوْنَ الْغَيْظَ وَيَعْفُوْنَ عَنِ النَّاسِ.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں فعل ثلاثی کے أسماء الفاعلین کی تعیین کیجئے اور ہر اسم کا صیغہ اور نوع بتایئے:

١ـ وَإِنَّهُمْ لَنَا لَغَائِظُوْنَ.
٢ـ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ.
٣ـ فَاقْضِ مَا أَنْتَ قَاضٍ.
٤ـ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ إِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ.
٥ـ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ.
٦ـ وَإِنَّا لَجَاعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا.
٧ـ وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدٰى.
٨ـ لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْبَعْضَ يَومٍ فَسْئَلِ الْعَادِّيْنَ.
٩ـ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ.
١٠ـ قَالَ أَرَاغِبٌ أَنْتَ عَنْ آلِهَتِيْ يَآ إِبْرَاهِيْمُ.
١١ـ مَالَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ.
١٢ـ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ.
١٣ـ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ.
١٤ـ وَجَاءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَّشَهِيْدٌ.
١٥ـ قَالُوْا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا طَاغِيْنَ.
١٦ـ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا.
١٧ـ كُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَائِضِيْنَ.
١٨ـ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَاءَ ذٰلِكَ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْعَادُوْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٩ ـ قَالَ إِنِّي لِعَمَلِكُمْ مِنَ الْقَالِيْنَ. ٢٠ ـ إِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰى إِنِّي مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ.

٢١ ـ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا آمِنِيْنَ. ٢٢ ـ وَالصَّافَّاتِ صَفًّا وَالزَّاجِرَاتِ زَجْرًا فَالتَّالِيَاتِ ذِكْرًا.

٢٣ ـ أَأَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُوْنَ. ٢٤ ـ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ.

٢٥ ـ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا إِنَّا لَذَائِقُوْنَ. ٢٦ ـ وَإِنْ مِّنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا.

٢٧ ـ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ. ٢٨ ـ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوْحٰى إِلَيْكَ وَضَائِقٌ بِهِ صَدْرُكَ.

٢٩ ـ فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ. ٣٠ ـ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْ إِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً.

٣١ ـ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُوْنَ.

٣٢ ـ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ.

٣٣ ـ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِنْ بَاقِيَةٍ.

٣٤ ـ مَا يَأْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ.

٣٥ ـ إِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَاءُ حَمَلْنَاكُمْ فِي الْجَارِيَةِ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَتَعِيَهَا أُذُنٌ وَّاعِيَةٌ.

٣٦ ـ وَإِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ أَنَّهُمْ مُلَاقُوْا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ.

٣٧ ـ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ إِلَّا عَلٰى أَزْوَاجِهِمْ أَوْمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ.

٣٨ ـ هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ

.....وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ لِسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ لَا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢ـ اسم الفاعل المصوغ من مصدر الفعل المزيد

(على وزن المضارع بإبدال حرف المضارعة ميمًا مضمومة وكسر ما قبل الآخر)

الأمثلة:

(١)

باب الإفعال

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	أَكْرَمَ	يُكْرِمُ	مُكْرِمٌ
مهموز الفاء	آثَرَ	يُؤْثِرُ	مُؤْثِرٌ
مهموز العين	أَسْأَمَ	يُسْئِمُ	مُسْئِمٌ
مهموز اللام	أَلْجَأَ	يُلْجِئُ	مُلْجِئٌ
المضعف	أَقَرَّ	يُقِرُّ	مُقِرٌّ
المثال الواوي	أَوْهَنَ	يُوْهِنُ	مُوْهِنٌ
المثال اليائي	أَيْقَنَ	يُوْقِنُ	مُوْقِنٌ
الأجوف الواوي	أَعَادَ	يُعِيْدُ	مُعِيْدٌ
الأجوف اليائي	أَبَاحَ	يُبِيْحُ	مُبِيْحٌ
الناقص الواوي	أَعْلَى	يُعْلِي	مُعْلٍ
الناقص اليائي	أَلْقَى	يُلْقِيْ	مُلْقٍ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ب)

باب التفعيل

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	كَرَّمَ	يُكَرِّمُ	مُكَرِّمٌ
مهموز الفاء	أَثَّرَ	يُؤَثِّرُ	مُؤَثِّرٌ
مهموز العين	رَأَّسَ	يُرَئِّسُ	مُرَئِّسٌ
مهموز اللام	جَرَّأَ	يُجَرِّئُ	مُجَرِّئٌ
المضعف	قَرَّرَ	يُقَرِّرُ	مُقَرِّرٌ
المثال الواوي	وَضَّحَ	يُوَضِّحُ	مُوَضِّحٌ
المثال اليائي	يَسَّرَ	يُيَسِّرُ	مُيَسِّرٌ
الأجوف الواوي	جَوَّزَ	يُجَوِّزُ	مُجَوِّزٌ
الأجوف اليائي	سَيَّرَ	يُسَيِّرُ	مُسَيِّرٌ
الناقص الواوي	رَبَّى	يُرَبِّي	مُرَبٍّ
الناقص اليائي	قَوَّى	يُقَوِّي	مُقَوٍّ

(ج)

باب المفاعلة

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	سَاعَدَ	يُسَاعِدُ	مُسَاعِدٌ
مهموز الفاء	آلَمَ	يُؤْلِمُ	مُؤْلِمٌ
مهموز العين	لَاءَمَ	يُلَائِمُ	مُلَائِمٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مهموز اللام	دَارَأَ	يُدَارِئُ	مُدَارِئٌ
المضعف	شَاقَّ	يُشَاقُّ	مُشَاقٌّ
المثال الواوي	وَازَنَ	يُوَازِنُ	مُوَازِنٌ
المثال اليائي	يَاسَرَ	يُيَاسِرُ	مُيَاسِرٌ
الأجوف الواوي	نَاوَلَ	يُنَاوِلُ	مُنَاوِلٌ
الأجوف اليائي	بَايَعَ	يُبَايِعُ	مُبَايِعٌ
الناقص الواوي	عَافَى	يُعَافِي	مُعَافٍ
الناقص اليائي	لَاقَى	يُلَاقِي	مُلَاقٍ

(د)

باب التفعُّل

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	تَقَبَّلَ	يَتَقَبَّلُ	مُتَقَبِّلٌ
مهموز الفاء	تَأَلَّمَ	يَتَأَلَّمُ	مُتَأَلِّمٌ
مهموز العين	تَرَأَّفَ	يَتَرَأَّفُ	مُتَرَئِّفٌ
مهموز اللام	تَهَيَّأَ	يَتَهَيَّأُ	مُتَهَيِّئٌ
المضعف	تَشَقَّقَ	يَتَشَقَّقُ	مُتَشَقِّقٌ
المثال الواوي	تَوَجَّهَ	يَتَوَجَّهُ	مُتَوَجِّهٌ
المثال اليائي	تَيَسَّرَ	يَتَيَسَّرُ	مُتَيَسِّرٌ
الأجوف الواوي	تَقَوَّلَ	يَتَقَوَّلُ	مُتَقَوِّلٌ
الأجوف اليائي	تَمَيَّزَ	يَتَمَيَّزُ	مُتَمَيِّزٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الناقص الواوي	تَخَلَّى	يَتَخَلَّى	مُتَخَلٍّ
الناقص اليائي	تَبَنَّى	يَتَبَنَّى	مُتَبَنٍّ

(هـ)

باب الافتعال

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	افْتَتَحَ	يَفْتَتِحُ	مُفْتَتِحٌ
مهموز الفاء	ائْتَمَنَ	يَأْتَمِنُ	مُؤْتَمِنٌ
مهموز العين	ابْتَأَسَ	يَبْتَئِسُ	مُبْتَئِسٌ
مهموز اللام	اجْتَرَأَ	يَجْتَرِئُ	مُجْتَرِئٌ
المضعف	ابْتَلَّ	يَبْتَلُّ	مُبْتَلٌّ
المثال الواوي	اتَّحَدَ	يَتَّحِدُ	مُتَّحِدٌ
المثال اليائي	اتَّسَرَ	يَتَّسِرُ	مُتَّسِرٌ
الأجوف الواوي	اجْتَازَ	يَجْتَازُ	مُجْتَازٌ
الأجوف اليائي	ابْتَاعَ	يَبْتَاعُ	مُبْتَاعٌ
الناقص الواوي	ادَّعَى	يَدَّعِي	مُدَّعٍ
الناقص اليائي	اشْتَرَى	يَشْتَرِي	مُشْتَرٍ

(و)

باب الانفعال

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	انْصَرَفَ	يَنْصَرِفُ	مُنْصَرِفٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مهموز اللام	انْدَرَأَ	يَنْدَرِئُ	مُنْدَرِئٌ
المضعف	انْسَدَّ	يَنْسَدُّ	مُنْسَدٌّ
الأجوف	انْقَادَ	يَنْقَادُ	مُنْقَادٌ
الناقص الواوي	انْحَنَى	يَنْحَنِي	مُنْحَنٍ
الناقص اليائي	انْبَرَى	يَنْبَرِي	مُنْبَرٍ

(ز)

باب الافعلال

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	احْمَرَّ	يَحْمَرُّ	مُحْمَرٌّ
الأجوف	اعْوَجَّ	يَعْوَجُّ	مُعْوَجٌّ

(ح)

باب التفاعل

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	تَنَافَسَ	يَتَنَافَسُ	مُتَنَافِسٌ
مهموز الفاء	تَآمَرَ	يَتَآمَرُ	مُتَآمِرٌ
مهموز العين	تَلَائَمَ	يَتَلَائَمُ	مُتَلَائِمٌ
مهموز اللام	تَبَاطَأَ	يَتَبَاطَأُ	مُتَبَاطِئٌ
المضعف	تَحَاجَّ	يَتَحَاجُّ	مُتَحَاجٌّ
المثال الواوي	تَوَاعَدَ	يَتَوَاعَدُ	مُتَوَاعِدٌ
المثال اليائي	تَوَاتَرَ	يَتَوَاتَرُ	مُتَوَاتِرٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الأجوف الواوي	تَيَاسَرَ	يَتَيَاسَرُ	مُتَيَاسِرٌ
الأجوف اليائي	تَبَايَعَ	يَتَبَايَعُ	مُتَبَايِعٌ
الناقص الواوي	تَعَالَى	يَتَعَالَى	مُتَعَالٍ
الناقص اليائي	تَفَانَى	يَتَفَانَى	مُتَفَانٍ

(ط)

باب الاستفعال

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم الفاعل
الفعل الصحيح السالم	اسْتَخْرَجَ	يَسْتَخْرِجُ	مُسْتَخْرِجٌ
مهموز الفاء	اسْتَأْثَرَ	يَسْتَأْثِرُ	مُسْتَأْثِرٌ
مهموز العين	اسْتَشْأَمَ	يَسْتَشْئِمُ	مُسْتَشْئِمٌ
مهموز اللام	اسْتَهْزَأَ	يَسْتَهْزِئُ	مُسْتَهْزِئٌ
المضعف	اسْتَقَرَّ	يَسْتَقِرُّ	مُسْتَقِرٌّ
المثال الواوي	اسْتَوْثَقَ	يَسْتَوْثِقُ	مُسْتَوْثِقٌ
المثال اليائي	اسْتَيْقَظَ	يَسْتَيْقِظُ	مُسْتَيْقِظٌ
الأجوف الواوي	اسْتَقَامَ	يَسْتَقِيْمُ	مُسْتَقِيْمٌ
الأجوف اليائي	اسْتَفَادَ	يَسْتَفِيْدُ	مُسْتَفِيْدٌ
الناقص الواوي	اسْتَعْلَى	يَسْتَعْلِي	مُسْتَعْلٍ
الناقص اليائي	اسْتَغْنَى	يَسْتَغْنِي	مُسْتَغْنٍ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ اسم الفاعل المصوغ من مصدر الفعل الرباعي المجرد والمزيد

الأمثلة:

الماضي	المضارع	اسم الفاعل
بَعْثَرَ	يُبَعْثِرُ	مُبَعْثِرٌ
تَبَعْثَرَ	يَتَبَعْثَرُ	مُتَبَعْثِرٌ
احْرَنْجَمَ	يَحْرَنْجِمُ	مُحْرَنْجِمٌ
اطْمَئَنَّ	يَطْمَئِنُّ	مُطْمَئِنٌّ

شرح وتفصیل:

فعل مزید کا اسم الفاعل مضارع کے وزن پر بنایا جاتا ہے۔ حرف المضارعة کے بجائے میم مضموم لایا جاتا ہے اور ما قبل الآخر کو کسرہ دے دیا جاتا ہے۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ افعال کے بجائے أسماء الفاعلين استعمال کیجئے:

۱۔ أَيُنْجِزُ أخوكَ وَعْدَهُ؟

۲۔ أَ تَغْتَرُّونَ بما أوتيتُم من مَتاعِ الْحَياةِ الدُّنْيا؟

۳۔ رَأَيْتُ الْحُجَّاجَ يُلَبُّونَ.

٤۔ هم لَا يَهْتَدونَ إِلَى الحَقِّ لِكِبَرٍ في نُفُوسِهم[1].

٥۔ لَا يَسْتَوفِي الكريمُ حقَّهُ.

٦۔ إِنَّكُمْ تُلاقُونَ رَبَّكُمْ فَهُوَ يُجازيكم بِأعْمالِكُمْ.

۷۔ لَا يُخْلِفُ عَهْدَهُ شَريفٌ.

۸۔ أَ أَنتُم تُواسونَ الْفُقَراءَ وَتُعينونَ ذَوِي الحاجةِ؟

۹۔ أَنْتُمْ تُنْقِذُونَني مِنَ الضِّيْقِ.

۱۰۔ لَا يُبارِكُ اللّٰهُ تَعالى فِي كَسْبِ الَّذينَ يُطَفِّفونَ

۱۱۔ أَ لَا تَستَيْقِنونَ بِوَعْدِ رَبِّكُمْ؟

۱۲۔ الكُفَّارُ يَسْتَهْزِءُوْنَ بِآياتِ اللّٰهِ وَهوَ يَسْتهزِئُ بِهِم.

---

(1) لا کے بجائے غیر یا لیس استعمال کیجئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٣ ـ زَيْنَبُ تُعْطِي الْفقِيرَ مِائَةَ روبيَّةٍ.
١٤ ـ هُم يُقاوِمونَ الشَّدائدَ في شَجَاعَةٍ وَرَباطَةِ جَأْشٍ.
١٥ ـ الرَّحِيمُ يُساعِدُ الْعاجزَ الضَّعيفَ.
١٦ ـ يُعِزُّ اللّٰهُ تَعالَى الَّذينَ يَتواضَعونَ ويَرفَعُهُمْ دَرَجاتٍ.
١٧ ـ هؤُلاءِ الأَشْقِياءُ يَضِلُّون وَيُضِلُّونَ.
١٨ ـ الرَّسولُ الْكريمُ ﷺ سَيُباهي بِكَثْرَةِ أُمَّتِهِ يومَ الْقيامةِ.
١٩ ـ أَحْمَدُ يُنْفِقُ أَمْوالَهُ فِي وُجُوهِ الْخَيْرِ.
٢٠ ـ اللّٰهُ تَعالى سَيُنَجِّي الَّذينَ آمنوا من فَزَعِ يَومَ الْقِيامَةِ.
٢١ ـ لَيْتَكُم تتعاوَنونَ عَلى البِرِّ والتَّقْوى!
٢٢ ـ هِيَ لَا تُسيءُ إلى أَحَدٍ وَتُسْدِي الْمَعْرُوفَ لِلْجَميعِ.
٢٣ ـ اللّٰهُ تَعالى يَسْتَجيبُ دُعاءَ الْمَظْلُومِ.
٢٤ ـ جُنودُنا الْباسِلونَ يَستَعِدُّونَ لِلدِّفاعِ عن أَرضِ الْوَطَنِ.
٢٥ ـ سَوفَ تَخْضَرُّ الأَوْراقُ في إِبَّانِ الرَّبيعِ.
٢٦ ـ اللّٰهُ سُبْحانَهُ وَتَعالى يُزَكِّي النُّفوسَ مِنْ أَرْدانِ الْجاهِلِيَّةِ.
٢٧ ـ أَهْلُ الْكتابِ يَفْتَرونَ على اللّٰه الْكَذِبَ.
٢٨ ـ رَأَيْتُ السَّيْلَ من قِمَّةِ جَبَلٍ يَقْلَعُ الأَشْجارَ وَيُدَمِّرُ الْبُيوتَ.
٢٩ ـ هُمْ يُكَذِّبونَ الرُّسُلَ وَيُعْرِضُونَ عَنِ الْحَقِّ.
٣٠ ـ المؤْمِنُ يُذِلُّ الدُّنيا بإدبارِهِ عنها وَيُعِزُّ الآخرةَ بإقبالِهِ عَليها.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سے مزید افعال کے أسماء الفاعلین کی تعیین کیجئے اور ہر فعل کے حروف اصلیہ اور نوع بتایئے:

١ ـ إِنَّهُ عَدُوٌّ مُّبينٌ.
٢ ـ إِنَّ في ذٰلِكَ لآياتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ.
٣ ـ وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ.
٤ ـ إِنِّي ظَنَنْتُ أني مُلاقٍ حِسَابِيَه.
٥ ـ إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ.
٦ ـ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضينَ.
٧ ـ وَهوَ الْكَبِيرُ الْمُتَعالِ.
٨ ـ وَالمُوفُونَ بِعَهْدِهِم إذا عَاهَدُوا.
٩ ـ وَما نَحْنُ بِمُسْتَيقِنينَ.
١٠ ـ إِنَّا سَمِعْنا مُنادِيًا يُنادي لِلْإِيمَانِ.
١١ ـ إِنَّما نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ.
١٢ ـ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتالٍ فَخورٍ.
١٣ ـ كَأَنَّهم حُمُرٌ مُّسْتَنفِرةٌ.
١٤ ـ وَلَقَد نادانا نوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجيبونَ.
١٥ ـ فَتَرَبَّصوا إِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصونَ.
١٦ ـ وَما كُنتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّينَ عَضُدًا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٧ ـ قالَ هَلْ أَنْتُمْ مُطَّلِعُونَ.
١٨ ـ فَفَتَحْنا أبوابَ السَّماءِ بِماءٍ مُنْهَمِرٍ.
١٩ ـ إِنَّهُ مُصِيبُها ما أَصابَهُمْ.
٢٠ ـ لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النارَ وَأَنَّهُمْ مُفْرَطُونَ.
٢١ ـ وأولئكَ هُمُ الْمُعْتَدونَ.
٢٢ ـ ثُمَّ يَتَوَلَّى فَرِيقٌ مِّنهم وَهُمْ مُعرِضُونَ.
٢٣ ـ وَاللّٰهُ مُحيطٌ بالْكافِرينَ.
٢٤ ـ وَبُسَّتِ الْجِبالُ بَسًّا فَكانَتْ هَباءً مُنْبَثًّا.
٢٥ ـ للكافرينَ عذابٌ مُّهينٌ.
٢٦ ـ مَن هُوَمُسْتَخْفٍ باللَّيْلِ وَسارِبٌ بالنَّهارِ.
٢٧ ـ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيها.
٢٨ ـ وَلَقَدْ يَسَّرْنا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ.
٢٩ ـ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطينَ.
٣٠ ـ أَأَنْتُمْ أَنْشَأْتُمْ شَجَرَتَها أَمْ نَحنُ الْمُنْشِئُونَ.
٣١ ـ مَن يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَالْمُهتَدِ.
٣٢ ـ عَلى سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ مُّتَّكِئِينَ عليها مُتَقَابِلينَ.
٣٣ ـ إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمينَ مُنْتَقِمونَ.
٣٤ ـ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرينَ.
٣٥ ـ وَعليهِ فَليتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلونَ.
٣٦ ـ إِذْ قالَ اللّٰهُ يا عِيْسٰى إِنِّي مُتَوَفِّيْكَ ورافِعُكَ إِلَيَّ.
٣٧ ـ وَفي الأرضِ آياتٌ لِّلْموقِنينَ.
٣٨ ـ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لويَفْتَدي من عذابِ يومَئِذٍ بِبَنِيهِ.
٣٩ ـ إِنَّ الْمُتَّقينَ في جَنَّاتٍ وَّعُيونٍ.
٤٠ ـ وَلَئِنْ أرسلْنا ريحًا فَرَأَوْهُ مُصْفَرًّا لَظَلُّوا من بَعْدِهِ يَكْفُرونَ.
٤١ ـ وَفي ذٰلكَ فَلْيَتَنافَسِ الْمُتَنَافِسونَ.
٤٢ ـ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعي إِلى رَبِّكِ راضِيَةً مَّرْضِيَّةً.
٤٣ ـ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ.
٤٤ ـ وَإِنَّها لَكَبيرةٌ إِلَّا عَلى الخَاشِعينَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهم مُلاقُوا رَبِّهِم وَأَنَّهُم إِلَيْهِ راجِعُونَ.
٤٥ ـ وإذا بَدَّلْنا آيَةً مَّكَانَ آيَةٍ واللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قالُوا إِنَّما أَنْتَ مُفْتَرٍ بَلْ أَكْثَرُهُم لَا يَعْلَمُونَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس السادس والعشرون

اسم المفعول

١ ـ اسم المفعول المصوغ من مصدر الفعل الثلاثي المبني للمجهول

الأمثلة:

نوع الفعل	اسم المفعول	الوزن
الفعل الصحيح السالم (نصر)	مَنْصُوْرٌ	مَفْعُوْلٌ
مهموز الفاء (أثر)	مَأْثُوْرٌ	مَفْعُوْلٌ
مهموز العين (سأل)	مَسْئُوْلٌ	مَفْعُوْلٌ
مهموز اللام (قرأ)	مَقْرُوْءٌ	مَفْعُوْلٌ
المضعف (شكَّ)	مَشْكُوْكٌ	مَفْعُوْلٌ
المثال الواوي (وَعَدَ)	مَوْعُوْدٌ	مَفْعُوْلٌ
المثال اليائي (يئس)	مَيْئُوْسٌ	مَفْعُوْلٌ
الأجوف الواوي (قال)	مَقُوْلٌ	مَفْعُوْلٌ
الأجوف اليائي (باع)	مَبِيْعٌ	مَفْعُوْلٌ
الناقص الواوي (دعا)	مَدْعُوٌّ	مَفْعُوْلٌ
الناقص اليائي (بنى)	مَبْنِيٌّ[1]	مَفْعُوْلٌ

(١) ان تمام صیغوں کو عام اسماء کی طرح تاء مدوّرۃ لگا کر مؤنث، "ان" لگا کر تثنی، "ون" لگا کر جمع مذکر سالم اور "ات" لگا کر جمع مؤنث سالم بنایا جاتا ہے: مَنْصُوْرٌ، مَنْصُوْرَةٌ، مَنْصُوْرَانِ، مَنْصُوْرَتَانِ، مَنْصُوْرُوْنَ، مَنْصُوْرَاتٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

"اسم المفعول" اس اسم کو کہتے ہیں جو فعل مبني للمجهول کے مصدر سے نکالا جاتا ہے اور اس ذات پر دلالت کرتا ہے جس پر فعل واقع ہوا ہو، مثلا: مَقْطُوْعٌ اسم المفعول ہے "قَطَعٌ" سے مشتق ہے اور اس ذات پر دلالت کررہا ہے جس پر قطع کا فعل واقع ہوا ہے، یعنی کٹا ہوا۔

فعل ثلاثی کے مصدر سے اسم المفعول مَفْعُوْلٌ کے وزن پر بنایا جاتا ہے۔ اجوف اور ناقص کے اسم المفعول کے صیغوں میں جو إعلال [1] واقع ہوتا ہے وہ مندرجہ ذیل ہے:

صوغ اسم المفعول من الأجوف (الواوي واليائي):

اجوف واوی "قال" سے اسم المفعول مفعولٌ کے وزن پر مَقْوُوْلٌ تھا، صرف کے ایک قاعدے کے تحت اگر حرف علت، حرف صحیح ساکن کے بعد متحرک واقع ہو تو اس کی حرکت حرف صحیح ساکن کو دے دی جاتی ہے پس مَقْوُوْلٌ بن گیا۔ اجتماع الساکنین سے بچنے کے لئے ایک واو (مفعول کی واو زائدہ) کو حذف کردیا گیا تو یہ مَقُوْلٌ بن گیا۔

باع سے اسم المفعول مفعُوْلٌ کے وزن پر مَبْيُوْعٌ تھا (باع کا الف اصل میں یاء تھا)، مذکورہ بالا قاعدہ کے تحت یاء کا ضمہ باء کو دے دیا گیا یہ مَبْيُوْعٌ بن گیا۔ التقاء الساکنین سے بچنے کے لئے واو کو حذف کردیا گیا اور باء کو یاء کی مناسبت سے کسرہ دے دیا گیا تو یہ مَبِيْعٌ بن گیا۔

صوغ اسم المفعول من الناقص (الواوي واليائي):

دعا سے اسم المفعول مفعول کے وزن پر مَدْعُوْوٌ تھا، واو کو واو میں مدغم کرنے سے یہ مَدْعُوٌّ بن گیا۔ بنی سے اسم المفعول مفعول کے وزن پر مَبْنُوْيٌ تھا، صرف کے قاعدہ کے تحت اگر واو اور یاء ایک کلمہ میں متصل واقع ہوں اور ان میں سے پہلے واقع ہونے والا ساکن ہو تو واو یاء میں بدل جاتا ہے، پس مَبْنُوْيٌ مَبْنُيٌ بن جائے گا، نون کو یاء کی مناسبت سے کسرہ دے دیا جائے گا پس یہ مَبْنِيٌّ بن جائے گا۔

---

(۱) علم الصرف کی اصطلاح میں ایک حرف علت کو دوسرے حرف علت سے بدلنے کو یا حرف علت کو ہمزہ سے بدلنے کو یا ہمزہ کو حرف علت سے بدلنے کو إعلال کہا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل ثلاثی افعال کے أسماء مفعولین بتایئے:

سَرَقَ أَمَرَ بَدَأَ مَلأَ كَلَّا مَرَّ عَدَّ بَرَّ ذَمَّ سَمَّ

جَنَّ سَرَّ تَلَا مَحَا غَزَا رَمَى لَقِيَ طَوَى لَوَى رَعَى

طَافَ خَاطَ جَنَى زَارَ فَاقَ صَادَ قَاسَ وَزَنَ يَسَرَ

٢ـ اسم المفعول المصوغ من مصدر الفعل المزيد المبني للمجهول

(على وزن المضارع بإبدال حرف المضارعة ميمًا مضمومة)

الأمثلة:

(١)

باب الإفعال

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم المفعول
الفعل الصحيح السالم	أُكْرِمَ	يُكْرَمُ	مُكْرَمٌ
مهموز الفاء	أُؤْثِرَ	يُؤْثَرُ	مُؤْثَرٌ
مهموز العين	أُسْئِمَ	يُسْئَمُ	مُسْئَمٌ
مهموز اللام	أُخْطِئَ	يُخْطَأُ	مُخْطَأٌ
المضعف	أُضِلَّ	يُضَلُّ	مُضَلٌّ
المثال الواوي	أُوْعِدَ	يُوْعَدُ	مُوْعَدٌ
المثال اليائي	أُوْقِنَ	يُوْقَنُ	مُوْقَنٌ
الأجوف الواوي	أُعِيْدَ	يُعَادُ	مُعَادٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الأجوف اليائي	أُبِيْحَ	يُبَاحُ	مُبَاحٌ
الناقص الواوي	أُعْلِيَ	يُعْلَى	مُعْلًى
الناقص اليائي	أُخْفِيَ	يُخْفَى	مُخْفًى

(ب)

باب التفعيل

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم المفعول
الفعل الصحيح السالم	كُرِّمَ	يُكَرَّمُ	مُكَرَّمٌ
مهموز الفاء	أُخِّرَ	يُؤَخَّرُ	مُؤَخَّرٌ
مهموز العين	رُئِّسَ	يُرَئَّسُ	مُرَئَّسٌ
مهموز اللام	جُزِّئَ	يُجَزَّأُ	مُجَزَّأٌ
المضعف	حُقِّقَ	يُحَقَّقُ	مُحَقَّقٌ
المثال الواوي	وُضِّحَ	يُوَضَّحُ	مُوَضَّحٌ
المثال اليائي	يُسِّرَ	يُيَسَّرُ	مُيَسَّرٌ
الأجوف الواوي	قُوِّمَ	يُقَوَّمُ	مُقَوَّمٌ
الأجوف اليائي	صُيِّرَ	يُصَيَّرُ	مُصَيَّرٌ
الناقص الواوي	سُمِّيَ	يُسَمَّى	مُسَمًّى
الناقص اليائي	غُذِّيَ	يُغَذَّى	مُغَذًّى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ج)

باب المفاعلة

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم المفعول
الفعل الصحيح السالم	قُوْبِلَ	يُقَابَلُ	مُقَابَلٌ
مهموز الفاء	أُوْخِذَ	يُؤَاخَذُ	مُؤَاخَذٌ
مهموز العين	سُوْئِلَ	يُسَاءَلُ	مُسَاءَلٌ
مهموز اللام	دُوْرِئَ	يُدَارَأُ	مُدَارَأٌ
المضعف	حُوْبَّ	يُحَابُّ	مُحَابٌّ
المثال الواوي	وُوْجِهَ	يُوَاجَهُ	مُوَاجَهٌ
المثال اليائي	يُوْسِرَ	يُيَاسَرُ	مُيَاسَرٌ
الأجوف الواوي	حُوْوِلَ	يُحَاوَلُ	مُحَاوَلٌ
الأجوف اليائي	بُوْيِعَ	يُبَايَعُ	مُبَايَعٌ
الناقص الواوي	قُوْسِيَ	يُقَاسَى	مُقَاسًى
الناقص اليائي	عُوْفِيَ	يُعَافَى	مُعَافًى

(د)

باب التفعُّل

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم المفعول
الفعل الصحيح السالم	تُبُدِّلَ	يُتَبَدَّلُ	مُتَبَدَّلٌ
مهموز الفاء	تُؤُلِّمَ	يُتَأَلَّمُ	مُتَأَلَّمٌ
مهموز العين	تُرُئِّفَ	يُتَرَأَّفُ	مُتَرَأَّفٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مهموز اللام	تُخُبِّيَ	يُتَخَبَّأُ	مُتَخَبَّأٌ
المضعف	تُهُدِّدَ	يُتَهَدَّدُ	مُتَهَدَّدٌ
المثال الواوي	تُوُعِّدَ	يُتَوَعَّدُ	مُتَوَعَّدٌ
المثال اليائي	تُيُسِّرَ	يُتَيَسَّرُ	مُتَيَسَّرٌ
الأجوف الواوي	تُعُوِّدَ	يُتَعَوَّدُ	مُتَعَوَّدٌ
الأجوف اليائي	تُبُيِّنَ	يُتَبَيَّنُ	مُتَبَيَّنٌ
الناقص الواوي	تُخُلِّيَ	يُتَخَلَّى	مُتَخَلًّى
الناقص اليائي	تُبُنِّيَ	يُتَبَنَّى	مُتَبَنًّى

(هـ)

باب الافتعال

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم المفعول
الفعل الصحيح السالم	اُخْتُلِفَ	يُخْتَلَفُ	مُخْتَلَفٌ
مهموز الفاء	اُئْتُلِفَ	يُؤْتَلَفُ	مُؤْتَلَفٌ
مهموز العين	اُبْتُئِسَ	يُبْتَأَسُ	مُبْتَأَسٌ
مهموز اللام	اُمْتُلِئَ	يُمْتَلَأُ	مُمْتَلَأٌ
المضعف	اُعْتُدَّ	يُعْتَدُّ	مُعْتَدٌّ
المثال الواوي	اُتُّحِدَ	يُتَّحَدُ	مُتَّحَدٌ
المثال اليائي	اُتُّسِرَ	يُتَّسَرُ	مُتَّسَرٌ
الأجوف الواوي	اُجْتِيْزَ	يُجْتَازُ	مُجْتَازٌ
الأجوف اليائي	اُخْتِيْرَ	يُخْتَارُ	مُخْتَارٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الناقص الواوي	اُدْعِيَ	يُدَّعَى	مُدَّعًى
الناقص اليائي	اُجْتُبِيَ	يُجْتَبَى	مُجْتَبًى

(و)

باب التفاعل

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم المفعول
الفعل الصحيح السالم	تُنُوْفِسَ	يُتَنَافَسُ	مُتَنَافَسٌ
مهموز الفاء	تُؤُوْمِرَ	يُتَآمَرُ	مُتَآمَرٌ
مهموز العين	تُسُوئِلَ	يُتَسَاءَلُ	مُتَسَاءَلٌ
مهموز اللام	تُبُوْطِئَ	يُتَبَاطَأُ	مُتَبَاطَأٌ
المضعف	تُحُوْبَّ	يُتَحَابُّ	مُتَحَابٌّ
المثال الواوي	تُوُوْعِدَ	يُتَوَاعَدُ	مُتَوَاعَدٌ
المثال اليائي	تُيُوْسِرَ	يُتَيَاسَرُ	مُتَيَاسَرٌ
الأجوف الواوي	تُعُوْوِنَ	يُتَعَاوَنُ	مُتَعَاوَنٌ
الأجوف اليائي	تُبُوْيِعَ	يُتَبَايَعُ	مُتَبَايَعٌ
الناقص الواوي	تُدُوْنِيَ	يُتَدَانَى	مُتَدَانًى
الناقص اليائي	تُفُوْنِيَ	يُتَفَانَى	مُتَفَانًى

(ز)

باب الاستفعال

نوع الفعل	الماضي	المضارع	اسم المفعول
الفعل الصحيح السالم	اُسْتُقْبِلَ	يُسْتَقْبَلُ	مُسْتَقْبَلٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مهموز الفاء	اُسْتُؤْنِسَ	يُسْتَأْنَسُ	مُسْتَأْنَسٌ
مهموز العين	اُسْتُشْئِمَ	يُسْتَشْأَمُ	مُسْتَشْأَمٌ
مهموز اللام	اُسْتُبْطِئَ	يُسْتَبْطَأُ	مُسْتَبْطَأٌ
المضعف	اُسْتُعِدَّ	يُسْتَعَدُّ	مُسْتَعَدٌّ
المثال الواوي	اُسْتُوْجِبَ	يُسْتَوْجَبُ	مُسْتَوْجَبٌ
المثال اليائي	اُسْتُوْقِنَ	يُسْتَيْقَنُ	مُسْتَيْقَنٌ
الأجوف الواوي	اُسْتُعِيْنَ	يُسْتَعَانُ	مُسْتَعَانٌ
الأجوف اليائي	اُسْتُفِيْدَ	يُسْتَفَادُ	مُسْتَفَادٌ
الناقص الواوي	اُسْتُدْعِيَ	يُسْتَدْعَى	مُسْتَدْعًى
الناقص اليائي	اُسْتُسْقِيَ	يُسْتَسْقَى	مُسْتَسْقًى

شرح وتفصیل:

كيفية صوغ اسم المفعول من الفعل المزيد:

۱۔ فعل مزید کا اسم المفعول مضارع مجہول کے وزن پر بنایا جاتا ہے۔ حرف المضارعة کے بجائے میم مضمومہ ہوتا ہے اور ما قبل الآخر کو فتحہ دیا جاتا ہے۔

۲۔ باب المفاعلة، باب التفاعل اور باب الافتعال کے مضعف کے اسم الفاعل اور اسم المفعول کے صیغے ایک جیسے ہوتے ہیں اسی طرح باب الافتعال کے اجوف کے اسم الفاعل اور اسم المفعول کے صیغے بھی ایک جیسے ہیں: مُحَابٌّ، مُتَحَابٌّ، مُعْتَدٌّ، مُخْتَارٌ۔

المقصور:

مندرجہ بالا نقشے پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ ناقص کے تمام مزید ابواب کے اسماء مفعول کے آخر میں الف ہے: مُعْلًى، مُسَمًّى، مُعافًى وغیرہ (یہ الف اگرچہ یاء کی صورت میں لکھا جاتا ہے، لیکن اعتبار تلفظ کا ہے نہ کہ کتابت کا)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مُعلًی دراصل مُفْعَلٌ کے وزن پر مُعْلَوٌ تھا واوفتحہ کے بعد الف میں تبدیل ہوجائے گا اور التقاء الساکنین (الف اورتنوین کا نون ساکنہ) کی وجہ سے لفظا (یعنی تلفظ کے اعتبار سے) حذف ہوجائیگا، البتہ کتابت میں حذف نہیں ہوگا (بصورت یاء لکھا جائے گا) مُعْلًی۔ یہی اعلال ناقص کے تمام اسماء مفعول میں واقع ہوگا۔ مُعْلًی پر جب لام داخل ہوتا ہے تو اس کا الف لوٹ آتا ہے اور یہ المُعلی بن جاتا ہے۔ ایسے معتل الآخر اسماء جن کے آخر میں الف لازمہ ہو قواعد کی اصطلاح میں مقصور[1] کہلاتے ہیں۔

إعراب المقصور

الأمثلة:

١ ـ هٰذَا الْوَلَدُ مُسَمًّى بِزَيْدٍ.

(مُسَمًّى: خَبَرٌ لمبْتَدَأ مَرْفُوْعٌ، وَعَلَامَةُ رَفْعِهِ الضَّمَّةُ الْمُقَدَّرَةُ عَلَى الْأَلِفِ، مَنَعَ مِنْ ظُهُوْرِهَا التَّعَذُّرُ).

٢ ـ أرسل اللّٰه تعالى محمّدًا المُصْطَفٰى هدايةً لِلْبَشَرِ.

(المُصْطَفٰى: صِفَةٌ لِمُحَمَّدٍ، مَنْصُوْبٌ، وَعَلَامَةُ نَصْبِهِ الفَتْحَةُ الْمُقَدَّرَةُ عَلَى الْأَلِفِ، مَنَعَ مِنْ ظُهُوْرِهَا التَّعَذُّر)

٣ ـ أيُّ شَيءٍ أَبْغَضُ مِنَ الْكِذْبِ المُفْتَرٰى .

(المُفْتَرٰى: صِفَةٌ لِلْكِذْبِ، مَجْرُوْرٌ، وَعَلَامَةُ جَرِّهِ الْكَسْرَةُ الْمُقَدَّرَةُ عَلَى الْأَلِفِ، مَنَعَ مِنْ ظُهُوْرِهَا التَّعَذُّر)

شرح وتفصیل:

مقصور کے آخر میں چونکہ الف ہوتا ہے اور الف پر حرکت کا ظہور ناممکن ہے، لہذا اسکے اعراب تینوں حالتوں میں تقدیری ہوتے ہیں (ضمہ، فتحہ، کسرہ تینوں کا اندازہ ٹھہرالیا جاتا ہے) جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

(۱) ناقص کے اسم المفعول کے علاوہ اور بھی بہت سے اسماء مقصور ہوتے ہیں۔ ان میں سے کچھ مصادر: ثَرًی، هَوًی، کچھ جموع: حِلْيَةٌ ج حِلًی، بِنْيَةٌ ج بِنًی، مُدْيَةٌ ج مُدًی، فِرْيَة ج فِرًی شامل ہیں اور کچھ اسماء جیسے: فَتًی، عَصًا وغیرہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تأنيث المقصور وتثنيته وجمعه جمع تصحيح

الأمثلة:

	المفرد	المثنى	الجمع السالم
المذكر المرفوع	مُسَمًّى، المُسَمّٰى	مُسَمَّيَانِ، المُسَمَّيَانِ	مُسَمَّوْنَ، المُسَمَّوْنَ
المجرور	مُسَمًّى، المُسَمّٰى	مُسَمَّيَيْنِ، المُسَمَّيَيْنِ	مُسَمَّيْنَ، المُسَمَّيْنَ
المنصوب	مُسَمًّى، المُسَمّٰى	مُسَمَّيَيْنِ، المُسَمَّيَيْنِ	مُسَمَّيْنَ، المُسَمَّيْنَ
المؤنث	مُسَمَّاةٌ، المُسَمَّاةُ	مُسَمَّاتَانِ، المُسَمَّاتانِ	مُسَمَّيَاتٌ، المُسَمَّيَاتُ

شرح وتفصيل:

۱۔ مقصور کو جب تثنی بنایا جاتا ہے تو اسکا الف یاء میں تبدیل ہوجاتا ہے (ما قبل الياء مفتوح ہی رہتا ہے)[1]۔

۲۔ جب مقصور کو جمع مذکر سالم یا جمع مؤنث سالم بناتے ہیں تو اسکا الف حذف ہوجاتا ہے اور مـا قبل الألف کا فتحہ برقرار رہتا ہے۔

۳۔ جب مقصور کو مؤنث بنایا جاتا ہے تو تنوین کی حالت میں اسکا الف لـفظًا و خطًّا لوٹ آتا ہے اور بصورت الف ہی لکھا جاتا ہے۔

إعمال اسم المفعول حال اقترانه باللام

الأمثلة:

۱ ـ المَفْقُودُ مَالُهُ حَزِيْنٌ.

۲ ـ المَمْنُوحُ جَائِزَةً مَسْرُوْرٌ.

۳ ـ المَعْتُوبُ عَلَيْهِ مُعْتَذِرٌ.

(۱) اگر مقصور ثلاثی ہو یعنی اس کا الف کلمہ کا تیسرا حرف ہو تو اس صورت میں تثنی اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت یہ الف اصل کی طرف لوٹ آتا ہے مثلا: عَـصَـا، عَصَوَانِ، عَصَوَاتٌ (کیونکہ عصا کا الف باعتبار اصل واو ہے)، رَمَى، رَمَيَانِ، رَمَيَاتٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

اسم المفعول فعل مبني للمجهول کا کام کرتا ہے اگر فعل متعدّي إلى مفعول ہوتو نائب الفاعل کو مرفوع کرتا ہے، جملہ ۱ میں اسم المفعول "المفقود" نائب الفاعل "مالُهُ" کو مرفوع کررہا ہے۔ اگر فعل متعدي إلى مفعولَيْنِ ہوتو اسم المفعول مفعول به کو منصوب کرتا ہے، جملہ ۲ میں اسم المفعول "الممنوح" مفعول بہ "جائزة" کو منصوب کررہا ہے۔

فعل کی طرح اسم المفعول کے ساتھ جار ومجرور بھی متعلق ہوسکتے ہیں، جملہ ۳ میں اسم المفعول "المعتوب" کے ساتھ جار ومجرور "عليه" متعلق ہیں۔

اسم المفعول پر داخل ہونے والا لام اسم موصول کے معنی دیتا ہے، لہذا اسم المفعول المقترن باللام کے بجائے الذي + الفعل المبني للمجهول لانا جائز ہے، چنانچہ المفقود ماله کے بجائے الذي فُقِدَ مالُه بھی کہا جاسکتا ہے۔ اسم المفعول المقترن باللام ماضی، حال اور مستقبل کسی بھی زمانے پر دلالت کرنے کے لئے استعمال ہوسکتا ہے۔

إعمال اسم المفعول حال تجرّده من اللّام

الأمثلة:

١ ـ الفَقِيْرُ مُعْطًى ثَوْبًا.

٢ ـ مَا مَبْغُوْضٌ الْكَرِيْمُ.

٣ ـ أَمُغَاثٌ المَلْهُوفُ؟

٤ ـ رأيتُ سَارِقًا مَقْطُوعَةً يَدُه.

شرح وتفصیل:

اگر اسم المفعول لام سے خالی ہوتو اسم الفاعل کی طرح دو شرطوں کے ساتھ فعل کا کام کرتا ہے:

۱۔ پہلی شرط یہ ہے کہ حال پر دلالت کرتا ہو پس الفقير مُعطًى ثوبًا کے بجائے ہم الفقير يُعطى ثوبًا کہہ سکتے ہیں، الفقير

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

أُعْطِيَ ثوبًا نہیں کہہ سکتے۔

۲۔ دوسری شرط الاعتماد ہے، یعنی اسم المفعول کا مندرجہ ذیل چار چیزوں میں سے کسی ایک کا سہارا لینا ضروری ہے:

۱۔ المبتدأ: کی خبر ہو، جملہ ۱ میں اسم المفعول: مُعطًى اپنے مبتدا: الفقير پر اعتماد کرتے ہوئے مفعول به ثوبًا کو منصوب کر رہا ہے۔ اسم المفعول کا مجرد من اللام ہونے کی حالت میں جملے کے بالکل شروع میں لانا جائز نہیں مُعطًى فقيرٌ ثوبًا قواعد کی رو سے غلط ہے۔

۲۔ النفي: اسم المفعول نفی کے سیاق میں وارد ہو تو الفعل المبني للمجهول کا کام کر سکتا ہے، جملہ ۲ میں اسم المفعول: مبغوض، نائب الفاعل: الكريم کو مرفوع کر رہا ہے۔

۳۔ الاستفهام: اسم المفعول استفہامیہ جملے میں وارد ہو تو الفعل المبني للمجهول کا کام کر سکتا ہے، جملہ ۳ میں اسم المفعول: مُغاث، نائب الفاعل: الملهوف کو مرفوع کر رہا ہے۔

۴۔ الموصوف: اسم المفعول کسی موصوف کی صفت ہو تب بھی مجرد من ال ہونے کی حالت میں فعل کا کام کرتا ہے، جملہ ۴ میں اسم المفعول: مقطوعة اپنے موصوف سارِقًا پر اعتماد کرتے ہوئے نائب الفاعل: يدُه کو مرفوع کر رہا ہے[1]۔

قاعدہ نمبر ۵۳:

فعل ثلاثی سے اسم المفعول ''مَفْعُوْلٌ'' کے وزن پر بنتا ہے۔ افعال مزیدہ سے اسم المفعول مضارع مجہول کے وزن پر بنتا ہے۔ حروف مضارعہ کو میم مضمومہ سے بدل دیا جاتا ہے۔ اسم الفاعل کی طرح اسم المفعول بھی ال کے ساتھ مقترن ہونے کی صورت میں فعل (یعنی فعل مجہول) کا کام کرتا ہے۔ ال سے خالی ہونے کی صورت میں اسے فعل کا عمل کرنے کے لئے وہی شرائط درکار ہیں جو اوپر بیان کی گئی ہیں۔

(۱) اسم المفعول کا نائب الفاعل اس کے بعد واقع ہوگا جس طرح الفعل المبني للمجهول کا نائب الفاعل اس کے بعد آتا ہے۔ یہ فعل کی طرح تذکیر وتانیث میں نائب الفاعل کے مطابق ہوگا، اس کا صیغہ بھی مفرد ہی رہے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل افعال مزیدہ کے أسماء مفعولین بتایئے اور ہر اسم مفعول سے مفرد مؤنث، تثنی، جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث کے صیغے بتایئے:

صَدَّقَ قاتَلَ بَايَعَ أَدْخَلَ أَوْهَنَ شَاقَّ اعْتَادَ اكْتَرَى اسْتَنْبَطَ

اشْتَهَى امتَطَى اتَّهَمَ اصطَفَى اعْتَنَى ابتَغَى ادَّعَى واجَهَ واسَى

ارتَقَى تلَقَّى استَولَى زَيَّنَ تَوَعَّدَ اتَّقَى

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں افعال مبنية للمجهول کے بجائے أسماء مفعولین استعمال کیجئے:

نموذج: ١ ـ يُستَجابُ دُعاءُ الْمَظْلومِ. دُعاءُ الْمَظْلومِ مُستَجابٌ.

٢ ـ لِمَنْ هٰذِهِ الأقلامُ الَّتِي أُلقِيَتْ عَلَى الأَرْضِ ؟ لِمَنْ هٰذِهِ الأقلامُ المُلْقاةُ عَلَى الأَرْضِ ؟

٣ ـ يُسْتَخَفُّ بِالصَّالِحِيْنَ.

٤ ـ أَيْنَ الكُتُبُ الَّتِي أُعِيْدَتْ إِلى المَكْتَبَةِ؟

٥ ـ سُئِلَ صَدِيْقِي عَنْ كِتَابٍ.

٦ ـ هٰذَا الشَّيْخُ يُطَاعُ وَيُهَابُ فِي عَشِيْرَتِه.

٧ ـ يُنْهى عن الغِيبةِ والنَّميمَةِ.

٨ ـ مَن يَخْرُجِ اليَومَ تُعَرَّضْ حياتُهُ لِلْخَطَرِ.

٩ ـ تُعْرَفُ فَوَائِدُ اللُّغَةِ العَرَبِيَّةِ.

١٠ ـ يُلامُ المُقَصِّرُونَ وَيُمْدَحُ المُجْتَهِدُونَ.

١١ ـ تُغْسَلُ الأَيْدي قَبْلَ الطَّعَامِ.

١٢ ـ تُقْتَنَى الكُتُبُ الدِّيْنِيَّةُ مِن هٰذِهِ المَكْتَبَةِ.

١٣ ـ أُبيحَ لنا الإفطارُ في السَّفَرِ.

١٤ ـ تُغَطَّى الأَطْبَاقُ لِكَيْلَا يَقَعَ فِيْهَا الذُّبَابُ.

١٥ ـ يُخَلَّى عَنِ الْعَادَاتِ السَّيِّئَةِ.

١٦ ـ الرَّجلُ الَّذي رُؤِيَ بالْمَسْجِدِ قَدْ غابَ.

١٧ ـ مَن الَّذِينَ دُعُوا إِلَى الحَفْلَةِ؟

١٨ ـ العَمَلُ الَّذي بُدِيءَ بِاسْمِ اللّٰهِ يُبَارَكُ فِيْهِ.

١٩ ـ الإنْسَانُ يُفَاجَأُ بِالمَصَائِبِ.

٢٠ ـ الكُتُبُ الَّتِي اشْتُرِيَتْ بِالأَمْسِ نَافِعَةٌ جِدًّا.

٢١ ـ تُزَارُ الْقِلْعَةُ الْحَمْرَاءُ بالْمساءِ.

٢٢ ـ الَّذي عُوْفِيَ لَيْسَ أَسْعَدَ مِنَ الَّذِي ابْتُلِيَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢٣ـ يُصانُ العِرضُ قَبْلَ كُلِّ شَيءٍ.

٢٤ـ الشَّاةُ التي اشتُرِيَتْ بالأمْسِ غزيرةُ اللَّبنِ.

٢٥ـ تُعْطى هذه المَرْأةُ الفَقِيْرَةُ ثَوْبًا.

٢٦ـ مَنِ الَّذِيْنَ اسْتُدْعُوا إلى مَحْكَمَةِ القَضَاءِ؟

٢٧ـ تُفْرَشُ المَوَائِدُ وَيُوضَعُ الطَّعَام.

٢٨ـ الأقْمِشَةُ الَّتي اسْتُورِدَتْ منَ اليابانِ غاليةٌ.

٢٩ـ أَيْنَ الطَّالِبَةُ الَّتِي تُسَمَّى فَرْخُنْده؟

٣٠ـ لا تَقْسُ على رَجُلٍ أُصِيْبَ في أهْلِه وَمَاله.

٣١ـ يُفادى الأسرى وَيُخَلَّى سبيلُهم.

٣٢ـ الحَلْوَى الَّتِي قُدِّمَتْ لِلضُيُوفِ لَذِيْذَةٌ جِدًّا.

٣٣ـ هَلِ المَلابِسُ الَّتِي تُطْوى نَظِيْفَةٌ.

٣٤ـ يُسْتَعْمَلُ مَسْحُوقُ الغَسِيْلِ لِغَسْلِ المَلابِسِ.

٣٥ـ يُغَاثُ المَلْهوفُ وَيُواسَى الفَقِيْرُ.

٣٦ـ يُسْتَحَبُّ الْجُلوسُ في مكان مرتفعٍ لِلْوُضوء.

٣٧ـ يُعْفى عن هذهِ الهفَواتِ الصَّغيرةِ.

٣٨ـ البَضائِعُ الَّتي بِيعَتْ بالْمَزادِ كانتْ رَدِيئَةً جِدًّا.

٣٩ـ يُعاقَبُ المُجْرِمُ على فِعْلَتِهِ وَيُسْجَنُ.

٤٠ـ يُحْضَرُ الكُفَّارُ يومَ القيامةِ وَيُسئَلونَ عمَّا فَعلوا.

٤١ـ الكُفَّارُ الَّذِيْنَ اسْتُجِيْرُوا قَدْ أُسْلِمُوا.

٤٢ـ أَذُقْتَ اللَّحْمَ الَّذِي شُوِيَ فِي المِشْوَاةِ الكَهْرَبَائِيَّةِ؟

٤٣ـ يُسْتَعانُ اللّٰه تَعالى فِي وَقْتِ الشِّدَّةِ.

٤٤ـ تُرْعى حُقُوقُ العِبَادِ إلى جَانِبِ حُقُوقِ اللّٰهِ تَعالى.

٤٥ـ مَن البِنْت الَّتِي اُشْتُكِيَتْ إلى المُدِيْرَة؟

٤٦ـ بِكَم بِيعَتِ المَكاتِبُ الَّتي صِيْغَتْ منَ الخَشَبِ الرَّدِيْءِ؟

٤٧ـ هَلْ تُحْشَى الفَطَائِرُ بِاللَّحْمِ المَفْرُومِ؟

٤٨ـ الرُّسُلُ يُصْطَفَونَ عندَ اللّٰهِ تعالى وَيُبْعَثونَ لِهدايةِ الْبَشَرِ.

٤٩ـ الَّذي يُؤَاخَذُ بِذُنوبِهِ في الدُّنيا أسعدُ منَ الَّذي يُؤَخَّرُ إلى يومِ الْقيامةِ.

٥٠ـ عادَتْ نِساءُ القَرْيَةِ مِن شَاطِيءِ النَّهْرِ وعَلى رُؤوسِهِنَّ جِرَارٌ مُلِئَتْ مَاءً.

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں أسماء مفعولین کی تعیین کیجئے پھر ہر اسم مفعول کا فعل اور اسکے حروف اصلیہ بتائیے:

١ـ على سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ.

٢ـ عَسى أن يَّبعَثَكَ رَبُّكَ مَقامًا مَّحْمودًا.

٣ـ وَما نحنُ بِمُنْشَرِينَ.

٤ـ وَقالوا لن تَمَسَّنا النَّارُ إلَّا أيَّامًا مَّعْدُودَةً.

٥ـ وَبِئْسَ الوِرْدُ المَوْرُودُ.

٦ـ وَلَهُ الْجَوارِ الْمُنْشَآتُ فِي البَحْرِ كَالأعْلامِ.

٧ـ وَكُلُّ صَغيرٍ وَّكبيرٍ مُّسْتَطَرٌ.

٨ـ يَنظُرُونَ إليكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَليهِ منَ الموتِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٩ ـ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دونِهِ مُلْتَحَدًا.

١٠ ـ فَصَبْرٌ جَميلٌ وَّاللّٰهُ المُسْتَعانُ على ما تَصِفونَ.

١١ ـ إنَّ عذابَ رَبِّهِمْ غيرُ مأْمونٍ.

١٢ ـ إنَّ الصَّلاةَ كانتْ على المُؤْمِنينَ كِتابًا مَّوقوتًا.

١٣ ـ كانَ على رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا.

١٤ ـ قالتْ يا لَيْتَني مِتُّ قَبلَ هذا وَكنتُ نَسيًا مَنْسِيًّا.

١٥ ـ وَقالتِ اليَهودُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُولَةٌ.

١٦ ـ ذي قُوَّةٍ عندَ ذي الْعَرْشِ مَكين مُطاعٍ ثَمَّ أمين.

١٧ ـ وَالسماواتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ.

١٨ ـ إنَّ هؤُلاءِ مُتَبَّرٌ ما هم فيه وَباطلٌ مَّا كانوا يَعمَلونَ.

١٩ ـ جَنَّاتِ عدنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهمُ الأبْوابُ.

٢٠ ـ فَهِيَ خاوِيَةٌ على عُروشها وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشيدٍ.

٢١ ـ قالوا كنَّا مُسْتَضْعَفينَ في الأَرْضِ.

٢٢ ـ وَهوَ الَّذي أنْشَأَ جَنَّاتٍ مَّعروشاتٍ وَّغيرَ مَعروشاتٍ.

٢٣ ـ أولئكَ المُقَرَّبونَ في جَنَّاتِ النَّعيمِ.

٢٤ ـ يَاأَيَّتُها النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارجعي إلى رَبِّكِ راضِيةً مَّرْضِيَّةً.

٢٥ ـ عَلَيهِمْ نارٌ مُّؤْصَدَةٌ في عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ.

٢٦ ـ يَاأَيُّها الَّذينَ آمنوا إذا تَداينتُمْ بِدَيْنٍ إلى أجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبوهُ.

٢٧ ـ إنَّهم عِندَنا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الأَخْيارِ.

٢٨ ـ ما يَأْتِيهِم مِّنْ ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهم مُّحْدَثٍ إلَّا اسْتَمَعوهُ وَهم يَلعَبونَ.

٢٩ ـ إنَّما الصَّدقاتُ لِلْفُقَراءِ وَالْمَساكِيْنِ وَالعامِلينَ عَليها وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلوبُهمْ.

٣٠ ـ وَإمَّا تُعْرِضَنَّ عنهمُ ابْتِغاءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجوها فَقُلْ لَّهم قَولًا مَّيسورًا وَلَا تَجْعلْ يَدَكَ مَغْلولَةً إلى عُنُقِكَ وَلا تَبْسُطْها كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلومًا مَّحْسورًا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس السابع والعشرون

الحال

١ ـ الحال المفردة

الأمثلة:

(ا)

١ ـ جاء المُذنِبُ مُعتَذِرًا. (خطا کار معافی مانگتا ہوا آیا)

٢ ـ إنما تَخْرُجُ المُسْلِمَةُ مُتَحجِّبةً. (مسلمان عورت تو باپردہ ہی نکلتی ہے)

٣ ـ قَاتَلَ الْجُنْدِيَّانِ بَاسِلَينِ. (دونوں سپاہی بہادری سے لڑے)

٤ ـ انْطَلَقَ الْحُجَّاجُ مُلَبِّيْنَ. (حاجی لبیک کہتے ہوئے نکلے)

٥ ـ وَدَّعَتْني أَخَواتي باكياتٍ. (میری بہنوں نے مجھے روتے ہوئے الوداع کیا)

(ب)

٦ ـ أَدِّبْ وَلَدَكَ صغيرًا. (اپنے بیٹے کو بچپن ہی میں ادب سکھاؤ)

٧ ـ لا تَأْكُلِ الفَوَاكِهَ فجةً. (پھلوں کو کچا مت کھاؤ)

٨ ـ قطفتُ الوردتَينِ مُفَتَّحتَيْنِ. (میں نے دونوں گلاب کے پھول کھلے ہوئے توڑے)

٩ ـ استقبلْنا الضيوفَ مُكْرَمينَ. (ہم نے مہمانوں کا استقبال کیا جبکہ وہ معزز تھے)

١٠ ـ سَمِعتُ النساءَ شَاكياتٍ. (میں نے عورتوں کو شکوہ کرتے ہوئے سنا)

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں میں سرخ کلمات پر غور کیجئے: معتذرا، متحجبة، باسلين وغیرہ یہ سب کے سب منصوب اسماء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ہیں۔ مجموعہ الف کے جملوں پر مزید غور کیجئے معلوم ہوگا کہ ہر جملے میں سرخ منصوب اسم، فعل کے فاعل کی کیفیت بیان کررہا ہے۔

اب پہلے جملے کو لیجئے اگر ہم صرف جاء المذنب پر اکتفاء کریں تو یہ جملہ قواعد کی رو سے مکمل اور بامعنی ہے، لیکن اس سے یہ سمجھ میں نہیں آرہا کہ جب خطا کار آیا تو اسکی کیا کیفیت تھی۔ اگر متکلم فعل کے وقوع کے وقت فاعل کی کیفیت بیان کرنا چاہتا ہوتو اسے جملے کے اختتام میں حال لانا چاہئے۔ حال ایک کلمے کی صورت میں بھی آتا ہے اور جملے کی شکل میں بھی آسکتا ہے۔

حال مفرد عام طور پر مشتقات مصدر اسم فاعل، اسم مفعول وغیرہ میں سے ہوتا ہے۔ مثالوں میں تمام تر حال اسم فاعل ہیں سوائے (ب) کے ذیل میں جملہ ۹ آٹھیں حال اسم مفعول ہے۔

(ب) کے ذیل میں جتنے حال آئے ہیں وہ فاعل کی نہیں، بلکہ مفعول بہ کی کیفیت بیان کررہے ہیں: لا تأكل الفواكه فجة میں آپ مخاطب کو پھل کھانے سے منع نہیں کررہے، بلکہ صرف اس حال میں پھل کھانے سے روک رہے ہیں جبکہ وہ کچے ہوں گویا کہ حال وہ منصوب اسم ہے جو فعل کے وقوع کے وقت فاعل یا مفعول بہ کی کیفیت بیان کرے۔

حال کے بارے میں چند اہم باتیں ذہن نشین کرلیجئے:

۱۔ حال ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

۲۔ وہ فاعل یا مفعول بہ جسکی حال کیفیت بیان کررہا ہو صاحب الحال کہلاتا ہے۔ صاحب الحال ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے۔

۳۔ حال ہمیشہ تذکیر وتانیث اور مفرد، مثنی وجمع ہونے کے اعتبار سے صاحب الحال کے مطابق ہوتا ہے۔ قواعد کی رو سے حال اور نعت میں صرف اتنا فرق ہے کہ نعت معرفہ اور نکرہ ہونے کے اعتبار سے اپنے منعوت کے مطابق ہوتی ہے، جبکہ حال صاحب الحال کے برخلاف ہمیشہ نکرہ آتا ہے، أكلت الفواكه الفجة میں الفجة، الفواكه کی نعت ہے، جملے کا ترجمہ یوں ہوگا: میں نے کچے پھل کھائے، جبکہ أكلت الفواكه فجة میں فجة حال ہے، اس جملے میں متکلم یہ بیان کررہا ہے کہ اس نے پھل کچے ہونے کی حالت میں کھائے گویا کہ معنی کے اعتبار سے دونوں جملوں میں دقیق سا فرق ہے۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ نعت اعراب میں اپنے منعوت کے تابع ہوتی ہے، لہذا تینوں اعرابی حالتوں میں واقع ہوسکتی ہے، جبکہ حال ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ١

(ا) مندرجہ ذیل جملوں میں حال اور صاحب الحال کی تعیین کیجئے:

١ ـ لِمَ صَلَّيْتُمْ قَاعِدِيْنَ؟

٢ ـ دَخَلْتُ قَاعَةَ الْإِمْتِحَانِ خَائِفًا.

٣ ـ يُبَاعُ الدَّقِيْقُ مَوْزُوْنًا.

٤ ـ يَا أَيَّتُهَا النِّسَاءُ! قُمْنَ لِلّٰهِ قَانِتَاتٍ.

٥ ـ خُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيْفًا.

٦ ـ نَظَرَ الْأُسْتَاذُ إِلَى التِّلْمِيْذِ غَاضِبًا.

٧ ـ أَكَلْتُ اللَّحْمَ مَشْوِيًّا.

٨ ـ إِنَّمَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْعَالِمَ مُتَوَاضِعاً.

٩ ـ اِشْتَرَيْتُ الثَّوْبَ مُمَزَّقًا.

١٠ ـ سَاءَنِيْ قَطْعُ الْأَشْجَارِ مُثْمِرَةً.

١١ ـ اُنْظُرْ إِلَى السَّمَاءِ مُمْطِرَةً.

١٢ ـ أَضَفْتُ اللَّوْزَ إِلَى الْحَلْوٰى مَبْشُوْرًا.

١٣ ـ أَعْجَبَتْنِي الْحُقُوْلُ نَاضِرَةً.

١٤ ـ بَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيِّيْنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ.

١٥ ـ عُدْنَا مِنَ النُّزْهَةِ مَسْرُوْرِيْنَ.

١٦ ـ سُرِرْتُ بِمَنْظَرِ الْجِبَالِ مُغَطَّاةً بِالثُّلُوْجِ.

١٧ ـ جَاءَتِ النِّسَاءُ ضَاحِكَاتٍ.

١٨ ـ سَمِعَ الطُّلَّابُ نَتِيْجَةَ الْإِمْتِحَانِ مُسْتَبْشِرِيْنَ.

١٩ ـ مَنْ تَعِبَ صَغِيْرًا اسْتَرَاحَ كَبِيْرًا.

٢٠ ـ دَخَلْتُ الْمُسْتَشْفٰى مَرِيْضًا وَخَرَجْتُ مِنْهُ مُعَافًى وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.

(ب) مندرجہ ذیل عبارتوں میں حال اور صاحب الحال کی شناخت کیجئے:

١ ـ زَارَ أَحَدُ الْخُلَفَاءِ الْعَبَّاسِيِّيْنَ وَزِيْرًا لَهُ كَانَ مَرِيْضًا، وَكَانَ لِهٰذَا الْوَزِيْرِ وَلَدٌ ذَكِيٌّ، اسْتَقْبَلَ الْخَلِيْفَةَ مُرَحِّبًا، وَحَيَّاهُ مُؤَدَّبًا، فَقَالَ لَهُ الْخَلِيْفَةُ مُدَاعِبًا: أَيُّهُمَا أَحْسَنُ، دَارُ الْخَلِيْفَةِ أَمْ دَارُ أَبِيْكَ؟ فَقَالَ الْوَلَدُ: إِذَا كَانَ الْخَلِيْفَةُ فِي دَارِ أَبِي فَدَارُ أَبِي أَحْسَنُ، فَسُرَّ الْخَلِيْفَةُ مُتَعَجِّبًا مِنْ جَوَابِهِ وَأَرَاهُ خَاتَمَهُ فِي يَدِهِ، وَقَالَ لَهُ: هَلْ رَأَيْتَ أَحْسَنَ مِنْ هٰذَا الْخَاتَمِ؟ فَقَالَ الْوَلَدُ مُسْرِعًا: اَلْيَدُ الَّتِي هُوَ فِيْهِ، فَزَادَ سُرُوْرُ الْخَلِيْفَةِ مِنْ ذَكَائِهِ وَسُرْعَةِ خَاطِرِهِ، وَأَلْبَسَهُ خَاتَمَهُ الَّذِي فِي يَدِهِ.

٢ ـ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اُنْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُوْمًا. قَالُوْا: نَنْصُرُهُ مَظْلُوْمًا، فَكَيْفَ نَنْصُرُهُ ظَالِمًا؟ فَقَالَ: تَحْجِزُهُ عَنِ الظُّلْمِ فَإِنَّ ذٰلِكَ نَصْرٌ لَهُ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں صاحب الحال کو تثنی پھر جمع مذکر سالم اور پھر جمع مؤنث بنا کر جملوں میں ضروری تبدیلیاں کیجئے:

نموذج: ١ ـ أَقْبَلَتِ الْفَتَاةُ مُغْتَبِطَةً.

أَقْبَلَتِ الْفَتَاتَانِ مُغْتَبِطَتَيْنِ.

أَقْبَلَتِ الْفَتَيَاتُ مُغْتَبِطَاتٍ.

أَقْبَلَ الْفِتْيَةُ مُغْتَبِطِيْنَ.

٢ ـ وَلَّى الْعَدُوُّ مُدْبِرًا.

٣ ـ تُعْجِبُنِي التِّلْمِيْذَةُ مُجْتَهِدَةً.

٤ ـ خَرَجَ الْعَامِلُ مُسْرِعًا.

٥ ـ دَافَعَ الْجُنْدِيُّ عَنْ وَطَنِهِ شُجَاعًا.

٦ ـ أُبْغِضُ الصَّانِعَ مُهْمِلًا.

٧ ـ وَقَفَ الْخَائِنُ أَمَامَ الْقَاضِي خَائِفًا.

٨ ـ طُوْبٰى لِمَنْ مَاتَ مُؤْمِنًا.

٩ ـ هَلَّلَ الْمُتَفَرِّجُ لِفَرِيْقِ الْوَطَنِ مُصَفِّقًا.

١٠ ـ أَبْصَرْتُ الْعُصْفُوْرَ عَلَى الشَّجَرَةِ مُغَرِّدًا.

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملوں میں نعت کو حال میں تبدیل کیجئے:

نموذج: ١ ـ يُعْجِبُنِي الْغَنِيُّ الْمُتَوَاضِعُ.

يُعْجِبُنِي الْغَنِيُّ مُتَوَاضِعًا.

٢ ـ لَاتَرْكَبِ الْبَحْرَ الْهَائِجَ.

٣ ـ بِكَمْ بِعْتَ الْقُطْنَ الْمَحْلُوْجَ؟

٤ ـ طَلَعَتِ الشَّمْسُ الْمُشْرِقَةُ.

٥ ـ رَحَّبْنَا بِالضُّيُوْفِ الْمُكْرَمِيْنَ.

٦ ـ لَا خَيْرَ فِي التِّلْمِيْذِ الْمُهْمِلِ.

٧ ـ نَظَرْتُ إِلَى السَّمَاءِ الْمُلَبَّدَةِ بِالْغُيُوْمِ.

٨ ـ أَحْتَرِمُ الطُّلَّابَ الْمُجْتَهِدِيْنَ.

٩ ـ الْمَرْأَةُ الْجَاهِلَةُ وَبَالٌ عَلَى الْمُجْتَمَعِ.

١٠ ـ لِنَسْتَنْشِقِ الْهَوَاءَ النَّقِيَّ وَلْنَشْرَبِ الْمَاءَ الْبَارِدَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل کلمات میں سے ہر کلمہ کو جملے میں بطور حال استعمال کیجئے، اگر کلمہ کے ساتھ قوسین میں فاعل لکھا ہوا ہے تو صاحب الحال کو فعل کا فاعل ہونا چاہئے اور اگر مفعول بہ لکھا ہوا ہے تو صاحب الحال کو فعل کا مفعول بہ ہونا چاہئے:

١ـ وَسِخٌ	(مفعول به)	٢ـ مَطْوِيَّةٌ	(مفعول به)
٣ـ مَاشِيَاتٌ	(فاعل)	٤ـ رَخِيْصٌ	(مفعول به)
٥ـ ضَاحِكَاتٌ	(فاعل)	٦ـ بَائِسُوْنَ	(مفعول به)
٧ـ مُخْلِصُوْنَ	(فاعل)	٨ـ مُتَضَرِّعٌ إِلَى رَبِّهِ	(فاعل)
٩ـ مَمْلُوْءُوْنَ بِالنَّشَاطِ	(فَاعِل)	١٠ـ وَاثِقٌ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ	(فاعل)

٢ـ الحال إذا كانت جملة

الأمثلة:

(ا)

الحال إذا كانت جملة اسمية

١ـ جِئتُ والشمسُ طالعةٌ.

٢ـ رَجعَ العُمّال وهم متعَبونَ.

٣ـ تمرُّ بِنا الأَيَّامُ وقلوبُنا لاهيةٌ.

٤ـ جاءتْ زينبُ وجْهُها متهلِّلٌ.

(ب)

الحال إذا كانت جملة فعلية ماضوية

٥ـ أَبْهَجَتْنِي الرَّوْضَةُ وقد انهمَر عليها المطرُ

٦ـ وصلتُ إلى المدرسةِ وقد دُقَّ الجرسُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٧۔ جاء الضيوفُ وما استَيقظَ المُضيفُ.

(ج)

الحال إذا كانت جملةً فعليةً مضارعيَّة

٨۔ ينكبُّ الطلابُ على كتبهم يملأهم النشاطُ.

٩۔ دخل زيدٌ الفصلَ ولم يَبْدَأ الأُستاذُ محاضرتَه.

١٠۔ قطفتُ الوردةَ ولمَّا تَتفتَّحْ.

١١۔ اللّٰهُ أخرجَكم مِن بطونِ أمَّهاتِكم لا تعلمون شَيئًا.

(د)

الحال شبه الجملة

١٢۔سمعتُ الخطيبَ على المنبرِ.

١٣۔أعجبني السَّمكُ في البِرْكةِ.

١٤۔طلعَ البدرُ بين السَّحابِ.

١٥۔غرَّد الطَّائرُ على الغصنِ.

شرح وتفصیل:

حال جملہ کی شکل میں بھی آ سکتا ہے۔ ایسے جملے کو نحو کی اصطلاح میں جملة الحال یا الجملة الحالية کہا جاتا ہے۔ الجملة الحالية کے بارے میں مندرجہ ذیل احکام ملحوظ رکھے جاتے ہیں:

(ا) یہ جملہ اگر اسمیہ ہو تو اسکی تین صورتیں ہوسکتی ہیں:

ا۔ یہ صاحب الحال کی ضمیر سے خالی بھی ہوسکتا ہے۔ ایسی صورت میں اسے سابقہ کلام کے ساتھ ایک واو کے ذریعے جوڑا جاتا ہے۔ یہ واو حرف عطف نہیں واو الحال ہے۔ اسے رابط الحال کہا جاتا ہے، کیونکہ یہ جملہ حالیہ اور سابقہ کلام کے درمیان ربط پیدا کرتا ہے۔ اگر جملہ حالیہ صاحب الحال کی ضمیر سے خالی ہو تو اس سے قبل واو الحال لانا واجب ہوتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ہے: جئتُ والشمس طالعةٌ (میں اس وقت آیا جب سورج طلوع ہو رہا تھا)۔

۲۔ اگر جملہ حالیہ اسمیہ کے شروع میں صاحب الحال کی ضمیر ہو تو اس صورت میں بھی واو الحال کا لانا واجب ہوتا ہے: رجع العمالُ وهم متعبون (اس جملے میں واو اور ضمیر دونوں رابط ہیں)۔

۳۔ اگر جملہ حالیہ اسمیہ میں صاحب الحال کی ضمیر پائی جائے، لیکن شروع میں نہ ہو تو اس صورت میں واو الحال کا لانا اور نہ لانا دونوں جائز ہیں، یعنی رابط صرف ضمیر بھی ہو سکتی ہے اور واو اور ضمیر مل کر بھی رابط ہو سکتے ہیں: جاء ت زینبُ وجْهُهَا متهلِّلٌ، تمر بنا الأيام وقلوبُنَا لاهيةٌ۔

(ب) جملہ حالیہ جملة فعلية بھی ہو سکتا ہے۔ جملة فعلية ماضوية کے احکام مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ اگر اس میں صاحب الحال کی ضمیر پائی جائے تو یہ عام طور پر واو الحال اور قد سے شروع ہوتا ہے، لیکن واو کا لانا واجب نہیں: أبهجتني الروضة وقد انهمر عليها المطر۔

۲۔ اگر یہ جملہ صاحب الحال کی ضمیر سے خالی ہو تو اس سے قبل واو اور قد کا لانا واجب ہو جاتا ہے: وصلت إلى المدرسة وقد دقّ الجرس۔

۳۔ اگر یہ جملہ منفی ہو تو اس سے پہلے واو الحال آتا ہے: جاء الضيوف وما استيقظ المضيف (مہمان میزبان کے سوتے ہوئے آئے)۔

(ج) جملہ فعلیہ مضارعیہ کے احکام مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ اگر جملہ حالیہ مضارع مثبت سے شروع ہو تو اس سے قبل واو الحال نہیں آئے گا اور رابط صرف ضمیر ہوگی: ينكب الطلاب على كتبهم يملأهم النشاط (طلباء بھرپور نشاط کیساتھ اپنی کتابوں میں منہمک ہیں)۔

۲۔ اگر جملہ حالیہ مضارع منفی ہو تو دیکھا جائے گا کہ کس حرف سے منفی ہے، اگر جملہ لمّا سے منفی ہو تو اس سے قبل عام طور پر واو الحال آتا ہے: قطفت الوردة ولمّا تتفتّح، اور اگر جملہ لم سے منفی ہو تو واو کا لانا اور ترک کرنا دونوں جائز ہیں، البتہ اگر جملہ صاحب الحال کی ضمیر سے خالی ہو تو واو کا لانا لازمی ہو جاتا ہے: دخلت الفصل ولم يبدأ الاستاذ محاضرته اور اگر لا سے منفی ہو تو اس سے قبل واو الحال نہیں آتا: واللّٰهُ أخرجكم من بطون أمهاتكم لا تعلمون شيئًا (اللہ تعالیٰ نے تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس حال میں نکالا کہ تم کچھ نہیں جانتے تھے)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(د) حال شبہ الجملة کی صورت میں بھی وارد ہوتا ہے، جار ومجرور کا مجموعہ بھی ہوسکتا ہے اور ظرف بھی:

سمعتُ الخطيب على المنبر، طلع البدرُ بين السحاب (چاند بادلوں کے درمیان طلوع ہوا)۔ حال اگر جملہ یا شبہ الجملة کی شکل میں آئے تو اسکے اعراب محلی ہونگے:

جئتُ والشمس طالعة: الواو: واو الحال، الشمس طالعة: جملة في محلٍّ نصبٍ حال.

سمعت الخطيب على المنبر: على المنبر: شبه الجملة في محل نصبٍ حال .

الفرق بين الجملة الحالية والجملة النعتية:

جس طرح حال کلمہ مفردہ کی صورت میں بھی آتا ہے اور جملے کی شکل میں بھی، اسی طرح نعت کلمہ مفردہ بھی ہوسکتی ہے اور جملہ بھی۔ جملہ حالیہ اور جملہ نعتیہ کا فرق مندرجہ ذیل ہے:

۱۔ جملہ نعتیہ اعراب میں اپنے منعوت کے عین مطابق ہوتا ہے۔ منعوت مرفوع ہوگا تو جملہ في محل رفعٍ ہوگا، منعوت منصوب ہوگا تو جملہ في محل نصب ہوگا اور اگر منعوت مجرور ہوگا تو جملہ في محل جر ہوگا:

جاءَ رَجُلٌ يَسْعى:"يسعى"جملة في محلّ رفع نعت.

أبْصَرْتُ دُبًّا يُقْبِلُ:" يُقْبِلُ"جملة في محلٍّ نصب نعت.

نظرتُ إلى سفينةٍ تغرَقُ:" تغرَقُ "جملة في محلٍّ جرٍّ نعت.

۲۔ جملہ نعتیہ کا منعوت ہمیشہ نکرہ ہوتا ہے، جبکہ صاحب الحال معرفہ ہوتا ہے: جَاءَ رَجُلٌ يسعى میں اگر رجل کو معرفہ (الرجل) بنادیا جائے تو جملہ: یسعی، جملہ حالیہ بن جائے گا۔

قاعدہ نمبر ۵۴:

۱۔ حال اس منصوب نکرہ اسم کو کہتے ہیں جو فعل کے صدور کے وقت فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے۔

۲۔ حال جس اسم کی حالت یا کیفیت بیان کرتا ہے اسے صاحب الحال کہا جاتا ہے۔

۳۔ حال کو منصوب کرنے والا عامل وہ فعل ہوتا ہے جس کے فاعل یا مفعول بہ کی کیفیت بیان کرنے کے لئے حال کو لایا جاتا ہے۔

۴۔ صاحب الحال ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۵۔ حال تذکیر وتانیث، عدد (یعنی مفرد، مثنی یا جمع ہونے کی صورت) میں صاحب الحال سے مطابقت رکھتا ہے۔

۶۔ حال اور نعت کے درمیان بنیادی طور پر دو باتوں سے تمیز واقع ہوتی ہے:

(ا) حال ہمیشہ منصوب ہوتا ہے جب کہ نعت اعراب میں اپنے منعوت کے تابع ہوتی ہے۔

(ب) صاحب الحال ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے جبکہ منعوت نکرہ بھی ہوسکتا ہے اور معرفہ بھی۔

۷۔ حال لفظ مفرد بھی ہوسکتا ہے (اس صورت میں یہ عام طور پر اسم الفاعل یا اسم المفعول ہوتا ہے)، شبه الجملة بھی ہوسکتا ہے اور جملة اسمية یا جملة فعلية بھی ہوسکتا ہے۔

۸۔ جملہ حالیہ میں ایسے رابط کا ہونا ضروری ہے جس کے ذریعہ سے جملہ حالیہ کا اصل جملے سے ربط قائم ہو۔ یہ رابط یا واو الحال ہوتا ہے یا ایسی ضمیر ہوتی ہے جو صاحب الحال پر لوٹتی ہو۔ بعض اوقات جملہ حالیہ واوالحال اور ضمیر دونوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

۹۔ جملہ حالیہ (خواہ جملہ تامہ ہو یا شبه الجملة) ہمیشہ نصب کے محل میں ہوتا ہے۔

التمرين۔ ۱

مندرجہ ذیل جملوں میں سے ہر جملہ نعتیہ کا محل اعراب بتایئے، اور پھر ان جمل نعتیہ کو جمل حالیہ میں تبدیل کیجئے:

نموذج: ۱۔ سَمِعْتُ بُلْبُلاً يُغَرِّدُ: "يُغَرِّدُ" جملة في محل نصب نعت.

سَمِعْتُ الْبُلْبُلَ يُغَرِّدُ: "يُغَرِّدُ" جملة في محل نصب حال.

۲۔ جَاءَ طِفْلٌ يَبْكِيْ.

۳۔ نِمْنَا تَحْتَ سَمَاءٍ تَتَلأْلأُ نُجُوْمُهَا.

٤۔ أَتَانِيْ طَالِبٌ يَعْتَذِرُ.

۵۔ أَبْصَرْتُ تَحْتَ الطَّاوِلَةِ هِرَّةً تَمُوْءُ.

٦۔ مَرَرْتُ بِرِجَالٍ يُهَلِّلُوْنَ.

۷۔ جَرَتِ السَّفِيْنَةُ فِيْ بَحْرٍ تَتَلاطَمُ أَمْوَاجُهُ.

۸۔ أُحِبُّ عَامِلاً يُتْقِنُ عَمَلَهُ.

۹۔ رَأَيْتُ عَلَى الشَّارِعِ سَيَّارَتَيْنِ تَصْطَدِمَانِ.

۱۰۔ سَمِعْتُ خَطِيْبًا يَأْسِرُ الْقُلُوْبَ بِحُسْنِ لَفْظِهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو حال سے پر کیجئے (حال مفرد بھی ہوسکتا ہے اور جملہ بھی):

۱ـ عَادَ الْجُيُوْشُ .....

۲ـ بَنَى الْمُهَنْدِسُ الْمَبْنٰى .....

۳ـ جَاءَ الْجَرِيْحُ .....

٤ـ أَقْبَلَتِ الْحَيَّةُ إِلَى الطِّفْلِ .....

٥ـ قَابَلَنَا أَصْدِقَاؤُنَا .....

٦ـ دَخَلَ الْعَامِلُ الْمُسْتَشْفٰى .....

۷ـ اِشْتَرَيْتُ الدَّجَاجَةَ .....

۸ـ اِعْتَلٰى رَئِيْسُ الْوُزَرَاءِ سَيَّارَتَهُ .....

۹ـ عِشْ ..... وَمُتْ .....

۱۰ـ أَوَى الْفَلَّاحُوْنَ إِلٰى دُوْرِهِمْ .....

التمرين ـ ۳

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے (سرخ کلمات بطور حال آئیں گے):

۱ـ صبح سویرے اٹھا کرو۔

۲ـ طالبات کمرۂ امتحان میں ڈرتی ہوئی داخل ہوئیں۔

۳ـ میں کام مکمل کر کے اٹھا۔

۴ـ مزدور تیزی سے کارخانے کی طرف روانہ ہوئے۔

۵ـ ہم سیر کرتے ہوئے نکلے۔

٦ـ والد صاحب صوفے پر بیٹھے اخبار پڑھ رہے ہیں۔

۷ـ آپ سوار آئے ہیں یا پیدل؟

۸ـ باز خرگوش پر جھپٹا اس کے اندر اپنے پنجے گاڑتا ہوا۔

۹ـ میں نے کتاب جلد شدہ خریدی۔

۱۰ـ کسان پوری چستی کے ساتھ کھیتوں کی طرف چل دیا۔

۱۱ـ مظلوم روتا ہوا قاضی کے پاس گیا۔

۱۲ـ میں بیٹھا ریڈیو میں قرآن پاک کی تلاوت سن رہا تھا۔

۱۳ـ میری طرف غصہ سے مت دیکھئے۔

۱۴ـ حاضرین نے خاموشی کے ساتھ وزیر اعظم کی تقریر سنی۔

۱۵ـ اے زینب! گھر میں اکیلی مت رہو۔

۱٦ـ ہمارے فوجی بہادری کے ساتھ وطن کا دفاع کرتے ہیں۔

۱۷ـ میں نے بچپن ہی میں قرآن حفظ کیا۔

۱۸ـ بچے نے ڈراؤنا خواب دیکھا اور گھبرا کر نیند سے بیدار ہوا۔

۱۹ـ کمرے کی کھڑکیاں بند کر کے مت سو[1]۔

۲۰ـ مردہ تو وہ ہے جو افسردہ اور دل شکستہ ہو کر زندگی گذارے۔

---

(۱) اس حال میں کہ کمرے کی کھڑکیاں بند ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۲۱۔ حاکم عادل ذہنی طور پر پُر سکون ہو کر سویا۔

۲۲۔ میں نے آپ کے گھر کے دروازے پر ایک فقیر کو دیکھا۔

۲۳۔ ہم سیر کے لئے نکلے جبکہ موسم خوشگوار تھا۔

۲۴۔ میں گھٹتے ہوئے دل کے ساتھ اپنے بھائیوں سے جدا ہوا۔

۲۵۔ زید بستہ اٹھائے ہوئے بس میں سوار ہوا۔

۲۶۔ چور چپکے سے گھر میں داخل ہوئے جبکہ پہرہ دار سو رہے تھے۔

۲۷۔ زخمی عورت زمین پر بے ہوش ہو کر گر پڑی۔

۲۸۔ مزدور پسینے سے شرابور ایک درخت کے سائے تلے لیٹ گیا۔

۲۹۔ غریب آدمی میری مدد کا محتاج میری طرف آیا۔

۳۰۔ استاد نے درسگاہ کو چھوڑا جبکہ وہ تمام مسائل واضح کر چکا تھا۔

۳۱۔ نشے کی حالت میں نماز کے قریب مت جاؤ۔

۳۲۔ بعض عورتوں نے بیٹھ کر نماز پڑھی اور بعض نے کھڑے ہو کر۔

۳۳۔ میں نے مزدوروں کو جمع ہوتے ہوئے دیکھا۔

۳۴۔ لوگ خوشیاں مناتے ہوئے وزیر اعظم کے استقبال کے لئے نکلے۔

۳۵۔ سلیم نے گڑگڑاتے ہوئے اپنے رب کو پکارا۔

۳۶۔ میں اپنے استاد کا اکرام واحترام کرتا ہوں حاضر ہوں یا غیر حاضر۔

۳۷۔ چھوٹا سا زید اپنی امی کا ہاتھ پکڑے ہوئے آیا۔

۳۸۔ مومن کانپتے ہوئے دلوں کے ساتھ عذاب کی آیتیں سنتے ہیں۔

۳۹۔ مسافر گرد آلود اور پراگندہ حال سفر سے واپس لوٹا۔

۴۰۔ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ میں مسلمانوں کو لہو ولعب میں غرق دیکھوں۔

۴۱۔ سانپ اپنا منہ کھولے ہوئے بچے کی طرف بڑھا۔

۴۲۔ میں نے جامعہ میں داخلہ لیا جبکہ میرا بھائی فارغ التحصیل ہو چکا تھا۔

۴۳۔ فوجی تلواریں بے نیام کرتے ہوئے آگے بڑھے۔

۴۴۔ میں نے درختوں کو خزاں میں دیکھا کہ ان کے پتے جھڑ رہے تھے۔

۴۵۔ پرنسپل نے خوشی خوشی امتحان کے نتیجے کا اعلان کیا۔

۴۶۔ میری والدہ نے مجھے ڈانٹتے ہوئے پوچھا: آج دیر سے کیوں آئے ہو؟

۴۷۔ میں نے مچھلیوں سے بھرا ہوا جال دریا سے نکالا۔

۴۸۔ طلباء نے مسکراتے ہوئے روشن چہروں کے ساتھ امتحان کا نتیجہ وصول کیا۔

۴۹۔ طلباء تیزی سے قدم اٹھاتے ہوئے اپنی درسگاہوں کا رخ کر رہے ہیں۔

۵۰۔ ہم تقریب میں پہنچے (اسوقت) جبکہ سب کھانے سے فارغ ہو چکے تھے۔

۵۱۔ قناعت پسند (انسان) زندگی بڑے اطمینان اور سکون کے ساتھ گذارتا ہے۔

۵۲۔ جب بجلی چلی گئی تو میں اپنے بستر سے اندھوں کی طرح ٹٹولتے ہوئے اٹھا۔

۵۳۔ جب عید آتی ہے تو لوگ اکیلے اور ٹولیوں میں سیر گاہوں کی طرف نکلتے ہیں۔

۵۴۔ دین سیکھنے کا مصمم ارادہ کرتے ہوئے میں نے ایک دینی مدرسہ میں داخلہ لیا۔

۵۵۔ ایک تیز آندھی چلی درختوں کو اکھیڑتے ہوئے اور گھروں کو تباہ کرتے ہوئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۵۶۔ مرد عید کے دن عید گاہ کی طرف اللہ اکبر اور لا الہ الا اللہ کہتے ہوئے نکلتے ہیں۔

۵۷۔ بوڑھے نے اپنی آخری سانسوں میں کہا: میرے بیٹو! میرے بعد کافر نہ ہو جانا۔

۵۸۔ مہمان ہمارے گھر تین دن رہے اور ہم نے ان کے اکرام میں ذرا کوتاہی نہیں کی۔

۵۹۔ ہم پریشانی کیساتھ اس گاؤں کی خبر کا انتظار کرتے رہے جسے سیلاب بہا کر لے گیا۔

۶۰۔ لوگ اپنے گھروں میں بے کار بیٹھے رہے ان ہنگاموں کی وجہ سے جنہوں نے ملک کو ہلا کر رکھ دیا۔

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں حال کی تعیین کیجئے اور رابط بھی بتایئے:

١ ـ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ.

٢ ـ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَائِبَيْنِ.

٣ ـ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ.

٤ ـ كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ.

٥ ـ وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ.

٦ ـ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا آمِنِيْنَ.

٧ ـ يَصْلَهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا.

٨ ـ وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهُ سُجَّدًا.

٩ ـ وَيَنْقَلِبُ إِلٰى أَهْلِهِ مَسْرُوْرًا.

١٠ ـ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْأَصْفَادِ.

١١ ـ وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُوْنَ إِلَيْهِ.

١٢ ـ وَمَا يَأْتِيْهِمْ مِّنْ رَسُوْلٍ إِلَّا كَانُوْا بِهِ يَسْتَهْزِئُوْنَ.

١٣ ـ ثُمَّ ذَهَبَ إِلٰى أَهْلِهِ يَتَمَطّٰى.

١٤ ـ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَآنٌّ وَلّٰى مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ.

١٥ ـ جَعَلْنَاهُمْ حَصِيْدًا خَامِدِيْنَ.

١٦ ـ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا.

١٧ ـ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا.

١٨ ـ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ.

١٩ ـ فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا يَّتَرَقَّبُ.

٢٠ ـ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا.

٢١ ـ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ.

٢٢ ـ إِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْا إِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِمًا.

٢٣ ـ وَإِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ.

٢٤ ـ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْتُمْ سُكَارٰى.

٢٥ ـ وَجَاؤُوْا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَّبْكُوْنَ.

٢٦ ـ قَالُوْا لَإِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّا إِذًا لَّخَاسِرُوْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢٧ ـ وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا. ٢٨ ـ يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ.

٢٩ ـ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا. ٣٠ ـ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلٰئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ.

٣١ ـ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا. ٣٢ ـ يَتَفَيَّؤُ ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دَاخِرُوْنَ.

٣٣ ـ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا. ٣٤ ـ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقَابِلِيْنَ.

٣٥ ـ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ. ٣٦ ـ وَإِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْآنِ وَحْدَهُ وَلَّوْا عَلٰى أَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا.

٣٧ ـ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَاءَلُوْنَ. ٣٨ ـ يَسْمَعُ آيَاتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا.

٣٩ ـ فَرَجَعَ مُوْسٰى إِلٰى قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفًا. ٤٠ ـ إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْأَبْصَارُ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِي رُؤُوْسِهِمْ.

٤١ ـ وَكَأَيِّنْ مِّنْ آيَةٍ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ.

٤٢ ـ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَأَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيْرًا وَأْتُوْنِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِيْنَ.

٤٣ ـ أَفَمَنْ يَمْشِي مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهِ أَهْدٰى أَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ.

٤٤ ـ اَلَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلَامٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ.

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	عربي	اردو
حَجَزَ	اس نے روکا، منع کیا	انْهَمَرَ الْمَطَرُ	خوب بارش برسی
أَقْبَلَ إِلٰى ، عَلٰى	وہ بڑھا	اصْطَدَمَ	ٹکرایا
مَاءَ	(بلی نے) میاؤں کی	اعْتَلَى السَّيَّارَةَ	وہ گاڑی پر سوار ہوا
هَلَّلَ	اس نے لا اله الا الله کہا		

الأفعال

اردو	عربي	اردو	عربي
اس نے اندھوں کی طرح ٹٹولا	تَخَبَّطَ خَبْطَ عَشْوَاءَ	کسی چیز میں غرق ہونے والا	مُنْغَمِسٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بجلی چلی گئی	انْقطع الْكَهْرباءُ	وہ پسینے سے شرابور ہے	يَتَصَبَّبُ عَرَقًا
وہ تیزی سے چلا	هَرْوَلَ	اکھیڑ دیا	أَقْلَعَ
اس نے اللہ اکبر کہا	كَبَّرَ	تباہ کر دیا	دَمَّرَ
باز نے اپنے پنجے گاڑ دیئے	أَنْشَبَ الصَّقْرُ مَخالِبَهُ	وہ بیکار بیٹھا	تَعَطَّلَ عنِ العمَلِ
چھوڑا	غَادَرَ	اس نے ہلا کر رکھ دیا	رَجَّ
وہ خوشیاں مناتے ہیں	يَستَبْشِرونَ	وہ بیدار ہوا	هَبَّ
اس نے وصول کیا	اسْتَلَمَ	وہ آخری سانسوں میں ہے	يَلْفِظُ أنفاسَهُ الأخيرةَ
ان کے دل کانپتے ہیں	تَقْشعِرُّ قُلُوبُهُمْ		

الأسماء

اردو	عربي	اردو	عربي
مذاق کرنے والا	مُداعِبٌ ج،س	قومی ٹیم	فريقُ الوَطنِ
حاضر جوابی	سُرْعةُ الْخاطِرِ	دھنی ہوئی روئی	قُطْنٌ مَحلوجٌ
شادمان	مغتَبِطٌ ج،س	تلوار بے نیام کرتے ہوئے	مُسَلَّلًا
منہ کھولے ہوئے	فاتِحًا فاهُ	پوری چستی کے ساتھ	في نَشاطٍ وَحَيَوِيَّةٍ
ذہنی طور پر پُرسکون	مُرْتاحُ الْبالِ	ڈراؤنا خواب	حُلْمٌ مُخِيفٌ
پنجے	مِخْلَبٌ ج: مَخالِبُ	گھبرا کر	مَذْعورًا
باز	الصَّقْرُ	گرد آلود	مَغبَرَّة
جلد شدہ	مُجَلَّدٌ	پراگندہ حال	أشعَثَ
اکیلے	وحدانًا	افسردہ	كَئيبًا
ٹولیوں میں	زُرافاتٍ	دل شکستہ	كاسِفُ البالِ
گھٹے ہوئے دل کے ساتھ	مُنْقَبِضُ الصَّدْرِ	قناعت پسند	القانِعُ
چپکے سے	خُفْيَةً		

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثامن والعشرون

المفعول المطلق

(ا)

المفعول المطلق المؤكّد لعامله[1]

١ـ رَحَّبْنا بِالضُّيوفِ الْكِرامِ تَرْحِيبًا.

٢ـ قَالَ تَعَالَى: وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلاً.

٣ـ يَاأَيُّهَا الشُّبَّانُ! تَمَسَّكُوا بِالشَّرْعِ تَمَسُّكًا.

(ب)

المفعول المطلق المبيّن للنوع

٤ـ هَزَمْنا جُنْدَ الْعَدُوِّ هَزِيمَةً نُّكْرَاءَ.

٥ـ اللّٰهُمَّ حاسِبْنا حِسابًا يَّسِيْرًا.

٦ـ إذا كُنْتَ فِي صَلاتِكَ فصَلِّ صَلاةَ مُوَدِّعٍ.

(ج)

المفعول المطلق المبيّن للعدد

٧ـ تَدُورُ الأَرْضُ حَوْلَ الشَّمْسِ دَوْرَةً في السَّنَةِ.

٨ـ طُبِعَ الْكِتابُ طَبْعَتَيْنِ.

(د)

النائب عن المفعول المطلق

٩ـ اُذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا.

(ا) المفعول المطلق المؤكد لعامله: وہ منصوب مصدر ہے جو اپنے عامل (یعنی وہ فعل جو اسے منصوب کر رہا ہے) کے معنی میں تاکید پیدا کرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٠ ـ اسْتَعْدَدْنا للامْتِحانِ كُلَّ الإسْتِعْدادِ.

١١ ـ قَدْ أعَنْتُمُونَا بَعْضَ الإعانَةِ.

١٢ ـ أقَرَّ الْمُجْرِمُ بِذَنْبِهِ اعْتِرَافًا.

١٣ ـ رَجَعَ الْجَيشُ الْقَهْقَرٰى.

١٤ ـ ضَرَبْتُ الْحِصَانَ سَوطًا.

١٥ ـ سَها الْمُصَلِّي فَسَجَدَ ثَلاثَ سَجْداتٍ.

شرح وتفصیل:

مثالوں میں سرخ کلمات پر غور کرنے سے تین باتیں فوری طور پر سمجھ میں آتی ہیں:

۱۔ یہ سب کے سب منصوب ہیں۔

۲۔ یہ سب کے سب مصادر ہیں۔ (مجموعہ ''د'' کے جملوں کے علاوہ)

۳۔ یہ انہی افعال کے مصادر ہیں جو ان سے پہلے جملے میں وارد ہوئے ہیں۔

جملہ ۱ کو لیجئے: رَحَّبْنَا بالضُّيُوفِ الْكِرَامِ تَرْحِيبًا (ہم نے معزز مہمانوں کا خوب خیر مقدم کیا) اگر ہم اس جملے کو مصدر منصوب کے بغیر لائیں اور یوں کہیں: رَحَّبْنَا بالضيوف تو اسکے معنی ہونگے کہ ہم نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔ یہ معنی اگرچہ اپنی جگہ پر صحیح ہے، لیکن اس سے متکلم کی مراد پوری نہیں ہو رہی، کیونکہ وہ تو یہ بتانا چاہتا ہے کہ اس نے مہمانوں کا خوب خیر مقدم کیا گویا کہ وہ بات کو ذرا زور دار اسلوب میں بیان کرنا چاہتا ہے، اسکے لئے عربی میں نہایت آسان طریقہ یہ ہے کہ جس فعل کی تاکید مقصود ہو اسی کا مصدر کلام کے آخر میں لے آتے ہیں۔ اب جملہ ۳ کو لیجئے صرف تَمَسَّكُوا بالشرع کے معنی بنیں گے: شریعت کو مضبوطی سے تھام لو اسی معنی کو زور دار اسلوب میں ادا کرنا ہو تو آپ کہیں گے: تَمَسَّكُوا بالشرع تَمَسُّكًا (شریعت کو خوب مضبوطی سے تھام لو)۔

''ایسا مصدر جو اپنے مشتق فعل کے بعد کلام میں زور پیدا کرنے کے لئے یا اس فعل کی نوعیت یا عدد بیان کرنے کے لئے لایا جائے المفعول المطلق کہلاتا ہے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مندرجہ بالا تعریف سے معلوم ہوا کہ مفعول مطلق نہ صرف اپنے فعل میں تاکید پیدا کرنے کے لئے لایا جاتا ہے، بلکہ فعل کی نوعیت یا عدد بتانے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ مجموعہ (ب) میں جتنے مفعول مطلق استعمال ہوئے ہیں سب اپنے فعل کی نوعیت بیان کررہے ہیں: هزمنا العدو هزيمةً نكراء (ہم نے دشمن کو بہت بری شکست دی) میں مفعول مطلق هزيمةً کے ساتھ اسکی نعت لائی گئی ہے یہ بتانے کے لئے کہ شکست کی کیا نوعیت تھی۔

کبھی کبھی مفعول مطلق کے بعد ایک مضاف الیہ لانے سے بھی اسکی نوعیت بیان ہوجاتی ہے: إذا قمتَ في صلاتك فصلِّ صلاةَ مُوَدِّعٍ (جب تم نماز کے لئے کھڑے ہوتو دنیا سے رخصت ہونے والے کی سی نماز پڑھو)۔

مجموعہ (ج) میں ہر مفعول مطلق اپنے فعل کا عدد بیان کررہا ہے: تدور الأرضُ حولَ الشمسِ دورةً في السنة (زمین سورج کے گرد ہر سال میں ایک چکر کاٹتی ہے) طبع الكتاب طبعتَيْنِ (کتاب دو دفعہ چھپ چکی ہے)۔

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ مفعول مطلق کو اختصار کی خاطر حذف کردیا جاتا ہے اور اسکے بجائے اسکی نعت یا کلّ و بعض یا اسکی نوع یا اسکے آلہ کو اسکا قائم مقام بنادیا جاتا ہے:

مجموعہ (د) جملہ ۹ میں "اذكروا الله كثيرًا" مصدر کی صفت کو اسکا قائم مقام بنادیا گیا ہے یہ دراصل "اذكروا الله ذكرًا كثيرًا" تھا كثيرًا کو نحو کی اصطلاح میں نائب عن المفعول المطلق کہا جائے گا۔ استعددنا للامتحان كُلَّ الاستعداد (ہم نے امتحان کی مکمل تیاری کی)، قد أعَنْتُمُوْنَا بعضَ الإعَانة (تم نے ہماری کچھ مدد کی)، رجع الجيش القهقرى (فوج الٹے پاؤں لوٹی)، یہ اصل میں رجع الجيش رجوع القهقرى تھا۔ ضربت الحصان سوطًا میں سوطًا ضرب کا آلہ ہے یہ اصل میں ضربت الحصان ضربًا بالسوط تھا۔

فعل کے اپنے مصدر کے بجائے مترادف مصدر استعمال کرنا بھی جائز ہے: أقَرَّ المجرم بذنبه اعترافًا۔ اسی طرح عدد کو بھی مفعول مطلق کا نائب بنایا جاسکتا ہے یہ عدد عام طور پر مصدر کی طرف مضاف ہوتا ہے: سها المصلِّي فسجد ثلاثَ سجداتٍ (نمازی سے بھول ہوگئی اور اس نے تین سجدے کرلئے)۔

قاعدہ نمبر ۵۵:

المفعول المطلق وہ منصوب مصدر ہے جو جملہ کے آخر میں واقع ہوتا ہے اور اپنے فعل کے معنی میں زور پیدا کرتا ہے یا اس کی کیفیت یا تعداد بیان کرتا ہے اور اسی فعل سے منصوب ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل عبارت میں مفعول مطلق کی تعیین کیجئے اور اس کی قسم بتائے:

تَثُورُ الْبَراكينُ في بعضِ الْجِهَاتِ ثَورانًا شَديدًا، فَتَهْدِمُ المَنازلَ هَدْمًا وَتَدُكُّ الْمَبانِيَ دَكًّا، وتَقْذِفُ النِّيرانَ قَذْفًا مُسْتَمِرًّا، فَيَخافُ السُّكَّانُ خَوفًا عظيمًا، فَلا تَسمَعُ غيرَ نِساءٍ يَصِحْنَ صِياحًا، وَأطفالٍ يَصْرُخُونَ صَراخةً، وَلا تَرى إلَّا رجالًا نَكَبَهمُ الدَّهْرُ نَكْبَتَيْنِ: ماتَ أولادُهم وَضاعَتْ أموالُهم[1].

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ مناسب مفعول مطلق سے پر کیجئے:

١ ـ يَجْري زيدٌ .....

٢ ـ كَرَّمْنا الْأُستاذَ .....

٣ ـ سارَ الْقِطارُ .....

٤ ـ ضَرَبْتُ الْعَقْرَبَ .....

٥ ـ وَعَدَ الْخائِنُ .....

٦ ـ آمِنوا باللّٰهِ وَالْيومِ الآخِرِ .....

٧ ـ تُبْتُ إلَى اللّٰهِ .....

٨ ـ قَلِقْتُ على أختي الْمَريضةِ .....

٩ ـ اقْتَنَعْتُ بِرَأْيِها .....

١٠ ـ تَقَدَّمَتْ باكستانُ في ميدانِ الصَّناعةِ .....

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل مصادر کو جملوں میں بطور مفعول مطلق استعمال کیجئے:

قتالًا شديدًا | مِشْيَةَ اللَّيثِ | شُرْبَتَيْنِ | شُهْرَةً واسِعَةً | قَبولًا حَسَنًا

سُطوحَ الشَّمسِ | شُكْرًا جَزيلًا | إشفاقًا | شِفاءً عاجلًا | انْصرافًا سريعًا

رَغْبَةً شَديدةً | اسْتِغْفارًا | اطْمِئْنانًا | حِرصًا عظيمًا

(١) مأخوذ من النحو الواضح للمدارس الابتدائية الجزء الثاني.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ گھنٹہ دو مرتبہ بجا۔
۲۔ انھوں نے ہمارے ساتھ بہترین معاملہ کیا۔
۳۔ بیمار دوا غٹا غٹ پی گیا۔
۴۔ ہم آپکی مدد کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔
۵۔ میری ٹانگ بہت سوج گئی۔
۶۔ ان عورتوں نے مصائب پر بہت اچھا صبر کیا۔
۷۔ مریض کی حالت کچھ بہتر ہوگئی۔
۸۔ زید دشمنوں کی صفوں پر شیر کی طرح حملہ آور ہوا۔
۹۔ ہم ان پر مکمل اعتماد کرتے ہیں۔
۱۰۔ عنقریب اللہ تعالی کافروں کو سخت عذاب دینگے۔
۱۱۔ حاجیوں کا لوٹنا بہت مبارک ہوا[1]۔
۱۲۔ کاری گروں نے اپنا کام بہت عمدگی کے ساتھ کیا۔
۱۳۔ میں دن میں دو مرتبہ کھاتی ہوں۔
۱۴۔ آپکو چاہئے کہ خشوع کرنے والوں کا سا سجدہ کریں۔
۱۵۔ میں نے بہت اچھی زندگی گزاری۔
۱۶۔ آپکو چاہئے کہ قرآن خوب اچھی طرح حفظ کریں۔
۱۷۔ استاد نے مجھے تھوڑی سی سرزنش کی۔
۱۸۔ اے عائشہ! حلوے میں تھوڑی سی چینی زیادہ کردو[2]۔
۱۹۔ بچی بہت پیارے انداز میں مسکرائی۔
۲۰۔ مائیں اپنے بچوں کی تربیت کا بہت خیال رکھتی ہیں۔
۲۱۔ میں آپکو دیکھ کر بے انتہا خوش ہوئی۔
۲۲۔ آپ سب کو چاہئے کہ استاد کے لیکچر پر مکمل توجہ دیں۔
۲۳۔ ہم نے اپنی خالہ کا بہت شکریہ ادا کیا۔
۲۴۔ آپکو چاہئے کہ والدین کے ساتھ حسن سلوک روا رکھیں۔
۲۵۔ استاد نے سست طالب علم کو سخت ڈانٹا۔
۲۶۔ مجرم نے بہت ندامت کے ساتھ اپنے گناہ کا اعتراف کیا۔
۲۷۔ زید نے اپنے ہاتھوں کو ایک مرتبہ دھویا۔
۲۸۔ محنتی طالب علم نے امتحان میں حیرت انگیز کامیابی حاصل کی۔
۲۹۔ میں نے پنکھے کی رفتار تھوڑی سی کم کردی[3]۔
۳۰۔ افسوس ہے آپ پر کہ آپ لوگوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتی ہیں۔
۳۱۔ اے زینب! بزدلوں کی طرح مت ڈرو۔
۳۲۔ اس نے میرا ایسا خیر مقدم کیا جیسے بھائی بھائی کا خیر مقدم کرتا ہے[4]۔
۳۳۔ مزدور کام کے بعد سخت تھک جاتے ہیں۔
۳۴۔ ہمارے معاشرے میں جرائم بہت گھناؤنے طریقے سے پھیل رہے ہیں۔
۳۵۔ زید لوگوں کے ساتھ عجیب برتاؤ کرتا ہے۔
۳۶۔ ماں نے اپنے بیٹے سے کہا: اپنے جوتے اچھی طرح صاف کر کے اسکول جاؤ۔

(۱) قُدُوْمٌ مُبَارَكٌ (۲) تھوڑی سی: زيادةٌ طَفِيفَةٌ (۳) رفتار: سُرْعَةٌ. (۴) تَرْحِيبُ الأخ بِأخِيهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۷۔ پچھلے دس سالوں میں ہم نے تین حج کئے۔ ۳۸۔ معلّمہ نے مجھے زور سے جھنجھوڑتے ہوئے کہا: لا پرواہی تمہاری عادت بن گئی ہے۔

۳۹۔ میں نے پچھلے ہفتہ میں آپ کی تین دفعہ زیارت کی ہے، لیکن آپ ایک مرتبہ بھی میرے گھر نہیں آئے۔

۴۰۔ محنتی طالب علم نے کہا: میں نے مسائل یاد کر لئے ہیں، لیکن امتحان سے پہلے جلدی سے دہرانا چاہتا ہوں۔

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں مفعول مطلق کی تعین کیجئے اور اسکی نوع بیان کیجئے:

١ـ وَتَبَتَّلْ إليهِ تبْتيلاً.
٢ـ فيَميلونَ عَلَيكم مَيْلَةً واحدةً.
٣ـ وَكُلاًّ تَبَّرْنا تَتْبيرًا.
٤ـ فَمَهِّلِ الكافرينَ أمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا.
٥ـ فَدَمَّرْناهمْ تَدميرًا.
٦ـ فَسَوفَ يُحاسَبُ حسابًا يَّسيرًا.
٧ـ يُفَجِّرونها تَفْجيرًا.
٨ـ وَلِيُبْلِيَ المُؤْمِنينَ منهُ بَلاءً حَسَنًا.
٩ـ إنَّا أنْشأْناهُنَّ إنْشاءً.
١٠ـ كَلاَّ إذا دُكَّتِ الأرضُ دَكًّا دَكًّا.
١١ـ وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهيدًا.
١٢ـ وَلقدْ بَوَّأْنا بَني إسرائيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ.
١٣ـ وَلاَ يوثِقُ وَثاقَهُ أحَدٌ.
١٤ـ كَذٰلكَ لِنُثَبِّتَ بِهِ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْناهُ تَرتيلاً.
١٥ـ وَأمْطَرْنا عَلَيهِمْ مَطَرًا
١٦ـ وَيُريدُ الشَّيطانُ أن يُّضِلَّهمْ ضَلالاً بَعيدًا.
١٧ـ وَكَذَّبوا بآياتِنا كِذَّابًا.
١٨ـ يا أيُّها الَّذينَ آمَنوا اذْكروا اللّٰهَ ذِكرًا كثيرًا.
١٩ـ وَأسْرَرْتُ لَهم إسْرَارًا.
٢٠ـ قالَ إنِّي أحْبَبْتُ حُبَّ الخَيرِ عن ذِكرِ رَبِّي.
٢١ـ لأُعَذِّبَنَّهُ عَذابًا شَديدًا.
٢٢ـ أنَّا صَبَبْنا الماءَ صَبًّا ثُمَّ شَقَقْنا الأرضَ شَقًّا.
٢٣ـ فَشاربونَ شُرْبَ الْهيمِ.
٢٤ـ يَومَ تَمورُ السَّماءُ مَورًا وَتَسيرُ الْجِبالُ سَيْرًا.
٢٥ـ فَقُلْ يَنْسِفُها رَبِّي نَسْفًا.
٢٦ـ إذا رُجَّتِ الأرضُ رَجًّا وَّبُسَّتِ الجِبالُ بَسًّا.
٢٧ـ وَهيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحابِ.
٢٨ـ لَقَدِ استَكْبَروا في أنفسِهِم وَعَتَوا عُتُوًّا كبيرًا.
٢٩ـ إنَّا فَتَحْنا لَكَ فَتْحًا مُّبينًا.
٣٠ـ فَلمَّا تَغَشَّاها حَمَلتْ حمْلاً خَفيفًا فَمَرَّتْ بِهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣١ـ أَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا.
٣٢ـ وَدانِيةً عليهم ظِلالُها وَذُلِّلَتْ قُطوفُها تَذليلاً.
٣٣ـ فاجْلِدوهُمْ ثمانينَ جَلْدَةً.
٣٤ـ يآ أَيُّها الَّذينَ آمَنُوا توبوا إِلَى اللّٰهِ تَوبَةً نَّصوحًا.
٣٥ـ إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ.
٣٦ـ أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرسَلْنا الشَّياطينَ عَلَى الكافِرينَ تَؤُزُّهُم أَزًّا.
٣٧ـ إِذا زُلزِلَتِ الأَرْضُ زِلْزالَها.
٣٨ـ وَتَأْكُلونَ التُّراثَ أَكلاً لَّمًّا وَّتُحِبُّونَ المالَ حُبًّا جَمًّا.
٣٩ـ ثُمَّ قَبَضْناهُ إِلينا قَبْضًا يَسيرًا.
٤٠ـ وَأَمَّا الَّذين اسْتَنْكَفوا وَاسْتَكْبَروا فَيُعَذِّبُهم عذابًا أَليمًا.
٤١ـ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَراحًا جَميلاً.
٤٢ـ وَمن يَّتَّخِذِ الشَّيطانَ وَلِيًّا من دونِ اللّٰهِ فَقد خَسِرَ خُسرانًا مُّبينًا.
٤٣ـ وَكُلَّ شَيءٍ فَصَّلْناه تَفصيلاً.
٤٤ـ فِئَةٌ تُقاتِلُ في سبيلِ اللّٰهِ وَأُخْرى كافِرَةٌ يَّرونَهم مِّثْلَيْهِم رَأْيَ العينِ.
٤٥ـ فَأَخَذْناهُم أَخْذَ عَزيزٍ مُّقْتَدِرٍ.

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	عربي	اردو
ثارَ ـُ	بھڑک اٹھا، جوش میں آ گیا	نَكَبَهُ الدَّهرُ	زمانہ نے اسکو مصیبت میں ڈالا
دَكَّ ـُ	اس نے ریزہ ریزہ کردیا		

اردو	عربي	اردو	عربي
سرزنش کی	آخَذَ ، يُؤَاخِذُ	سوج گیا	وَرِمَ ـِ
غٹاغٹ پی گیا	عَبَّ ـُ عَبًّا		

الأسماء

اردو	عربي	اردو	عربي
عادت	دَأْبٌ ، دَيْدَنٌ	گھناؤنا	فَظيعٌ
پیارے انداز میں مسکرانا	اِبْتِسامَةٌ حُلْوَةٌ		

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس التاسع والعشرون

المفعول لأجله

الأمثلة:

١ ـ اَلتَحقْتُ بالمَدرسَةِ رَغْبَةً في تَعلُّمِ الدِّينِ.

٢ ـ نُنفِقُ أموالَنَا ابْتِغَاءَ مَرضاةِ اللّٰهِ.

٣ ـ وَيْحَكُم! أتُمارِسونَ الطِّبَّ طَمْعًا في المَالِ؟

٤ ـ ضَربتُ ابني تَأدِيبًا لَه.

٥ ـ عُنِيَتِ الحُكُوْمَةُ بِالتدْريبِ العَسكَرِيِّ تَقْوِيَةً لِلبِلادِ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں میں سرخ منصوب کلمات پر غور کیجئے، یہ بات تو واضح ہے کہ یہ سب کے سب مصادر ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہر مصدر کا اپنے سے پہلے آنے والے فعل سے کیا تعلق ہے؟ پہلا جملہ لیجئے: "اَلتَحقْتُ بالمدرسة رغبةً في تعلم الدين" اگر صرف اَلتَحقْتُ بِالْمَدْرَسَةِ پر اکتفا کرلیا جائے تو یہ جملہ بذات خود مکمل اور بامعنی ہے، لیکن متکلم کا مقصد پورا نہیں ہو رہا، کیونکہ وہ دراصل "الالتحاق بالمدرسة" کا سبب یا علت بیان کرنا چاہتا ہے۔ وہ فعل کے اس سبب یا علت کو جب مصدر منصوب کی شکل میں کلام کے آخر میں لاتا ہے تو بات واضح ہو جاتی ہے۔

''ایسا منصوب مصدر جو فعل کا سبب یا علت بیان کرنے کے لئے لایا جائے قواعد کی اصطلاح میں المفعول لأجله کہلاتا ہے''۔

المفعول لأجله کو منصوب کرنے کے لئے پانچ شرائط درکار ہیں:

ا۔ اسکا مصدر ہونا ضروری ہے: "أحضرْتُ الكتبَ لِزيدٍ" میں اگرچہ فعل کے بعد اسکا سبب وقوع بیان کیا گیا ہے (زید) لیکن یہ مصدر نہیں ہے اس لئے اسے منصوب کرنا جائز نہیں، بلکہ یہ لام التَّعْلِيْل سے مجرور ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۲۔ دوسری شرط یہ ہے کہ اس سے فعل کے وقوع کا سبب بیان کرنا مقصود ہو: "ذهبنا مَشْيًا" میں مشیًا مصدر ہے، لیکن مفعول لأجله نہیں ہے، کیونکہ یہ اس جملہ میں ذهاب کے واقع ہونے کا سبب نہیں بتا رہا بلکہ کیفیت بتا رہا ہے۔

۳۔ مصدر بھی ایسا ہونا چاہئے جو نفس کے باطنی افعال پر دلالت کرے، جیسے شوق، رغبت، خوف، حرص، تعظیم وغیرہ پس "جِئْتُ لِلْقِرَاءَة" میں القراءَة کو منصوب کرنا جائز نہیں، کیونکہ قراءَة ایک ظاہری فعل ہے۔ ایسا مصدر جب فعل کے سبب کے طور پر لایا جاتا ہے تو اسے منصوب نہیں، بلکہ لام التعلیل کے ساتھ مجرور کیا جاتا ہے۔

۴۔ مصدر اور فعل کا، فاعل اور زمانہ ایک ہونا چاہئے: اگر یوں کہا جائے کہ "أُحِبُّ زيدًا لِتعظيمه الأستاذ" تو یہاں تعظیم کو منصوب کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ تعظیم اور حبّ کے فاعل مختلف ہیں، محبت کرنے والا متکلم ہے اور تعظیم کرنے والا زید، بخلاف جئت رغبة فی العلم، کیونکہ اس میں آنے والا اور رغبت کرنے والا (مصدر کا فاعل) ایک ہی شخص ہے۔ اسی طرح مصدر اور فاعل کا زمانہ ایک ہونا چاہئے پس اگر کہا جائے "سافرتُ للعلم" تو علم کو منصوب کرنا جائز نہیں، کیونکہ سفر کا زمانہ ماضی ہے جبکہ علم مستقبل میں حاصل ہوگا۔

قاعدہ نمبر ۵۶:

۱۔ المفعول لأجله وہ منصوب مصدر ہے جو اپنے سے پہلے آنے والے فعل کی علت یا سبب بیان کرتا ہے۔ اور اسے منصوب کرنے والا عامل یہی فعل ہوتا ہے۔

۲۔ المفعول لأجله میں مندرجہ ذیل شرائط کا پایا جانا ضروری ہے:

(۱) یہ مصدر ہوتا ہے۔

(۲) اپنے سے پہلے آنے والے فعل کی علت یا سبب بیان کرتا ہے۔

(۳) یہ دل کے جذبات یا کیفیات کی عکاسی کرتا ہے، مثلاً خوف، امید، خواہش وغیرہ۔

(۴) فعل اور مفعول لأجله کا فاعل ایک ہوتا ہے۔

(۵) فعل اور مفعول لأجله کا زمانہ بھی ایک ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل مصادر میں سے مناسب مصدر کو بطور مفعول لأجلہ خالی جگہ میں لائیے:

بُغْيَة الإطِّلاع خوفٌ شوقٌ حرصٌ تأديبٌ حزنٌ دِفاعٌ بَحْثٌ طَلَبٌ

قَصْدُالإصْلاحِ إبْقاءٌ رهبةٌ حِلمٌ إجْلالٌ تقديرٌ رغبةٌ غَضَبٌ

١ ـ إنَّماوبَّخْتُكَ.....

٢ ـ أقُومُ بالتَّمريناتِ الرِّياضيةِ .....على صِحَّتِي.

٣ ـ قامَ الوزراءُ.....لِلرَّئِيْسِ.

٤ ـ كافَأْتُ الحكومةُ الطبيبَ.....لخدماتِهِ.

٥ ـ إحْمَرَّ وَجْهُ الرَّجُلِ.....

٦ ـ أسْرَعْنَا إلى الفصلِ.....مِن فواتِ الدَّرْسِ.

٧ ـ إنَّمَا جِئْتُ.....إلى لِقَائِكَ.

٨ ـ قَاتلَ الجُنْدُ في شُجَاعَةٍ.....عن أَرض الوطنِ.

٩ ـ يصرخُ الأطفالُ.....من الظَّلامِ.

١٠ ـ جاءَ بعضُ الْقَرَوِيِّينَ إلى المدينةِ.....عن العملِ.

١١ ـ سافرتُ إلى مكةَ المُكرمةِ.....للعلمِ.

١٢ ـ إنَّما ندرس..... فِي العلمِ، لا..... من الامتحانِ.

١٣ ـ بَكَى الشعبُ.....على موتِ الرئيسِ.

١٤ ـ إنَّكَ تستحِقُّ العِقَابَ لكنِّي صَفحتُ عَنْكَ .....

١٥ ـ عليكَ أَنْ تَعْفوَعَنِ الصَّدِيْقِ.....على مودَّتِهِ.

١٦ ـ أَقرأُ الصُّحُفَ.....على أَحوالِ المسلمينَ في العَالمِ.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل مصادر کو جملوں میں بطور مفعول لأجلہ استعمال کیجئے:

حبًّا لِـ تَشْجِيْعًا لِفُلَانٍ عَلى شَيءٍ شُكْرًا اسْتِهْزَاءً تَعْظِيْمًا شَفَقَةً

خَشْيَةً بَهْجَةً وَسُرورًا تَأْدِيْبًا خَجَلًا اهْتِمَامًا ب

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١ ـ زخمی درد کے مارے کراہ رہا ہے۔

٢ ـ علم اور علماء کی شان میں بہت سی احادیث وارد ہوئی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ میں نے یہ مقالہ استاد کے کہنے پر لکھا۔

۴۔ کیا تم اللہ تعالی پر بہتان باندھنے کیلئے سود کو حلال کرتے ہو؟

۵۔ اے عورتو! فقر کے ڈر سے بخل مت کرو۔

۶۔ بے شک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اعلاء حق کی خاطر اپنی جانیں دیں۔

۷۔ بچی کے دونوں گال مارے شرم کے سرخ ہو گئے۔

۸۔ میں ابھی تک ٹھنڈ کے ڈر سے اونی کپڑے پہن رہا ہوں۔

۹۔ طلبہ امتحان کے نتیجے کی خوشی میں ہنس رہے ہیں۔

۱۰۔ میں نے گھنٹی نہیں بجائی اس ڈر سے کہ مریض جاگ نہ جائے۔

۱۱۔ ہم اس خطرے کو دور کرنے کیلئے کیا کر سکتے ہیں؟

۱۲۔ ہم والدین کی خدمت کرتے ہیں اللہ تعالی کو راضی کرنے کیلئے۔

۱۳۔ ہم نے مہمانوں کے اکرام کیلئے ایک بکری ذبح کی۔

۱۴۔ میں ان مسائل کو امتحان کی تیاری کی غرض سے یاد کر رہا ہوں۔

۱۵۔ گھٹیا آدمی کو گالی دینے سے گریز کرو شرافت کی بنا پر۔

۱۶۔ میں طبیعت تازہ کرنے کیلئے دیہات میں کچھ وقت گزاروں گا۔

۱۷۔ طلبہ نے اپنے ساتھی کی حمایت میں اپنے ہاتھ بلند کئے۔

۱۸۔ لوگ نئے قانون پر احتجاج کرنے کیلئے مظاہرے کر رہے ہیں۔

۱۹۔ میں آپکو یہ خط لکھ رہا ہوں آپکے احسان کی قدردانی میں۔

۲۰۔ اسلام آباد میں عالمی امن کی جستجو میں ایک مؤتمر منعقد کی جا رہی ہے۔

۲۱۔ وہ بچوں کی تربیت کی فکر میں انہیں کسی کے گھر نہیں بھیجتی۔

۲۲۔ میں نے سلیم سے بات کی اسے دین سیکھنے پر ابھارنے کی غرض سے۔

۲۳۔ ہم مہمانوں کے استقبال کیلئے دروازے پر کھڑے ہوئے۔

۲۴۔ آپکو چاہئے کہ اپنے بلند مقصد کے حصول کیلئے انتہائی کوشش کریں۔

۲۵۔ یہودی بغض وعداوت کی بنا پر اسلام کو طعن وتشنیع کا نشانہ بناتے ہیں۔

۲۶۔ میں غریبوں اور مسکینوں کو صدقہ خیرات دیتا ہوں ثواب کی امید سے۔

۲۷۔ عورتیں مردوں کی صفوں کے پیچھے کھڑی ہو گئیں شکست کو روکنے کیلئے۔

۲۸۔ استاد نے ان مسائل کی دوبارہ شرح کی انکی اہمیت پر متنبہ کرنے کیلئے۔

۲۹۔ ہم نے امتحان میں اپنی کامیابی کی خوشی منانے کیلئے ایک تقریب منعقد کی۔

۳۰۔ لوگ آج کل مشرق وسطی جاتے ہیں اپنا معیار زندگی بہتر بنانے کی امید میں۔

۳۱۔ دونوں دوستوں نے ٹھنڈی آہ بھری بچپن کی یادوں پر اظہار حسرت کرتے ہوئے۔

۳۲۔ مستشرقین اسلام کے خلاف شکوک وشبہات ابھارنے کیلئے کوششیں کر رہے ہیں۔

۳۳۔ میں اپنا مال آپکے پاس امانت رکھ رہا ہوں آپکی دیانتداری پر بھروسہ کرتے ہوئے۔

۳۴۔ اہل جاہلیت میں سے بعض عار کے ڈر سے اپنی بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیا کرتے تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۵۔ انسان کو بعض اوقات دوسروں کے جذبات کا لحاظ رکھتے ہوئے خاموش رہنا پڑتا ہے۔

۳۶۔ بے شک جو لوگ دکھاوے کی خاطر اپنا مال خرچ کرتے ہیں انکا دیا ہوا حبط ہو جائے گا۔

۳۷۔ اللہ تعالیٰ نشانیاں بھیجتے ہیں مجرموں کو ڈرانے کیلئے اور مومنین کے دلوں کو تقویت دینے کیلئے۔

۳۸۔ اللہ تعالیٰ کافروں کو جہنم کی آگ میں ڈالیں گے ان سے انکے کفر اور نافرمانی کا بدلہ لینے کیلئے۔

۳۹۔ آپ کو چاہئے کہ اپنے مال کا کچھ حصہ الگ کر دیں فقراء کی ضرورت پوری کرنے کی غرض سے۔

۴۰۔ پاکستان کے وزیر اعظم نے ترکی کا ایک سرکاری دورہ کیا دونوں ملکوں کے درمیان دوستی اور اخوت کے رشتے کو مضبوط بنانے کی خواہش میں۔

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ سے مفعول لأجلہ نکالئے:

١ ـ ولَا تَقْتُلوا أَوْلادَكم خَشْيَةَ إِمْلاقٍ.

٢ ـ فَيَتَّبِعُونَ ما تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيْلِهِ.

٣ ـ فَأَتْبَعَهُم فِرْعَوْنُ وَجُنودُهُ بَغْيًا وَّعَدْوًا.

٤ ـ يَجْعَلونَ أَصابِعَهُم فِي آذانِهِم مِّنَ الصَّواعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ.

٥ ـ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذين بَدَّلوا نِعمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا.

٦ ـ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِم بَطَرًا وَ رِئَاءَ النَّاسِ.

٧ ـ أُحِلَّ لَكُم صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعامُهُ مَتاعًا لَّكُم.

٨ ـ تَوَلَّوا وَّأَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدوا ما يُنْفِقونَ.

٩ ـ وَجَحَدُوا بِها وَاسْتَيْقَنَتْها أَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّ عُلُوًّا.

١٠ ـ تَتَجافى جُنُوبُهُمْ عَنِ المَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا.

١١ ـ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ أَنْفُسِهِمْ.

١٢ ـ قُلْ لَّوْ أَنْتُمْ تَمْلِكُونَ خَزَائِنَ رَحْمَةِ رَبِّي إِذًا لَأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الإِنْفَاقِ.

١٣ ـ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ إِلَّا الَّذِيْنَ أُوْتُوهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ.

١٤ ـ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰى آثَارِهِمْ إِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوا بِهٰذَا الحَدِيْثِ أَسَفًا.

١٥ ـ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَاءً عَلَى اللّٰهِ.

١٦ ـ وَدَّ كَثِيْرٌ مِّن أَهْلِ الكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُمْ مِّنْ بَعْدِ إِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا حَسَدًا مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

معاني الكلمات

الأفعال

اردو	عربي	اردو	عربي
اس نے قائم کیا	أقامَ	اس نے ابھارا	حَثَّ على شَيْءٍ
منعقد ہوا/ ہوئی	عُقِدَ	ہم کیا کر سکتے ہیں	ماذا عسَى أن نَفْعلَ
وہ کراہا	أنَّ	انتہائی کوشش کی	بَذَلَ قُصارٰى جُهْدِهِ
اس نے ٹھنڈی آہ بھری	تَنَهَّدَ	سرکاری دورہ کیا	سافَرَ فِي جَولَةٍ رَسمِيَّةٍ
اسنے مظاہرے کئے	قام بالتَّظاهراتِ	اسے ٹھنڈ لگ گئی	أصَابَهُ الْبَرْدُ

الأسماء

اردو	عربي	اردو	عربي
امید میں	أمَلٌ في	طبیعت تازہ کرنا	تَرْويحٌ عنِ النَّفْسِ
منانا	احْتِفالٌ بِ	شکست روکنا	مَنْعٌ للْهَزِيمةِ
عالمی امن	السِّلْمُ الْعالميُّ	اللہ پر بہتان باندھنا	افْتِراءٌ على اللّٰهِ
دوسروں کے جذبات کا لحاظ رکھنا	مُراعاةُ مَشاعرِ الآخرينَ	کفر اور نافرمانی	الْجُحُودُ والْعِصْيانُ
دوستی و بھائی چارے کا رشتہ	روابطُ الصَّداقةِ وَالْأُخُوَّةِ	کسی کی شان میں	تَنْويهٌ بِشأنِ كذا
معیار زندگی بہتر بنانا	رَفعُ مُستوَى الْمعيشَةِ	شکوک وشبہات ابھارنا	إثارة الشُّكوكِ والشُّبهاتِ
شرافت	تَكَرُّمٌ	کسی کے کہنے پر	تَلْبِيَةً لِّطَلَبِ فلانٍ
آگاہ کرنا	تَنْبيهٌ (على)	یادیں	ذكرَياتٌ
احسان کی قدر دانی کرنا	اعترافٌ بالْجَميلِ		

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثلاثون

التمييز

تَمْيِيزُ الذَّات (تمييز الكيل والوزن والمساحة)

(ا)

تمييز الوزن

١ ـ اشْتَرَيْتُ كيلو جِرامًا لَحْمًا.	كيلو جِرَامٍ لحمٍ.	كيلو جرامًا مِن لَحْمٍ.
٢ ـ يَزِنُ خاتَمِي مِثْقالًا ذَهَبًا.	مِثْقالَ ذَهَبٍ.	مِثْقالًا مِن ذَهَبٍ.
٣ ـ إنَّما بَقِيَ فِي الْمَخْزَن مَنٌّ دَقِيقًا.	مَنُّ دَقِيقٍ.	مَنٌّ مِنْ دَقِيقٍ.

(ب)

تمييز الكيل[1]

٤ ـ شَرِبْتُ كوبًا شايًا فِي الإفْطارِ.	كُوبَ شَايٍ.	كُوبًا مِن شايٍ.
٥ ـ اسْتَقَيْنَا دَلْوًا مَاءً مِنَ الْبِئْرِ.	دَلوَ ماءٍ.	دَلوًا مِن مَّاءٍ.
٦ ـ صَدَقَةُ الْفِطْرِ نِصْفُ صاعٍ حِنْطَةً.	نِصْفُ صاعِ حِنْطَةٍ.	نِصْفُ صاعٍ مِنْ حِنْطَةٍ.

(ج)

تمييز المساحة[2]

٧ ـ بَاعَ التَّاجِرُ ذِراعَيْنِ حَرِيرًا.	ذِرَاعَي حَرِيرٍ	ذِراعَيْنِ مِنْ حَرِيرٍ
٨ ـ مِنَ النَّاسِ مَن يَّبِيعُ إيمانَهُ لِشِبْرِ أرْضًا.	لِشِبْرِ أرْضٍ	لِشِبْرٍ مِّنْ أرْضٍ
٩ ـ يَكْفِي لِثَوْبِ الطِّفْلِ مِتْرٌ قُماشًا	مِتْرُ قُماشٍ	مِتْرٌ مِّنْ قُماشٍ

(١) كَيْلٌ: ناپ، پیمائش (٢) مَسَاحَةٌ: رقبہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

مجموعہ (ا) کے ذیل میں پہلے جملے پر غور کیجئے، اگر یہی جملہ سرخ منصوب اسم کے بغیر لایا جائے اور یوں کہا جائے: اشتریت کیلو جرامًا تو ظاہر ہے کہ بات واضح نہیں ہوگی اور سامع کے ذہن میں یہ سوال اٹھے گا کہ آخر متکلم نے کلو کے حساب سے کیا خریدا؟ آٹا، دال، گوشت وغیرہ کچھ بھی ہوسکتا ہے، یہ ابہام دور کرنے کیلئے ہم کیلو جرامًا کے بعد ایک منصوب اسم لے آئے جس سے یہ پتہ چل رہا ہے کہ کیلو جرامًا کا اطلاق کس چیز پر ہو رہا ہے۔

''جس اسم کا ابہام دور کرنا مقصود ہو اسے نحو کی اصطلاح میں مُمَیَّز کہا جاتا ہے اور جس اسم کے ذریعے یہ ابہام دور کیا جائے اسے تمییز کہتے ہیں''۔

جملہ ا میں کیلو جراما ممیز ہے اور لحمًا تمییز ہے چونکہ ممیز وزن پر دلالت کر رہا ہے اس لیے اس کی تمییز "تمییز الوزن" کہلائے گی۔

اسی طرح مجموعہ (ب) کے تحت جو تمییز آئی ہے وہ "تمییز الکیل" کہلائے گی، کیونکہ جس ممیز کا ابہام دور کرنے کے لئے اسے لایا گیا ہے وہ کسی نہ کسی قسم کا پیمانہ ہے۔

مجموعہ (ج) کے ذیل میں جو تمییز ہے وہ "تمییز المساحة" کہلائے گی، کیونکہ اسکا ممیز رقبے پر دلالت کر رہا ہے[1]۔

تمییز الوزن والکیل والمساحة کو منصوب بھی لایا جاسکتا ہے اور مجرور بھی (اسے مِن سے بھی مجرور کیا جاسکتا ہے اور ممیز کا مضاف الیہ بنا کر بھی مجرور کیا جاسکتا ہے) یاد رکھئے کہ تمییز ہمیشہ نکرہ ہوتی ہے۔

التمرین ۔ ۱

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

ا۔ دو من کپاس بیچی گئی۔

۲۔ دیہاتی نے مجھے ایک پیالہ بکری کا دودھ پلایا۔

۳۔ مجھے ایک گلاس جوس پیش کیا گیا۔

۴۔ میں نے دوکاندار سے دو پیپے گھی کے خریدے۔

(ا) ذراع، متر وغیرہ جس سے کپڑے یا کسی اور چیز کا طول وعرض ناپا جاتا ہے سب رقبہ میں داخل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۵۔صحراء میں ہتھیلی برابر بھی سایہ نہیں۔

۶۔ میں نے خادم سے کہا: فقیر کو مٹھی بھر چاول دے دو۔

۷۔ہم نے دعوت کیلئے کئی کلو گوشت خریدا۔

۸۔کیا آپ کو غسل کے لئے دو بالٹی پانی کی ضرورت ہے؟

۹۔ میں نے گھوڑے کو ایک پیالہ جو کھلائے۔

۱۰۔اس بازار میں ایک میٹر ریشمی کپڑا سو روپے میں بکتا ہے۔

۱۱۔کسان نے کھیت کو ایک مشکیزہ پانی کا پلایا۔

۱۲۔ہم نے دو دن میں خوبانی کے مربے کی ایک بوتل ختم کر لی۔

۱۳۔کیا آپ قہوے میں دو چمچ چینی کے لیتے ہیں؟

۱۴۔کیا آپ نے باورچی خانہ کی میز پر دو تھیلے چینی کے رکھے تھے؟

۱۵۔ جو ذرہ برابر بھی بھلائی کرے گا قیامت کے دن اسکی جزاء پائے گا۔

۱۶۔گاؤں کی ایک عورت دریا سے ایک مٹکا پانی کا سر پر اٹھائے ہوئے لائی۔

۱۷۔اے خالد! میری پلیٹ میں مٹھی بھر چاول اور ایک ڈوئی سالن کی ڈال دو۔

۱۸۔ میں نے خادمہ سے کہا: مہمانوں کے لئے جلدی سے ایک دیگچہ قیمہ تیار کرو۔

۱۹۔گھر کی چھت پر کھڑے ہو جایئے آپ کو منتہائے نظر تک کھیت نظر آئیں گے۔

۲۰۔ میں نے زینب سے کہا: اپنے بیٹے کو سونے سے پہلے ایک گلاس نیم گرم دودھ کا پلا دیا کرو۔

تمییز العدد

العدد والمعدود من (۱) إلى (۱۰)

المذكر	المؤنّث
طالِبٌ واحِدٌ	طَالِبَةٌ وَاحِدَةٌ
طالبان اثْنَانِ	طَالِبَتَانِ اثْنَتَانِ
ثَلَاثَةُ طُلَّابٍ	ثَلاثُ طالباتٍ
أَرْبَعَةُ طُلَّابٍ	أَرْبَعُ طالباتٍ
خَمْسَةُ طُلَّابٍ	خَمْسُ طالباتٍ
سِتَّةُ طُلَّابٍ	سِتُّ طالباتٍ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

سَبْعَةُ طُلَّابٍ	سَبْعُ طالباتٍ
ثَمانِيَةُ طُلَّابٍ	ثَمَانِي طالباتٍ
تِسْعَةُ طُلَّابٍ	تِسْعُ طالباتٍ
عَشْرَةُ طُلَّابٍ	عَشَرُ طالباتٍ

شرح وتفصیل:

ایک سے دس تک معدود یعنی تمییز العدد کے احکام مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ تین سے دس تک معدود جمع ہوتا ہے اور عدد کا مضاف الیہ بن کر آتا ہے۔

۲۔ عدد تذکیر وتانیث میں معدود کے برعکس ہوتا ہے یعنی اگر معدود مذکر ہے تو عدد مؤنث ہوگا اور اگر معدود مؤنث ہے تو عدد مذکر ہوگا۔

۳۔ جب عدد معدود کا یہ مجموعہ کلام میں وارد ہوگا تو اعرابی تبدیلیاں عدد پر واقع ہوں گی جبکہ معدود مجرور بالإضافة رہے گا:

المرفوع: عَلَى الرَّفِّ ثَلَاثَةُ كُتُبٍ.

المنصوب: قَرَأْتُ ثَلاثَةَ كُتُبٍ.

المجرور: بَحَثْتُ عن ثَلاثَةِ كُتُبٍ.

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ فقیر کو دس کلو آٹا دے دو۔

۲۔ خادمہ نے دسترخوان پر چھ پلیٹیں اور آٹھ چمچے رکھے۔

۳۔ کیا یہ کالا قلم نو روپے کا ہے؟

۴۔ میرے کمرے میں دو دروازے اور چار کھڑکیاں ہیں۔

۵۔ اس ڈبے میں دس رنگین قلم ہیں۔

۶۔ میں نے اپنے شاگردوں کو پانچ دینی رسائل ہدیہ کئے۔

۷۔ میری نئی الماری میں سات درازیں ہیں۔

۸۔ ہم نے اپنے بھائی کے ولیمہ میں چار بکریاں ذبح کیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۹۔اس کتاب کے سات صفحے پھٹے ہوئے ہیں۔ ۱۰۔ باغبان نے ہمارے باغ میں آٹھ چھوٹے پودے لگائے۔

۱۱۔ہم نے شام کی فلائٹ پر چار سیٹیں بک کروائیں۔ ۱۲۔ ماہر درزن نے تین گھنٹے کے اندر اندر پانچ قمیصیں سی لیں۔

۱۳۔اس قمیص کے چھ بٹن ہیں جن میں سے تین ٹوٹے ہوئے ہیں۔

۱۴۔اس محنتی طالبعلم نے ایک مہینے کے اندر اندر آٹھ سپارے حفظ کر لئے ہیں۔

۱۵۔اگر آپ نے تین جوڑے جوتوں کے خریدے ہیں تو یقیناً اسراف کیا ہے۔

العدد والمعدود من (١١) إلى (٩٩)

العدد	المذكر	المؤنث
١١	أَحَدَ عَشَرَ طالِبًا	إِحْدى عَشْرَةَ طالِبَةً
١٢	اِثْنا عَشَرَ طالِبًا (مرفوع)	اِثْنَتا عَشْرَةَ طَالِبَةً
١٢	اِثْنَيْ عَشَرَ طالبًا	اثْنَتَيْ عشْرةَ طالبةً
١٣	ثَلاثَةَ عَشَرَ طالبًا	ثَلاثَ عشْرةَ طالبةً
١٤	أربَعةَ عشَرَ طالبًا	أَرْبعَ عشْرةَ طالبةً
١٥	خَمْسَةَ عشَرَ طالبًا	خَمْسَ عشْرةَ طالبةً
١٦	سِتَّةَ عشَرَ طالبًا	سِتَّ عشْرةَ طالبةً
١٧	سَبْعَةَ عَشَرَ طالبًا	سَبْعَ عشْرةَ طالبةً
١٨	ثَمانِيَةَ عشَرَ طالبًا	ثَمَانِي عشْرةَ طالبةً
١٩	تِسْعةَ عشَرَ طالبًا	تِسْعَ عشْرةَ طالبةً
٢٠	عِشْرُونَ طَالبًا	عِشْرُونَ طالبةً
٢١	أَحَدٌ وَّعِشْرُونَ طالبًا	إِحْدى وَعِشْرونَ طالبةً
٢٢	اِثْنَانِ وَعِشْرُونَ طالبًا	اِثْنَتَانِ وَعِشْرونَ طالبةً

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢٣	ثَلاثَةٌ وَّعِشْرُونَ طالبًا	ثَلاثٌ وَّعِشرونَ طالبةً
٢٤	أَرْبَعَةٌ وَّعِشْرونَ طالبًا	أَرْبَعٌ وَّعِشْرونَ طالبةً
٢٥	خَمْسَةٌ وَّعِشْرونَ طالبًا	خَمْسٌ وَّعِشْرونَ طالبةً
٢٦	سِتَّةٌ وَّعِشْرونَ طالبًا	سِتٌّ وعِشْرونَ طالبةً
٢٧	سَبْعَةٌ وَّعِشْرُونَ طالبًا	سَبْعٌ وعِشْرونَ طالبةً
٢٨	ثمانيةٌ وَّعِشْرونَ طالبًا	ثَمانٍ وعِشْرونَ طالبةً
٢٩	تسعةٌ وَّعِشْرونَ طالبًا	تِسْعٌ وعِشْرونَ طالبةً
٣٠	ثلاثون طالبًا	ثَلاثُون طَالِبَةً
٤٠	أَرْبَعُونَ طالبًا	أَرْبَعُونَ طالبةً
٥٠	خَمْسُونَ طالبًا	خَمْسُونَ طالبةً
٦٠	سِتُّونَ طالبًا	سِتُّون طالبةً
٧٠	سَبْعُونَ طالبًا	سَبعونَ طالبةً
٨٠	ثَمَانُونَ طالبًا	ثَمَانُونَ طالبةً
٩٠	تِسْعُونَ طالبًا	تِسْعُونَ طالبةً

شرح وتفصیل:

۱۔ گیارہ سے لیکر ننانوے تک تمییز العدد (یعنی معدود) مفرد اور منصوب ہوتی ہے۔

۲۔ گیارہ سے لے کر انیس تک کے اعداد دو اجزاء سے مرکب ہوتے ہیں دونوں جزء فتح پر مبنی ہوتے ہیں: (إنِّـي رأيـتُ أحَدَعشرَ كوكبًا) میں أحدَ عَشَرَ کے اعراب کو یوں تعبیر کیا جائیگا: مبني على فتحة الجزئين في محلّ نصب مفعول به، البتہ بارہ کا پہلا جزء معرب ہوا کرتا ہے اور مثنی کی طرح الف سے مرفوع، یاء سے مجرور ومنصوب ہوتا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۱۔ فِي السَّنَةِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا. (اِثْنَا: مُبْتَدَأٌ مُؤَخَّرٌ مَرْفُوعٌ وَعَلَامَةُ رَفْعِهِ الأَلِفُ، عَشَرَ: مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحَةِ بِمَنْزِلَةِ النُّوْنِ مِنَ الْمُثَنّٰى لَا مَحَلَّ لَهُ مِنَ الْإِعْرَابِ).

۲۔ ذاكَرْتُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ مَسْئَلَةً فِقْهِيَّةً. (اِثْنَتَيْ: مَفْعولٌ بِهِ مَنْصُوبٌ وَعَلَامَةُ نَصْبِهِ الْيَاءُ، عَشرَة: مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحَةِ بِمَنْزِلَةِ النُّوْنِ مِنَ الْمُثَنّٰى لَا مَحَلَّ لَهُ مِنَ الْإِعْرَابِ).

۳۔ سَلَّمْتُ عَلَى اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا. (اثنَي :مَجْرورٌ وَعَلَامَةُ جَرِّهِ الْياءُ، عَشرَ : مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحَةِ بِمَنْزِلَةِ النُّوْنِ مِنَ الْمُثَنّٰى لَا مَحَلَّ لَهُ مِنَ الْإِعْرَابِ).

۳۔ گیارہ اور بارہ کے عدد کے دونوں اجزاء تذکیر وتانیث میں معدود کے عین مطابق ہوتے ہیں جیسا کہ جدول سے واضح ہے۔

۴۔ تیرہ سے لیکر انیس تک جتنے عدد ہیں انکا پہلا جزء تذکیر وتانیث میں معدود کے برعکس ہوتا ہے اور دوسرا جزء یعنی عشر والا جزء تذکیر وتانیث میں معدود کے مطابق ہوتا ہے۔

۵۔ بیس سے لیکر ننانوے تک کے اعداد بھی دو جزء سے مرکب ہوتے ہیں (دوسرا جزء پہلے جزء پر واو کے ساتھ معطوف ہوتا ہے)۔

۶۔ بیس سے لیکر ننانوے تک ایک اور دو والے اعداد یعنی ۲۱، ۲۲، ۳۱، ۳۲، ۴۱، ۴۲، ۵۱، ۵۲، ۶۱، ۶۲، ۷۱، ۷۲، ۸۱، ۸۲، ۹۱، ۹۲ سب میں پہلا جزء تذکیر وتانیث میں معدود کے عین مطابق ہوتا ہے:

۱۔ جاءَ أحَدٌ وَّعِشْرونَ رَجُلًا. جاءَتْ إِحْدى وَعِشْرُونَ امْرأةً.

۲۔ قرأْتُ اثْنَيْنِ وَأرْبَعينَ كِتابًا. قَرأْتُ اثْنَتَيْنِ وَأرْبَعينَ صَحِيْفَةً.

۷۔ تین سے لیکر نو والے عدد یعنی ۲۳ سے ۲۹، ۳۳ سے ۳۹، ۴۳ سے ۴۹ وغیرہ کے تمام اعداد میں پہلا جزء تذکیر وتانیث میں معدود کے برعکس ہوتا ہے:

۱۔ اشْتَرَيْتُ الْكِتابَ بِتِسْعٍ وَّخَمْسِينَ رُوبِيَّةً.

۲۔ دَفَعْتُ تِسْعَةً وَّخَمْسِينَ دِرْهَمًا إِلَى صاحِبِ الدُّكَّانِ.

۸۔ عِشْرُونَ، ثَلَاثُونَ، أرْبَعونَ، خَمْسونَ، سِتُّونَ، سَبْعُونَ، ثَمانُونَ اور تِسْعونَ کے اعراب جمع مذکر سالم کی مانند

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ہوتے ہیں یعنی واو سے مرفوع اور یاء سے منصوب ومجرور ہوتے ہیں۔

التمرین ۔ ۳

مندرجہ ذیل جملوں میں دیئے ہوئے اعداد (اعراب کو ملحوظ رکھتے ہوئے) الفاظ میں لکھئے:

١ ـ فِي الْيَوْمِ ٢٤ سَاعَةً.
٢ ـ أَنْهَيْتُ ٢٤ فَصْلاً مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ.
٣ ـ مَرِضَ أَخِي ١١ يَوْمًا.
٤ ـ تَقْطَعُ سَيَّارَتِي فِي السَّاعَةِ ٥٢ مِيْلاً.
٥ ـ قَضَيْنَا بِالطَّائِفِ ١٩ سَنَةً.
٦ ـ صَنَعَ الْفَخَّارُ ٥١ جَرَّةً رَائِعَةَ الْجَمَالِ.
٧ ـ ذَبَحَ الْجَزَّارُ الْيَوْمَ ٢١ شَاةً.
٨ ـ حَفِظْتُ مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيمِ ١٢ سورَةً.
٩ ـ هُنَاكَ ٩٨ بَيْتًا فِي هٰذِهِ الْقَرْيَةِ.
١٠ ـ كَسَرَ الطِّفْلُ الشَّرِيرُ ١٨ صَحْنًا أَبْيَضَ.
١١ ـ فِي شَهْرِ أُغُسْطُسَ ٣١ يَوْمًا.
١٢ ـ طُبِعَ هٰذَا الْكِتَابُ فِي ٤٥ مُجَلَّدًا أَنِيقًا.
١٣ ـ غَرَسَ الْبُسْتَانِيُّ ١٤ شُجَيْرَةً.
١٤ ـ اِلْتَحَقَ بِالْمَدْرَسَةِ هٰذِهِ السَّنَةَ ٣٨ طالبًا.
١٥ ـ تَمَّ بِنَاءُ الْقَصْرِ فِي ١٥ عَامًا.
١٦ ـ أَحْضَرَ الْخَيَّاطُ مِنَ السُّوقِ ٣٦ زُرًّا أَسْوَدَ.
١٧ ـ وَهَبَ لِي أُسْتَاذِي ١٩ كِتَابًا.
١٨ ـ وَجَدتُّ فِي دُرْجِ الْمَكْتَبِ ٢١ قَلَمًا مُلَوَّنًا.
١٩ ـ فِي قَاعَةِ الْمُؤْتَمَرِ ١٨ مِرْوَحَةً.
٢٠ ـ اِشْتَرَى الْمُدِيرُ لِلْمَدْرَسَةِ ٧٧ مَكْتَبًا خَشَبِيًّا.
٢١ ـ فِي هٰذَا الْحَيِّ ١٨ أُسْرَةً بَنْغَالِيَّةً.
٢٢ ـ يَحْتَوِي هٰذَا الْكِتَابُ الضَّخْمُ عَلَى ٦٤ مَقَالَةً.
٢٣ ـ اشْتَرَيْتُ هٰذَا الْكِتَابَ بِـ ٥٨ رُوبِيَّةً.
٢٤ ـ قَرَّرَ الاسْتَاذُ لِلامْتِحَانِ ٦٢ صَفْحَةً مِنْ كِتَابِ الْفِقْهِ.
٢٥ ـ حَضَرَ الإِجْتِمَاعَ ٤١ ضَيْفًا أَجْنَبِيًّا.
٢٦ ـ وَضَعَتِ الْخَادِمَةُ عَلَى الرَّفِّ ١٢ صَحْنًا وَ١٢ مِلْعَقَةً.
٢٧ ـ رَأَيْتُ فِي الْمَعْرَضِ ١٩ ثَوْبًا مُطَرَّزًا.
٢٨ ـ أُسْتُفْتِيَ الْمُفْتِي فِي ١٧ مَسْئَلَةً فَأَجَابَ عَنْ ١١ مَسْئَلَةً.
٢٩ ـ قَالَ الأُسْتَاذُ لِتلامِيذِهِ: اُكْتُبُوا مَقَالَةً حَوْلَ أَحْوالِ الْمُسْلِمِينَ فِي الْعَالَمِ لا تَزِيدُ عن ٩٠ سَطْرًا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ سیلاب ۱۹ گاؤں بہا لے گیا۔

۲۔ خادمہ نے دسترخوان پر ۴۲ پلیٹیں اور ۲ بڑے چمچے رکھے۔

۳۔ اس چڑیا گھر میں ۱۷ مور ہیں۔

۴۔ ہم نے ۱۲ طالبات کو کمپیوٹر پر کام کرنے کے لیے تیار کیا۔

۵۔ طوفان میں ۱۲ کشتیاں غرق ہوگئیں۔

۶۔ پولیس نے ایک مہینے کے اندر اندر ۸۲ مجرموں کو گرفتار کیا۔

۷۔ اس پبلک پارک میں ۲۶ فوارے ہیں۔

۸۔ اس کپڑے کے بازار میں پچھلے ہفتہ ۳۴ دکانیں جل گئیں تھیں۔

۹۔ میں نے آج ۶۹ عورتوں کو چائے پیش کی۔

۱۰۔ بادشاہ کے سپاہیوں نے ۱۱ گورخر، ۱۲ ہرن اور ۱۵ خرگوش شکار کیے۔

۱۱۔ اس ہوشیار بلی نے آج ۳۸ چوہے کھائے۔

۱۲۔ زینب نے بڑے گلدان میں ۵۱ سفید گلاب کے پھول لگائے ہیں۔

۱۳۔ اس کتاب میں ۷۲ طباعت کی غلطیاں ہیں۔

۱۴۔ اس شاندار محل میں ۲۷ کمرے ہیں اور ہر کمرے میں ۱۷ فانوس ہیں۔

۱۵۔ اس نئے پرائیوٹ ہسپتال میں ۵۸ نرسیں ہیں۔

۱۶۔ موچی نے جوتوں کی نمائش میں ۸۷ جوتے (جوتوں کے جوڑے) لگائے۔

۱۷۔ ہمارے کتب خانہ میں اس کتاب کے ۱۸ نسخے ہیں۔

۱۸۔ اس ذہین طالبعلم نے ایک ہفتہ کے اندر اندر ۹۸ فقہی مسئلے یاد کر لئے ہیں۔

۱۹۔ اس سال جامعہ کراچی میں ۹۷ طالبات نے داخلہ لیا۔

۲۰۔ حکومت نے دیہی علاقوں میں ۲۱ فیکٹریاں، ۴۲ اسکول اور ۱۲ ہسپتال قائم کئے۔

العدد والمعدود من (١٠٠) إلى (٣٠١١)

العدد	المذكر	المؤنث
١٠٠	مِئَةُ طَالِبٍ	مِئَةُ طَالِبَةٍ
١٠١	مِئَةُ طَالِبٍ وطَالِبٌ	مِئَةُ طالِبَةٍ وطالبَةٌ
١٠٢	مِئَةُ طَالِبٍ و طالبانِ	مِئَةُ طالبَةٍ وطالبتانِ
١٠٣	مِئَةٌ وثلاثةُ طلابٍ	مِئَةٌ و ثَلاثُ طالباتٍ
١١٠	مِئَةٌ وعشرَةُ طلابٍ	مِئَةٌ وعَشرُ طالباتٍ
١١١	مِئَةٌ وَأحدَ عشرَ طالبًا	مِئَةٌ وإحدى عشرةَ طالبَةً

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٩٩	مِئَةٌ وتسعةٌ وتسعون طالبًا	مِئَةٌ وَّتسعٌ وتسعون طالبةً
٢٠٠	مِئَتَا طالبٍ	مِئَتَا طَالِبَةٍ
٢٠٢	مِئَتَا طالبٍ وطالبانِ	مِئَتَا طالبَةٍ وطالبتَانِ
٢٠٣	مِئَتَانِ وَثَلَاثَةُ طُلَّابٍ	مِئَتَان وثَلاثُ طالباتٍ
٢١١	مِئَتَانِ وَأَحَدَ عَشَرَ طالبًا	مِئَتانِ وإحدى عَشْرَةَ طالبةً
٢٩٩	مِئَتَانِ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ طَالِباً	مِئَتَانِ وَتِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ طالِبَةً
٣٠٠	ثَلاثُمِئَةِ طالبٍ	ثَلاثُمِئَةِ طالبَةٍ
٣٠١	ثَلاثُمِئَةِ طالبٍ وطالبٌ	ثَلاثُمِئَةِ طالبةٍ وطالبةٌ
٣٠٣	ثَلاثُمِئَةٍ وثَلاثةُ طلابٍ	ثلاثُمِئَةٍ وثلاثُ طالباتٍ
٣١٠	ثلاثُمِئَةٍ وعَشرةُ طلابٍ	ثلاثُمِئَةٍ وعشرطالباتٍ
٣١١	ثلاثُمِئةٍ وأَحدَ عشر طالبًا	ثلاثُمِئَةٍ وإحدى عشرةَ طالبةً
٣٩٩	ثلاثُمِئَةٍ وتسعَةٌ وتسعون طالبًا	ثلاثُمِئَةٍ وتسعٌ وتسعون طالبةً
٤٠٠	أربعُمئَةِ طالبٍ	أربعُمِئَةِ طالبةٍ
٥٠٠	خمسُمئَةِ طالبٍ	خمسُمئَةِ طالبةٍ
٦٠٠	سِتُّمئَةِ طالبٍ	سِتُّمئَةِ طالبةٍ
٧٠٠	سبعُمئَةِ طالبٍ	سبعُمئَةِ طالبةٍ
٨٠٠	ثمانيمئَةِ طالبٍ	ثمانِيمئَةِ طالبةٍ
٩٠٠	تسعُمئَةِ طالبٍ	تِسْعُمِئَةِ طالبةٍ
١٠٠٠	ألفُ طالبٍ	ألفُ طالبةٍ
١٠٠١	ألفُ طالبٍ وطالبٌ	ألفُ طالبَةٍ وطالبةٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٠٠٣	ألفٌ وثلاثة طلابٍ	ألفٌ وثلاثُ طالباتٍ
١٠١٠	ألفٌ وعشرةُ طلابٍ	ألفٌ وعشرُ طالباتٍ
١٠١١	ألفٌ وأحدَ عشرَ طالبًا	ألفٌ وإحدى عشرةَ طالبةً
١٠٩٩	ألفٌ و تسعةٌ وتسعون طالبًا	ألفٌ وتسعٌ وتسعونَ طالبةً
٢٠٠٠	ألفا طالبٍ	ألفا طالبةٍ
٢٠٠١	ألفا طالبٍ وطالبٌ	ألفا طالبَةٍ وطالبةٌ
٢٠٠٣	ألفانِ وثلاثة طلابٍ	ألفان وثلاثُ طالباتٍ
٢٠١٠	ألفانِ وعشرةُ طلابٍ	ألفان وعشرُ طالباتٍ
٢٠١١	ألفانِ وأحدَ عشرَ طالبًا	ألفان وإحدى عشرةَ طالبةً
٢٠٩٩	ألفانِ و تسعةٌ وتسعون طالبًا	ألفان وتسعٌ وتسعونَ طالبةً
٣٠٠٠	ثلاثةُ آلاف طالبٍ	ثلاثةُ آلاف طالبةٍ
٣٠٠١	ثلاثةُ آلاف طالبٍ وطالبٌ	ثلاثةُ آلاف طالبةٍ وطالبةٌ
٣٠٠٣	ثلاثةُ آلاف وثلاثةُ طلابٍ	ثلاثةُ آلاف وثلاثُ طالباتٍ
٣٠١٠	ثلاثةُ آلاف وعشرةُ طلابٍ	ثلاثةُ آلاف وعشرُ طالباتٍ
٣٠١١	ثلاثةُ آلاف وأحدَ عشر طالبًا	ثلاثةُ آلاف وإحدى عشرةَ طالبةً

الأعداد الترتيبية

الأمثلة:

١ـ سَأُسَافِرُ فِي الْيَوْمِ الأَوَّلِ مِنْ جُمادَى الأُولى.

٢ـ قَرَأْتُ الدَّرْسَ الْخَامِسَ مِنْ "لِسانِ الْقُرْآنِ".

٣ـ أُشْكِلَتْ عَلَى الطُّلَّابِ الْمَسْئَلَةُ الْخَامِسَةُ مِنْ كِتَابِ الْفِقْهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ ـ هَلْ طالَعْتَ الْمُجَلَّدَ الثَّانِيَ عَشَرَ مِنَ "التَّفْسِيرِ الْمُنِيرِ" ؟

٥ ـ أَقْلَعَتِ الطَّائِرَةُ فِي السَّاعَةِ الثَّانِيَةَ عَشْرَةَ تَمامًا.

٦ ـ سَيَرْجِعُ الْحجَّاجُ فِي السَّابِعِ وَالْعِشْرِينَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ.

٧ ـ عَسٰى أن تَكونَ اللَّيْلَةُ السَّابِعَةُ وَالعِشْرونَ مِنْ رَمَضَانَ هِيَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں ایسے اعداد پر مشتمل ہیں جو ترتیب پر دلالت کررہے ہیں (پہلا ، دوسرا، تیسرا وغیرہ)۔ اعداد ترتیبیہ "فاعل" کے وزن پر بنتے ہیں (الأوّل اور الأولی کے علاوہ جو خلاف قیاس ہیں) عدد ترتیبی اپنے معدود کے بعد بحیثیت نعت آتا ہے اور تعریف وتنکیر، تذکیر وتانیث میں اس کے عین مطابق ہوتا ہے۔ اعراب میں بھی اسکا تابع ہوتا ہے:

اِشْتَرَيْتُ ثَوْبًا ثانِيًا. اِشْتَرَيْتُ الثَّوْبَ الثَّانِيَ. فَاتَتْنِي الْحِصَّةُ الثَّانِيَةُ.

دو سے لیکر دس تک اعداد ترتیبیہ مندرجہ ذیل ہیں:

ثانٍ: الثاني ثالثٌ: الثالِثُ رابعٌ: الرّابِعُ خامِسٌ: الخَامِسُ سادِسٌ: السادِسُ

سابعٌ: السَّابِعُ ثامِنٌ: الثَّامِنُ تاسِعٌ: التاسِعُ عاشِرٌ: العَاشِرُ

اگر مرکب اعداد کو ترتیب پر دلالت کرانا ہو تو عدد کے پہلے جزء کو فاعل کے وزن پر لاکر اس پر لام التعریف داخل کردیا جاتا ہے۔ دوسرے جزء میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی، دونوں جزء تذکیر وتانیث میں موصوف کے عین مطابق ہوتے ہیں جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

اعداد معطوفہ کو ترتیب پر دلالت کرانا ہو تو پہلے جزء کو فاعل کے وزن پر لاتے ہیں، اور دونوں جزء پر لام التعریف داخل ہوتا ہے پہلا جزء تذکیر وتانیث میں موصوف کے مطابق ہوتا ہے۔

التعبير عن الوقت

السَّاعَةُ الوَاحِدَةُ	ایک بجے
السَّاعَةُ الوَاحِدَةُ وَخَمْسُ دَقائِقَ	ایک بج کر پانچ منٹ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

السَّاعَةُ الواحدةُ وعَشَرُ دَقَائِقَ	ایک بج کر دس منٹ
السَّاعَةُ الواحِدَةُ والرُّبْعُ	ایک بج کر پندرہ منٹ، سوا بجے
السَّاعَةُ الواحِدَةُ وَالثُّلُثُ	ایک بج کر بیس منٹ
السَّاعَةُ الواحدةُ وَخَمْسٌ وَّعِشْرونَ دَقِيقَةً	ایک بج کر پچیس منٹ
السَّاعَةُ الواحدةُ والنِّصْفُ	ایک بج کر تیس منٹ، ڈیڑھ بجے
السَّاعَةُ الواحدةُ وَخَمْسٌ وَّثَلَاثُون دَقِيقَةً	ایک بج کر پینتیس منٹ
السَّاعَةُ الثَّانِيَةُ إلَّا الرُّبْعَ	ایک بج کر پینتالیس منٹ، پونے دو بجے
السَّاعَةُ الثَّانِيَةُ إلا الثُّلُثَ	ایک بج کر چالیس منٹ
السَّاعَةُ الثَّانِيَةُ إلا عَشر دقائق	دو بجنے میں دس منٹ
السَّاعَةُ الثَّانِيَةُ إلا خمسَ دقائق	دو بجنے میں پانچ منٹ
السَّاعَةُ الثَّانِيَةُ تمامًا	پورے دو بجے
السَّاعَةُ الثَّالِثَةُ	تین بجے
السَّاعَةُ الرَّابِعَةُ	چار بجے
السَّاعَةُ الْخَامِسَةُ	پانچ بجے
السَّاعَةُ السَّادِسَةُ	چھ بجے
السَّاعَةُ السَّابِعَةُ	سات بجے
السَّاعَةُ الثَّامِنَةُ	آٹھ بجے
السَّاعَةُ التَّاسِعَةُ	نو بجے
السَّاعَةُ الْعَاشِرَةُ	دس بجے
السَّاعَةُ الْحَادِيَةَ عَشْرَةَ	گیارہ بجے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

السَّاعَةُ الثَّانِيَةَ عشرةَ	بارہ بجے

التواريخ

عربی میں سن بتانا ہوتو سنةَ يافي سنةِ ياعامَ يافي عامِ کی طرف تاریخ کومضاف کردیا جاتا ہے:

مندرجہ بالا مثالوں پرغور کیجئے:

فِي ٢١ أَبْرِيلَ سَنَةَ ١٩٩٣م:	فِي الْحادِي وَالْعِشْرِينَ مِنْ إِبْرِيلَ سَنَةَ أَلْفٍ وَّتِسْعِ مِئَةٍ وَّثَلاثٍ وَّتِسْعِينَ الْمِيلَادِيَّةَ أَوْ لِلْمِيلادِ.
أو	فِي الْحَادِي وَالْعِشْرِينَ مِنْ إِبْرِيلَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعين وتسعِ مائةٍ وألفِ الْمِيْلَادِيَّةِ أَوْ لِلْمِيلَادِ.
١٨ من مايو عامَ ١٤١٣م:	الثَّامِن عَشَرَ مِنْ مَّايُو عَامَ أَلْفٍ وَأَرْبَعِ مِائَةٍ وَّثَلَاثَةَ عَشَرَ الْمِيلَادِيِّ أولِلْمِيلَادِ.
أو	الثَّامِن عَشَرَ مِنْ مَّايُو عامَ ثلاثةَ عشرَ وأربعِ مائةٍ وألفِ الميلادي أو للميلاد.
٩ من شعبان في سنة ١٣٢٧هـ:	التَّاسِعُ مِنْ شَعْبَانَ فِي سَنَةِ أَلْفٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَّسَبْعٍ وَّعِشْرِينَ الْهِجْرِيَّةَ أو للهجرة.
أو	التاسع من شعبان في سنةِ سبعٍ وعشرينَ وثلاثِ مائةٍ وَّألفِ الهجريَّة أو للهجرة.
١٢ من جُمادى الأولى في عام ١٢٩٨هـ:	الثاني عشر من جُمادى الأولى في عام ألفٍ ومائتَينِ وثمانيةٍ وتسعينَ الهجري أو للهجرة.
أو	الثاني عشر من جُمادى الأولى في عامِ ثمانيةٍ وتسعين ومائتَيْنِ وألفِ الهجري أو للهجرة.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عرب تاریخوں کا حساب راتوں سے لگاتے ہیں پس مہینے کی پہلی کو یوں کہتے ہیں: "لِلَيْلَةٍ خَلَتْ من شهر كذا" مہینے کی چودہ تک اسی طرح کہا جاتا ہے۔ اور پندرھویں تاریخ کو یوں کہا جاتا ہے: "لِلنِّصفِ من شهر كذا" سولہ کو یوں کہتے ہیں: "لأربَعَ عشرَةَ ليلةً بَقِيْنَ من شهرِ كذا" اور انتیسویں تاریخ کو: "لآخرِ ليلةٍ بَقِيَتْ" اور تیس تاریخ کو: "لآخر يومٍ بَقِيَ من شهر كذا"۔

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل اعداد ترتیبیہ، اوقات اور تواریخ کو الفاظ میں بیان کیجئے:

١ـ ذَبَحَ الجزَّارُ الشاةَ ١٧.

٢ـ سَيَخْطُبُ الرَّئِيسُ الشَّعْبَ في السَّاعَةِ ٣٠: ٥.

٣ـ سَتَبْدَأُ الْحِصَّةُ ٥ في ٥٠: ١٢.

٤ـ يَرْجِعُ أَبِي مِنَ الْعَمَلِ فِي السَّاعَةِ ٥٠: ٨ بِالضَّبْطِ.

٥ـ أنا الآنَ فِي الْعَقْدِ ٥ مِنْ عُمْرِي.

٦ـ أَوَى التِّلْمِيذُ الْمُجِدُّ إِلَى فِراشِهِ فِي السَّاعَةِ ٤٠: ١٢.

٧ـ أُسَافِرُ فِي اللَّيْلَةِ ١٧ مِنَ الشَّهْرِ الْقَادِمِ.

٨ـ أُسِّسَتْ باكِسْتانُ في ١٤ مِنْ أُغُسْطُسَ سَنَةَ ١٩٤٧.

٩ـ ضَاعَ الْجُزْءُ ١٥ مِنْ "لِسَانِ الْعَرَبِ".

١٠ـ سأتَّصِلُ بِكَ غَدًا بِالتِّليفون فِي السَّاعَةِ ٢٠: ٤ مَسَاءً.

١١ـ تَنَاوَلْتُ الْفُطورَ فِي السَّاعَةِ ١١ وَالنِّصْفِ.

١٢ـ يُؤَذَّنُ لِصَلاةِ الْمَغْرِبِ فِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ فِي السَّاعَةِ ٥٠: ٦.

١٣ـ إِنتَهَيْتُ مِن نَسْخِ السَّطْرِ ٤١ مِنَ الْفَصْلِ ١٩.

١٤ـ تُوُفِّيَ جَدِّي فِي ١٥ مِنْ جُمادَى الأُولى سَنَةَ ١٣٩٥ لِلْهِجْرَةِ.

١٥ـ إِحْتَفَلَ الشَّعْبُ الْبَاكِسْتَانِيُّ بِالذِّكْرى ٥١ لاسْتِقْلَالِ بَاكِسْتانَ.

١٦ـ سَنَنْتَقِلُ إِلَى بَيْتِنَا فِي ٢٩ مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْأَوَّلِ سَنَةَ ١٣٩١ لِلْهِجْرَةِ.

١٧ـ تَخَرَّجَ أَخِي الْكَبِيرُ مِنْ كُلِّيَةِ الْهَنْدَسَةِ فِي ٢٢ مِنْ يُولِيُو سَنَةَ ١٩٧١.

١٨ـ سَتَنْتَهِي السَّنَةُ الدِّرَاسِيَّةُ عِنْدَنا فِي ١٤ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ ١٤٠٢ لِلْهِجْرَةِ.

١٩ـ سَتَرْسُو سَفِينَةُ الْحُجَّاجِ عَلَى مِينَاء كَراتَشِي فِي ٢٩ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ سَنَةَ ١٤٣١ الْهِجْرِيَّةِ.

٢٠ـ سَتَبْدَأُ إِجازَةُ الشِّتَاءِ فِي ٢٣ مِنْ دِيسَمْبَرَ وَسَوْفَ تُفْتَحُ الْمَدَارِسُ فِي ١١ مِنْ يَنَايَرَ سَنَةَ ١٩٩٤ لِلْمِيلَادِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرین ۔ ٦

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ صدر کو ۲۷ مئی ۱۹۹۳ میں قتل کیا گیا۔

۲۔ ریل گاڑی ٹھیک بارہ بجے اسٹیشن سے روانہ ہوگئی۔

۳۔ میں قصے کی نویں فصل تک پہنچا ہوں۔

۴۔ تم پر افسوس ہو! کیا تم سب ساڑھے دس بجے اٹھتی ہو؟

۵۔ عشاء کی اذان پونے نو بجے ہوتی ہے۔

٦۔ دہشت گردوں نے آج محلّہ کا ستر ہواں گھر جلایا ہے۔

۷۔ یہ آٹھواں قلم ہے جو آپ توڑ چکے ہیں۔

۸۔ میں نے ۲۲ فروری سن ۱۹۸۷ء کو مدرسہ میں داخلہ لیا۔

۹۔ کیا آپ انیسواں پارہ حفظ کر چکے ہیں؟

۱۰۔ بوڑھے نے کہا: میں عمر کے اٹھاسیویں سال میں ہوں۔

۱۱۔ میں انشاء اللہ صفر کی ۱۷ کو سفر کروں گا۔

۱۲۔ آج ہم نے مہمانوں کے لئے اکتالیسویں مرغی ذبح کی۔

۱۳۔ ڈاکٹر نے مریض کا بارہواں ٹیسٹ کیا۔

۱۴۔ کیا دائرۃُ المعارف الإسلامیۃ کی چھٹی جلد چھپی ہوئی ہے؟

۱۵۔ کیا چوتھا گھنٹہ پونے بارہ بجے ختم ہوتا ہے؟

۱٦۔ زید اٹھارواں طالبعلم ہے جس کا میں نے آج جائزہ لیا ہے۔

۱۷۔ کیا آپ چائے کی دسویں پیالی پی رہے ہیں؟

۱۸۔ ہم عام طور پر دوپہر کا کھانا دو بج کر بیس منٹ پر کھاتے ہیں۔

۱۹۔ میرے نانا ۱۲ جون سن ۱۸۹۱ء میں پیدا ہوئے۔

۲۰۔ بچے ٹھیک پونے پانچ بجے کھیل کے میدان سے لوٹ آتے ہیں۔

تمییز النسبة

الأمثلة:

۱۔ حَسُنَ زَيدٌ خُلُقًا. زید اخلاق کے اعتبار سے اچھا ہوا۔

۲۔ زَادَكَ اللّٰهُ عِلْمًا. اللہ تعالی آپ کو علم میں بڑھائیں۔

۳۔ كَفَى بِالشَّيْبِ نَذِيرًا. بڑھاپا ایک ڈرانے والے کی حیثیت سے کافی ہے۔

٤۔ أَنَا أَكْبَرُ مِنْكَ سِنًّا. میں تم سے عمر میں بڑا ہوں۔

۵۔ كَانَ الصَّحابَةُ الْكِرامُ ﷺ أَعْمَقَ النَّاسِ عِلْمًا. صحابہ کرام ﷺ کا علم سب سے گہرا تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

جب جملے کے دو اجزاء کے مابین نسبت مبہم ہو تو اس ابہام کو دور کرنے کے لئے بھی تمییز لائی جاتی ہے جو "تمییز النسبة" کہلاتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر "حسُنَ زیدٌ" کہا جائے تو اس جملے میں فعل یعنی "حسُنَ" کی نسبت فاعل کے ساتھ مبہم ہے، کیونکہ زید کسی بھی اعتبار سے اچھا ہوسکتا ہے۔ اس ابہام کو دفع کرنے کی غرض سے کلام کے آخر میں ایک تمییز لائی گئی ہے، چنانچہ "حسن زیدٌ خُلُقًا" سے یہ بات واضح ہوگئی کہ زید اخلاق کے اعتبار سے اچھا ہے۔ اسی طرح اگر "أنا أكبرُ منكَ" (جملہ۴) پر اکتفاء کیا جائے تو بات مبہم رہ جائیگی، کیونکہ مبتدا اور خبر کے مابین جو نسبت ہے وہ واضح نہیں، کیا آپ نہیں دیکھتے کہ متکلم مخاطب سے کسی بھی اعتبار سے بڑا ہوسکتا ہے عمر، علم، منصب وغیرہ، بات کو واضح کرنے کے لئے تمییز کو لانا ضروری ہے۔

تمییز النسبة ہمیشہ منصوب ہوتی ہے۔ پچھلی فصل میں آپ نے دیکھا کہ ممیز ایک متعین چیز (کیل، مسافت، عدد) تھا، ایسا ممیز جو کسی مخصوص چیز پر دلالت کرتا ہو اور مذکور بھی ہو نحو کی اصطلاح میں "ممیز ملفوظ" کہلاتا ہے۔ اس کے برعکس تمییز النسبة کا ممیز نسبت ہونے کے اعتبار سے ملفوظ نہیں، بلکہ ملحوظ ہوتا ہے، کیونکہ نسبت کو لفظا نہیں ذکر کیا جاتا، بلکہ ملحوظ رکھا جاتا ہے۔

قاعدہ نمبر ۵۷:

تمییز اس منصوب اسم کو کہتے ہیں جو کلمہ میں واقع ہونے والے کسی اسم یا نسبت کے ابہام کو دور کرتا ہے۔ ابہام کا تعلق اگر تعداد، وزن، ناپ یا رقبہ وغیرہ سے ہو تو اس ابہام کو دور کرنے والی تمییز "تمییز الذات" کہلاتی ہے، اور اگر ابہام کسی نسبت میں ہو تو اس کی وضاحت کرنے والی تمییز "تمییز النسبة" کہلاتی ہے۔

تمییز الذات منصوب بھی واقع ہوتی ہے اور مجرور بھی۔ مجرور یا تو حرف جر "مِن" سے ہوتی ہے یا "مضاف الیہ" ہونے کی وجہ سے اور تمییز النسبة ہمیشہ منصوب واقع ہوتی ہے۔

۳۔۱۰ تک تمییز العدد جمع اور نکرہ ہوتی ہے اور عدد کی طرف مضاف ہونے کی بناء پر مجرور واقع ہوتی ہے۔

۱۱۔۹۹ تک تمییز العدد مفرد، نکرہ اور منصوب واقع ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۱۰۰ اور اس سے آگے کے اعداد کی تمییز مفرد اور نکرہ ہوتی ہے اور عدد کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے مجرور واقع ہوتی ہے۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل کلمات کو بطور تمییز خالی جگہوں میں لائیے:

صِحَّةً إيمانًا عُيُونًا حِرْصًا هَواءً عُنُقًا منْزِلَةً

مالًا عِلْمًا جِسْمًا سِعْرًا ذَكَاءً حُبًّا حديثًا

حَسيبًا شُجاعَةً شَأْنًا نَفْعًا سُرُورًا خُلُقًا

١ ـ مَلأَ اللّٰهُ قَلْبَكَ ـــــ. ٢ ـ اَلْفِيلُ أَعْظَمُ الْحَيْواناتِ ـــــ.

٣ ـ طابَ الْمَكانُ ـــــ. ٤ ـ اَلْألْماسُ أَغْلى مِنَ الذَّهَبِ ـــــ.

٥ ـ أَنْتُمْ أَسْمى مِنَّا ـــــ. ٦ ـ الزَّرافَةُ أَطْوَلُ الْحَيْواناتِ ـــــ.

٧ ـ تَحَسَّنَتْ جَدَّتي ـــــ. ٨ ـ جِئْتُ مِنْ عِنْدِ أَحْسَنِ النَّاسِ ـــــ.

٩ ـ كَفى بِاللّٰهِ تَعالى ـــــ. ١٠ ـ أنا أَكْثَرُ مِنْكَ ـــــ وَأَقَلُّ مِنْكَ ـــــ.

١١ ـ فَجَّرَ اللّٰهُ الأَرْضَ ـــــ. ١٢ ـ ازْدَدْنا ـــــ بَعْدَ سَماعِ مُحاضَرَةِ الْأُسْتاذِ.

١٣ ـ غَرَسْتُ حَديقَتي ـــــ. ١٤ ـ وَالَّذينَ آمَنوا أَشَدُّ النَّاسِ ـــــ لِلّٰهِ تَعالى.

١٥ ـ هِيَ أَوْفَرُ مِنْ أُخْتِها ـــــ. ١٦ ـ زَيْنَبُ أَشَدُّ ـــــ عَلى تَرْبِيَةِ أَوْلادِها مِنْكِ.

١٧ ـ الأَنْبِياءُ أَصْدَقُ النَّاسِ ـــــ. ١٨ ـ قالَ الْبَطَلُ: إِنَّما أُريدُ أَن أُبارِزَ مَنْ يُساوِينِي ـــــ.

١٩ ـ لَيْسَتْ باكِسْتانُ أَحَطَّ ـــــ مِنَ الْهِنْدِ فِي مَيْدانِ الصِّناعَةِ.

٢٠ ـ هٰذَا الْكِتابُ الْمُبَسَّطُ أَكْثَرُ ـــــ لِلطُّلَّابِ مِنَ الْكُتُبِ الْمُغْلَقَةِ الَّتِي هِيَ مُقَرَّرَةٌ فِي الْمَنْهَجِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرین ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے (سرخ کلمات بطور تمییز آئیں گے):

۱۔ ہمارا حال آپ سے بدتر ہے۔
۲۔ ہم صفائی کا اہتمام کرنے میں آپ سے کم نہیں ہیں۔
۳۔ اللہ تعالی بطور کارساز کافی ہیں۔
۴۔ ماں نے بیٹی کو ڈانٹتے ہوئے کہا: تم سب سے کم عقل لڑکی ہو[1]۔
۵۔ سورج حجم میں چاند سے بڑا ہے۔
۶۔ میں آپ سے زیادہ لوگوں کے جذبات کا لحاظ رکھنے والا ہوں۔
۷۔ زید خالد کی نسبت بات کا سچا ہے۔
۸۔ وہ قد وقامت کے اعتبار سے میری بہنوں میں سب سے زیادہ ہے۔
۹۔ وہ مجھ سے بہتر صبر کرنے والا ہے۔
۱۰۔ یہ کپڑا اس کپڑے سے زیادہ سفید ہے جو کل میں نے خریدا تھا[2]۔
۱۱۔ سیب ذائقے میں ناشپاتی سے بہتر ہے۔
۱۲۔ استاد کا لیکچر سننے کے بعد طلبہ کی رغبت علم میں اور زیادہ بڑھ گئی[3]۔
۱۳۔ شیر بہادری میں سب جانوروں سے زیادہ ہے۔
۱۴۔ کاریگروں میں سب سے زیادہ عمدگی سے کام کرنے والا کون ہے؟[4]
۱۵۔ وہ مجھ سے عمر میں کم ہے، لیکن علم میں زیادہ ہے۔
۱۶۔ تم لوگوں میں سب سے زیادہ شریعت کو مضبوطی سے تھامنے والے ہو۔
۱۷۔ بدعتی دین کیلئے کافر سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔
۱۸۔ مور بال و پر کے اعتبار سے پرندوں میں سب سے خوبصورت ہے۔
۱۹۔ دیہات کی فضا شہروں کی فضا سے صاف ہوتی ہے۔
۲۰۔ یہ انگوٹھی بناوٹ کے اعتبار سے اس انگوٹھی سے بہتر ہے جو آپ کے ہاتھ میں ہے۔

التمرین ۔ ۳

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں تمییز کی شناخت کیجئے اور اس کی قسم بتایئے:

۱۔ وَازْدَادُوا تِسْعًا.
۲۔ وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا.
۳۔ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا.
۴۔ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا.
۵۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا.
۶۔ زَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوهُ.

(۱) لڑکیوں میں سب سے کم ہو عقل کے اعتبار سے۔
(۲) یہ کپڑا زیادہ ہے سفیدی کے اعتبار سے اس کپڑے سے جو میں نے کل خریدا تھا۔
(۳) طلبہ بڑھ گئے علم میں رغبت کے اعتبار سے۔
(۴) کام کے اعتبار سے سب سے عمدہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٧ـ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسانًا.
٨ـ وقَدَّرَ فِيها أَقْواتَها فِي أَرْبَعَةِ أيامٍ.
٩ـ هُمْ أَحْسَنُ أثاثًا وَّرِئْيًا.
١٠ـ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا.
١١ـ هُوَخَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا.
١٢ـ وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا.
١٣ـ قُلْ نارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا.
١٤ـ يَا أَبَتِ إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا.
١٥ـ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وأَقْوَمُ قِيلًا.
١٦ـ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ.
١٧ـ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا.
١٨ـ لَأَنْتُم أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدورِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ.
١٩ـ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّأَحْسَنُ تَأْوِيلًا.
٢٠ـ سَخَّرَها عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ.
٢١ـ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ.
٢٢ـ إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا.
٢٣ـ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا.
٢٤ـ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوبَةً عِنْدَ اللّٰهِ.
٢٥ـ الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا.
٢٦ـ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ أَنْ تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ.
٢٧ـ وَخَلَقْنَا فَوْقَكُم سَبْعَ طَرَائِقَ.
٢٨ـ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّي مَن يَّشاءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا.
٢٩ـ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا.
٣٠ـ أُولٰئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّأَضَلُّ عَن سَوَاءِ السَّبِيلِ.
٣١ـ فَأَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ.
٣٢ـ وَاخْتارَ مُوسٰى قَوْمَهُ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِمِيقاتِنا.
٣٣ـ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا.
٣٤ـ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَشَرٌّ مَّكَانًا وَّأَضْعَفُ جُنْدًا.
٣٥ـ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِينَ دأَبًا.
٣٦ـ إِنَّكَ لَن تَخْرِقَ الأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا.
٣٧ـ وَاللّٰهُ أَشَدُّ بَأْسًا وَّأَشَدُّ تَنْكِيلًا.
٣٨ـ إِنَّ هٰذَا أَخِي لَهُ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ واحِدَةٌ.
٣٩ـ ولَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلٰى قَوْمِهِ فَلَبِثَ فِيهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَامًا.
٤٠ـ وَوَاعَدْنَا مُوسٰى ثَلَاثِينَ لَيْلَةً وَّأَتْمَمْنَاهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقَاتُ رَبِّهِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

معاني الكلمات

الأسماء

اردو	عربي	اردو	عربي
بالٹی	سَطْلٌ	فضا	هَوَاءٌ
بناوٹ	صِياغَةٌ	فوارہ	نافورةٌ
بہتر	أجودُ، أحْسَن	کارساز	وكيل
پرائیوٹ ہسپتال	مستشفًى أهلي	کپاس	قُطْنٌ
پیالہ	قَدَحٌ	کھیت	زرعٌ
پیالہ	قَصْعَةٌ	گورخر	بقرةٌ وحشيَّةٌ
پیپا	بَرْمِيْلٌ	گھی	سَمْنٌ
تھیلا	كِيْسٌ	مٹھی بھر	حَفْنَةٌ
چھوٹا درخت	شُجَيْرَةٌ	مربا	مُرَبَّي
خوبانی	مِشْمِشٌ	مشکیزہ	قِرْبَةٌ
ڈوئی	مِغْرَفَةٌ	منتہائے نظر	مَدّ البصر
ذرہ برابر	مِثقَالَ ذرَّةٍ	ناشپاتی	كُمَّثرَى
زیادہ	أكثر، أشدّ	نمائش	مَعْرَضٌ
شام کی فلائٹ	الرحلة المسائيّة	نیم گرم دودھ	لبن سَاخِن
طباعت کی غلطیاں	أخطاء مطبعية	ہتھیلی برابر	قدرُ راحةٍ
فانوس	ثُرَيَّا		

الحمد لله

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

من منشورات مكتبة البشرى

المطبوعة

ملونة مجلدة

الصحيح لمسلم	(٧ مجلدات)
الموطأ للإمام محمد	(مجلدين)
الهداية	(٨ مجلدات)
مشكاة المصابيح	(٤ مجلدات)
التبيان في علوم القرآن	
تفسير البيضاوي	
شرح العقائد	
تيسير مصطلح الحديث	
تفسير الجلالين	(٣ مجلدات)
المسند للإمام الأعظم	
مختصر المعاني	(مجلدين)
الحسامي.	
الهدية السعيدية	
نور الأنوار	(مجلدين)
القطبي	
كنز الدقائق	(٣ مجلدات)
أصول الشاشي	
نفحة العرب	
شرح التهذيب	
مختصر القدوري	
تعريب علم الصيغه	

نور الإيضاح
البلاغة الواضحة

ملونة كرتون مقوي

شرح عقود رسم المفتي	السراجي
متن العقيدة الطحاوية	الفوز الكبير
المرقاة	تلخيص المفتاح
زاد الطالبين	دروس البلاغة
عوامل النحو	الكافية
هداية النحو	تعليم المتعلم
إيساغوجي	مبادئ الأصول
شرح مائة عامل	مبادئ الفلفسة

هداية النحو (مع الخلاصة والتمارين)
متن الكافي مع مختصر الشافي

ستطبع قريبا بعون الله تعالى

ملونة مجلدة/ كرتون مقوي

الموطأ للإمام مالك	الجامع للترمذي
ديوان الحماسة	ديوان المتنبي
التوضيح والتلويح	المعلقات السبع
شرح الجامي	المقامات الحريرية

Books in English

Tafsir-e-Uthmani(Vol. 1, 2, 3)
Lisaan-ul-Quran(Vol. 1, 2, 3)
Key Lisaan-ul-Quran(Vol. 1, 2, 3)
Al-Hizb-ul-Azam (Large) (H. Binding)
Al-Hizb-ul-Azam (Small) (Card Cover)
Secret of Salah

Other Languages

Riyad Us Saliheen (Spanish)(H. Binding)
Fazail-e-Aamal (German)

To be published Shortly Insha Allah

Al-Hizb-ul-Azam(French) (Coloured)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مطبوعات مکتبۃ البشریٰ

طبع شدہ

رنگین مجلد

تفسیر عثمانی (۲ جلد)
خطبات الاحکام لجمعات العام
حصن حصین
الحزب الاعظم (مہینے کی ترتیب پر مکمل)
الحزب الاعظم (ہفتے کی ترتیب پر مکمل)
لسان القرآن (اول)
لسان القرآن (دوم)
لسان القرآن (سوم)
خصائل نبوی شرح شمائل ترمذی
تعلیم الاسلام (مکمل)
بہشتی زیور (تین حصے)

رنگین کارڈ کور

حیات المسلمین
تعلیم الدین
خیر الاصول فی حدیث الرسول
الحجامہ (پچھنا لگانا) (جدید ایڈیشن)
الحزب الاعظم (مہینے کی ترتیب پر) (جیبی)
الحزب الاعظم (ہفتے کی ترتیب پر) (جیبی)
مفتاح لسان القرآن (اول)
مفتاح لسان القرآن (دوم)
آداب المعاشرت
زاد السعید
جزاء الاعمال
روضۃ الادب
فضائل حج
معین الفلسفہ
معین الاصول
تیسیر المنطق

کارڈ کور / مجلد

اکرام مسلم
مفتاح لسان القرآن (اول)
مفتاح لسان القرآن (دوم)
مفتاح لسان القرآن (سوم)
فضائل اعمال
منتخب احادیث

زیر طبع

عربی کا معلم (چہارم)
صرف میر
تیسیر الابواب
معلم الحجاج
نحو میر

مفتاح لسان القرآن (سوم)
عربی زبان کا آسان قاعدہ
فارسی زبان کا آسان قاعدہ
علم الصرف (اولین)
علم الصرف (آخرین)
عربی صفوۃ المصادر
جوامع الکلم مع چہل ادعیہ مسنونہ
عربی کا معلم (اوّل)
عربی کا معلم (دوم)
عربی کا معلم (سوم)
نام حق
تاریخ اسلام
بہشتی گوہر
فوائد مکیہ
علم النحو
جمال القرآن
تسہیل المبتدی
تعلیم العقائد
سیر الصحابیات
کریما
پندنامہ
آسان اُصولِ فقہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

لسان القرآن

الجزء الثاني

المؤلفون

أساتذة مدرسة عائشة الصديقة رضي الله عنها

جلستان جوهر كراتشى باكستان

مكتبة البشرى

كراتشي - باكستان